بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ نزل احسن الحدیث

فرمایا مخبر الصادق

کتاب العمل بالسنہ

المعروف بہ

ترتیب شریف

من

الصحاح الستۃ وغیرھا من کتب الاحادیث الصحیحۃ

للتعلیم والتوزیع فی سبیل اللہ

لاطلاع والنفع

لجمیع امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

[illegible]

مرتبہ احقر برکت علی لدھیانوی

مقامِ اشاعت

دربار

صلی اللہ علیہ وسلم — علیہ الصلوٰۃ والسلام — کرم اللہ وجہہ — رضی اللہ تعالیٰ عنہ — رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مصطفویہ، خضریہ، علویہ، سعیدیہ، اویسیہ

رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ — رضی اللہ عنہ

علویہ ہجویریہ، قادریہ، صابریہ، قلندریہ، مجددیہ، غفوریہ، رحیمیہ، کریمیہ، امیریہ

اَلمقَامُ النّجَفْ الصّحا المقبُولُ المصطفینؔ

دارالاحسان

ضلع لائل پور ◎ مغربی پاکستان

سویرا آرٹ پرنٹرز لاہور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

یا قیوم

ما شاء اللّٰہ لا قوۃ الا باللّٰہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

دعوۃ و تبلیغ الاسلام

۱۔ حکم

اللہ تبارک و تعالیٰ عزّ و جلّ ذو الجلال و الاکرام نے حکم دیا، کہ :-

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ	اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونا ضرور ہے
اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ	کہ خیر کی طرف بلایا کرے اور نیک کام کرنے
بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ	کو کہا کرے اور برے کاموں سے روکا
الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ	کرے۔ اور ایسے لوگ کامیاب
الْمُفْلِحُوْنَ	ہوں گے

(آل عمران — آیۃ نمبر ۱۰۴)

یعنی اللہ رب العالمین نے ہمیں حکم دیا ہے ، کہ ہم ایک ایسی جماعت ضرور بنائیں ، جس کا کام اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو خیر کی طرف بلانا ، نیک کام کرنے کو کہنا اور برائی کے کاموں سے روکنا ہو ۔ اور ایسی جماعت میں کام کرنے والے لوگ پورے کامیاب ہوں گے ۔ اللہ رب العالمین کے دین کی

دعوت و تبلیغ

کی یہ جماعت اللہ رب العالمین کے اس حکم کے ماتحت (ہی) معرض وجود میں آئی ۔ گویا یہ جماعت اللہ کی جماعت ہے ۔ اور

اللہ ہی اپنی اس جماعت کا بانی و وارث ہے

جب تک

اللہ رب العالمین کا یہ حکم باقی رہے گا یہ جماعت (بھی) باقی رہے گی ۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز

اللہ رب العالمین کا یہ حکم ہمیشہ ہمیشہ رہے گا ۔ جب تک یہ دنیا ، یہ زمین یہ آسمان باقی رہیں گے اسی طرح اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ کی یہ جماعت بھی ہمیشہ باقی رہے گی ۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز

۲ - حوصلہ افزائی

اللہ رب العالمین نے اپنی اس جماعت کی کیا خوب حوصلہ افزائی فرمائی ۔

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

تم لوگ اچھی جماعت ہو کہ وہ جماعت لوگوں کیلئے ظاہر کیگئی ہے ۔ تم لوگ نیک کاموں کو بتلاتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہو" !

(آل عمران — آیۃ نمبر ۱۱۰)

الحمد للہ ! خود ہی اللہ رب العالمین نے

اِس جماعت کو بنانے کا حکم دیا ۔

اور خود ہی اپنی اس جماعت کی تعریف کر کے

ہماری بیحد حوصلہ افزائی فرما دی ۔ ماشاءاللہ

جس کی

اللہ خود حوصلہ افزائی فرمائے ۔ اسے پھر کسی اور کی حوصلہ افزائی کی کیا حاجت رہے ۔ یا کسی کی تنقید کی کیا پرواہ ہو ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى

جس اللہ رب العالمین نے

ہمیں اس ایک مقام پر متحد ہونے کی توفیق بخشی ہے،

اس نے خود ہی ہماری تعریف کرکے بیحد حوصلہ افزائی فرمادی:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

۳۔ حمایت

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ	اور اس سے بہتر کس کی بات ہو سکتی ہے
دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ	جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے
صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ مِنَ	اور کہے، کہ میں فرمانبرداروں
الْمُسْلِمِیْنَ	سے ہوں :

(حٰمٓ سجدہ آیۃ ۳۳)

سُبْحَانَ اللّٰہ

پھر خود ہی اپنی اس جماعت میں کام کرنے والوں کی

کیا خوب حمایت فرمائی

سبحان اللہ!

۴ - طریقِ کار

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ	آپ اپنے رب کی طرف علم کی باتوں اور
بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ	اچھی نصیحتوں کے ذریعے بلائیے اور انکے
الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ	ساتھ اچھے طریقے سے بحث
بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ط	کیجئے

(النحل - آیة ۱۲۵)

اللہ رب العالمین نے خود ہی اپنی اس جماعت میں کام کرنے والے ہر کسی کو اسکے کام کے طریقہ کی پوری رہنمائی فرما دی۔ کہ میری مخلوق کو میری طرف نہایت علم و حکمت سے بلائیے، ہر معاملہ میں ہر کسی کے ادب و احترام کو ملحوظ رکھا جائے اور کسی بھی معاملہ میں کسی کی بھی آبروریزی اور ہتک نہ کی جائے اور نہ ہی بحث و مباحثہ میں ناپسندیدہ کلمات بولے جائیں۔

جماعت کے ہر رکن کو

پوری وضاحت سے سمجھا دیا کہ میرے بندوں کو نہایت علم و حکمت، دانش و برہان اور پورے علم سے میری طرف بلائیں!

۵ - معیار

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

العمران

آیت ۳۱

آپ فرما دیجئے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو تم لوگ میرا اتباع کرو۔ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگیں گے اور تمہارے سب گناہوں کو معاف کردیں گے اور اللہ تعالیٰ بڑے معاف کرنے والے بڑی عنایت فرمانے والے ہیں۔"

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ

(البقرۃ۔ آیہ ۱۵۲)

پس تم یاد کرو مجھ کو میں تم کو یاد رکھوں گا اور میری (نعمتوں) کی شکر گذاری کرو۔ اور میری ناسپاسی مت کرو۔"

اپنی محبت کا آپ معیار مقرر فرمایا۔ اور اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی

اتباع

کو اپنی محبت ٹھہرایا ــــ الحمد للہ

۶ ۔ وعدہ

وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا ط وَ اِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ

(العنکبوت آیہ ۶۹)

اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں۔ ہم ان کو اپنے راستے ضرور دکھا دینگے اور بیشک اللہ تعالیٰ ایسے خلوص والوں کے ساتھ ہیں۔"

اور پھر

کیا خوب وعدہ فرمایا کہ

میری راہ میں مشقتیں برداشت کرنیوالے

لوگ کبھی بھی مایوس و ناامید نہ ہوں اور ہمیشہ مجھ سے امید رکھیں

اِس لیے کہ

میں اپنی راہ میں چلنے والوں اور تکالیف جھیلنے والوں کو

ضرور اپنی راہیں دکھاؤں گا!

۷۔ اِحْیاءُ الْاَعْمال

اللہ رب العالمین نے اپنے بندوں کو تاکید فرمائی۔ کہ :۔

يَاۤ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ لَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ

(سورہ محمدؐ آیہ ۳۳)

اے ایمان والو! اللہ (کے حکم) کی اطاعت کرو، اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم (کے حکم) کی اطاعت کرو، اور اپنے اعمال کو باطل (ضائع) مت کرو!

یعنی

اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے ہمیں یہ تاکید فرمائی۔ کہ کسی نیک عمل کو ایک بار اختیار کر کے پھر کسی بھی طرح اسے ترک نہ کرنا چاہیئے۔ واضح ہو۔ کہ نفل عبادات مستحب ہیں ــــ نہ فرض ہیں نہ واجب ــــ مگر جب کوئی نفل عبادت ایک بار اختیار کر لی جائے ــــ واجب الادا ہو جاتی ہے۔ پھر اُسے کسی بھی طرح ترک نہیں کرنا چاہیئے۔

ترکِ عمل ہی ابطالِ عمل ہے

کسی کا یہ خیال کرنا۔ کہ پہلے اپنے تئیں ہر قسم کے گناہوں سے پاک

کرکے ہی اللہ کے ذکر وطاعت کی طرف متوجہ ہونگے، نفس کا ایک دھوکہ ہے

اس لئے کہ

ذکرہی توگناہوں کو پاک کرتا ہے

جب تک ذکر نہیں کریں گے گناہوں سے کیونکہ پاک ہونگے!

اس کتاب العمل بالسنۃ المروت بہ ترتیب شریف کے مطابق حسب طاقت وگنجائش وقت استقلال سے کسی عمل کو اختیار کرنا فلاح دارین کا موجب ہے۔ مثلاً آپ کسی بھی طرح اپنے تئیں شیطان اور اس کے لشکر کے حربوں سے محفوظ نہیں رکھ سکتے۔ مگر آپ نے مغرب اور فجر کے وقت وہ دعا جو صفحہ ۳۷ پر مرقوم ہے ایک بار پڑھ لی۔ تو گویا آپ نے

شیطان کی تمام تدابیر

کو رد کر دیا ــــ اسی طرح اگر آپ نے سو بار سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ ــ یا تین مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھا۔ تو سمجھیں ۔ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے آپکے تمام گناہ بخش دیئے!

سو معلوم ہوا

کہ کلمات طیبات کی برکت ہی سے اللہ تعالیٰ بندے پہ

نیکی کے دروازے کھولا کرتے ہیں

اور

برائی کے دروازے بند کیا کرتے ہیں،

اور

اِن اعمال ہی کی برکت سے

اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو

نیک اعمال کی توفیق

اور

استقامت عنایت فرمایا کرتے ہیں

★

۸ - المُبَلِّغ

حجۃ الوداع کے دن جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کی ساری دنیائے اسلام کے مسلمانوں کو ایک جگہ جمع کر کے میدانِ عرفات میں ایک طویل اور الوداعی خطبہ دیا۔ اس مجمع میں ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ کرامؓ حاضر و موجود تھے۔

وہ خطبہ یہ ہے۔

يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ لَا اَرَانِيْ نَجْتَمِعُ فِيْ هٰذِهِ الْمَجْلِسِ اَبَدًا

لوگو! میں خیال کرتا ہوں۔ کہ میں اور تم پھر کبھی اس مجلس میں اکٹھے نہیں ہوں گے۔

اِنَّ دِمَآءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ

لوگو! تمہارے خون اور تمہارے مال اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر ایسی ہی حرام ہیں۔ جیسا کہ تم آج کے دن کی اس شہر کی اس مہینہ کی حرمت کرتے ہو۔

لوگو! تمہیں عنقریب اللہ کے سامنے حاضر ہونا ہے۔ اور وہ تم سے تمہارے اعمال کی

أَعْمَالِكُمْ أَلَا فَلَا تَرْجِعُوا بَعْدِي ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

بابت سوال فرمائے گا۔ خبردار! میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا۔ کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو۔

أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمَيَّ مَوْضُوعٌ وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعَةٌ

لوگو! جاہلیت کی ہر ایک بات میں اپنے قدموں کے نیچے پامال کرتا ہوں۔ اور جاہلیت کے قتلوں کے تمام جھگڑے ملیامیٹ کرتا ہوں۔

وَإِنَّ أَوَّلَ دَمٍ أَضَعُ مِنْ دِمَائِنَا دَمُ ابْنِ رَبِيعَةَ ابْنِ الْحَارِثِ كَانَ مُسْتَرْضِعًا فِي بَنِي سَعْدٍ فَقَتَلَهُ هُذَيْلٌ وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعَةٌ وَأَوَّلُ رِبًا أَضَعُ رِبَانَا رِبَا عَبَّاسِ ابْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَإِنَّهُ مَوْضُوعٌ كُلُّهُ

اور بیشک پہلا خون جو میرے خاندان کا ہے، یعنی ابن ربیعہ بن الحارث کا خون، جو بنی سعد میں دودھ پیتا تھا اور ہذیل نے مار ڈالا تھا۔ میں (اسے) چھوڑتا ہوں۔ اور جاہلیت کے زمانے کا سود ملیامیٹ کر دیا گیا ہے۔ اور اپنے خاندان کا پہلا سود جس میں مٹاتا ہوں۔ وہ عباس بن عبد المطلب کا سود ہے۔ وہ سارے کا سارا چھوڑ دیا گیا ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ فِي النِّسَاءِ

لوگو! اپنی بیویوں کے متعلق اپنے اللہ سے

فَإِنَّكُمْ أَخَذْتُمُوهُنَّ بِأَمَانِ
اللهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوجَهُنَّ
بِكَلِمَةِ اللهِ وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ
أَنْ لَا يُوطِئْنَ فُرُشَكُمْ
أَحَدًا تَكْرَهُونَهُ فَإِنْ
فَعَلْنَ ذٰلِكَ فَاضْرِبُوهُنَّ
ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَلَهُنَّ
عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ
بِالْمَعْرُوفِ

وَقَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا لَنْ
تَضِلُّوا بَعْدَهُ إِنِ اعْتَصَمْتُمْ
بِهِ كِتَابُ اللهِ

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ
لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا أُمَّةَ
بَعْدَكُمْ أَلَا فَاعْبُدُوا
رَبَّكُمْ وَصَلُّوا خَمْسَكُمْ
وَصُومُوا شَهْرَكُمْ وَأَدُّوا

ڈرتے رہو۔ کیونکہ اللہ کے نام کی ذمہ داری
سے تم نے ان کو بیوی بنایا ہے۔ اور اللہ
کے کلام سے تم نے ان کا جسم اپنے لئے حلال
بنایا ہے۔ تمہارا حق عورتوں پر اتنا ہے
کہ وہ تمہارے بستر پر کسی غیر کو کہ اس کا
آنا تمکو ناگوار ہو، نہ آنے دیں۔ لیکن اگر وہ
ایسا نہ کریں، تو ان کو ایسی مار مارو۔ جو نمودار
نہ ہو۔ اور عورتوں کا حق تم پر یہ ہے۔ کہ تم ان
کو اچھی طرح کھلاؤ اور اچھی طرح پہناؤ۔

لوگو! میں تم میں وہ چیز چھوڑ چلا ہوں کہ
اگر اُسے مضبوط پکڑ لوگے تو کبھی گمراہ نہ
ہو گے (وہ چیز) اللہ کی کتاب (قرآن مجید) ہے

لوگو! نہ تو میرے بعد کوئی پیغمبر ہے اور
نہ کوئی تمہارے بعد امت (جدید) پیدا
ہونیوالی ہے۔ خوب سُن لو۔ کہ اپنے
پروردگار کی عبادت کرو۔ اور پنجگانہ نماز
ادا کرو۔ اور (سال میں) ایک مہینہ رمضان

زَكٰوةَ اَمْوَالِكُمْ طَيِّبَةً
بِهَا اَنْفُسُكُمْ وَتَحُجُّوْنَ
بَيْتَ رَبِّكُمْ وَاَطِيْعُوْا
وُلَاةَ اَمْرِكُمْ تَدْخُلُوْا
جَنَّةَ رَبِّكُمْ

کے روزے رکھو۔ اور مالوں کی زکوٰۃ نہایت
خوشدلی کے ساتھ دیا کرو۔ اور بیت اللہ کا
حج بجالاؤ۔ اور اپنے اولیا کے امور و احکام
کی اطاعت کرو۔ (جس کی جزا یہ ہے کہ) تم
اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے

وَاَنْتُمْ تُسْئَلُوْنَ عَنِّيْ
فَمَا اَنْتُمْ قَائِلُوْنَ

لوگو! قیامت کے دن تم سے میری بابت
بھی دریافت کیا جائیگا مجھے ذرا بتاؤ کہ
تم کیا جواب دو گے؟

قَالُوْا نَشْهَدُ اَنَّكَ
قَدْ بَلَّغْتَ وَاَدَّيْتَ
وَنَصَحْتَ

سب نے کہا۔ ہم اس بات کی شہادت دیتے
ہیں۔ کہ آپ نے رسالت و نبوت کا حق
ادا کر دیا۔ آپ نے ہم کو کھرے کھوٹے کی
بات اچھی طرح بتا دیا۔

فَقَالَ بِاِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ
يَرْفَعُهَا اِلَى السَّمَآءِ وَيَنْكُتُهَا
اِلَى النَّاسِ — اَللّٰهُمَّ
اشْهَدْ، اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ
اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ

(اس وقت) نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم)
نے اپنی انگشت شہادت کو اٹھایا آسمان کی
طرف۔ انگلی کو اٹھاتے پھر لوگوں کی طرف
جھکاتے تھے (کہ) اے اللہ! سن لے۔
د تیرے بندے کیا کہتے ہیں، اے اللہ!

گواہ رہنا (کہ یہ لوگ کیا گواہی دے رہے ہیں)

اے اللہ! شاہد رہ (کہ یہ سب کیا صاف اقرار کر رہے ہیں)

أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُبَلِّغُهُ أَنْ يَكُونَ أَوْعَىٰ لَهُ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهُ

دیکھو! جو لوگ موجود ہیں وہ اُن لوگوں کو، جو موجود نہیں ہیں پہنچاتے رہو (تبلیغ کرتے رہو) ممکن ہے کہ بعض سامعین سے وہ لوگ زیادہ تر اس کلام کو یاد رکھنے اور حفاظت کرنے والے ہوں جن پر تبلیغ کی جائے

(جعفر بن محمدؒ / مسلم شریف جلد دوم صفحہ ۱۸۱ تا ۱۸۸
جابر بن عبداللہؓ / مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول صفحہ ۶۱۲ تا ۶۱۸)

حجۃ الوداع کے خطبے کا

الوداعی باب

یہ ہے ۔ کہ ۔ جو یہاں اس وقت حاضر نہیں، وہ میرے اس پیغام کو ان تک پہنچا دیں، جو اس وقت حاضر نہیں ۔ یہ

تبلیغ کا مستند

اور

ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حکم ہے۔

گویا

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا الوداعی ارشاد یہی یہ تھا کہ ان کے پیغام کو حاضرین ان تک پہنچا دیں، جو اس وقت حاضر نہیں ہیں۔ اور یہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا

الوداعی اور ابدی حکم ہے

آپ

ساری دنیا کی تاریخ کا مطالعہ کریں، تو آپ اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ جن بندوں نے بھی اللہ اور اس کے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی اطاعت کی، اور پھر ان کو دوسروں تک پہنچایا۔

حیاتِ جاوداں

پائی — اللہ نے اُن پر اپنی برکتیں بھیجیں، رحمتیں نچھاور کیں،

اور وہ دین کی دنیا میں ہمیشہ کے لئے روشنی کا مینار بنے رہے۔ ان کے کارہائے نمایاں قوموں کے لئے مشعلِ راہ بنے، اور جنہوں نے اللہ کے ذکر سے منہ موڑا، اللہ کی بھیجی ہوئی نصیحت کو نہ مانا۔ کسی حکم کی پرواہ نہ کی ــــ اللہ نے بھی پھر ان کا دنیا میں جینا تنگ کر دیا۔ زندگی دوبھر ہو گئی، اور اسی پر بس نہیں کیا ــــ فرمایا:۔

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ○ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِىْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ○ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ○

اور جس نے میرے ذکر سے منہ موڑا پس اس کے لئے تنگی کا جینا ہے اور قیامت کے دن ہم اسے اٹھائیں گے۔ اندھا۔ کہے گا، اے رب! مجھے کیوں اندھا کر کے اٹھایا۔ اور میں تو دیکھنے والا تھا۔ (اللہ) کہے گا۔ یہ اس لئے۔ کہ ہماری آیات تیرے پاس آئیں، تو نے ان کو بھلا دیا ــــ اور یہ بھلا دینے کا دن ہے۔

(سورۃ طٰہٰ ۱۲۴ تا ۱۲۶)

گویا

اللہ کی نافرمانی سے دونوں جہان برباد ہوئے۔ دنیا میں

تنگی کا جینا، اور آخرت میں اندھے ہو کر اٹھائے جانا

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ قَالَ ذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا عَابِدٌ وَّالْاٰخَرُ عَالِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِیْ عَلٰٓى اَدْنَاكُمْ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ وَاَهْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ حَتَّى النَّمْلَةَ فِیْ جُحْرِهَا وَحَتّٰى

حضرت ابی امامہ باہلی رضؓ کہتے ہیں۔ کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو شخصوں کا ذکر ہُوا۔ ایک عابد تھا اور دوسرا عالم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ عالم کو عابد پر ایسی ہی فضیلت ہے۔ جیسے میری فضیلت تم میں سب سے معمولی آدمی پر — پھر فرمایا۔ کہ اللہ تعالے اور اس کے فرشتے، آسمان والے اور زمینوں والے — حتیٰ کہ چونٹیاں اپنے بلوں میں اور مچھلیاں (پانی میں) اس پر درود بھیجتی ہیں۔ جو لوگوں کو بھلائی

الْخُوْتَ يُصَلُّوْنَ عَلٰى	کی تعلیم دیتا ہے ۔"
مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ	(یہ حدیث حسن غریب
(هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ	صحیح ہے)
غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ) سَمِعْتُ	میں نے حضرت ابو عمار رض
اَبَا عَمَّارِ الْحُسَيْنِ بْنِ	کی زبانی حضرت فضیل بن عیاض
حُرَيْثِ الْخُزَاعِيِّ يَقُوْلُ	کو کہتے سنا ۔ کہ
سَمِعْتُ الْفُضَيْلَ بْنَ عِيَاضٍ	"عالم باعمل کو ۔ جو لوگوں
يَقُوْلُ " عَالِمٌ عَامِلٌ	کو تعلیم دیتا ہے ۔ آسمان کی
مُعَلِّمٌ يُدْعٰى كَبِيْرًا فِيْ	ملکوت میں کبیر (بڑا) کہہ کر
مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ "	پکارا جاتا ہے ۔"

(ترمذی شریف جلد دوم ۔ صفحہ ۹۴)

جب سے کائنات کتم عدم سے منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی ۔ اللہ جل شانہٗ نے اپنی ربوبیت و حاکمیت کا علم بلند کرنے کے لئے انسان ہی کو اپنا خلیفہ منتخب فرمایا ۔ اور ۔ پھر دینِ اسلام کی

دعوت و تبلیغ

کی ذمہ داری ایسے قدسی نفوس کے سپرد فرمائی جنہیں ہم

انبیاء علیہم السلام

کہتے ہیں۔ ان مافوق الفطرت ہستیوں سے کبھی بھی کسی قسم کا کوئی گناہ

سرزد ہو ہی نہیں سکتا۔ اور ان کا عمل ہی اہلِ دنیا کے لئے

اسوۂ حسنہ اور حُجّت کاملہ ہے

واضح ہو کر

جتنے رسول علیہم السلام دنیا میں آنے تھے۔ آ چکے ۔ ہمارے رسول اکرم

صلی اللہ علیہ وسلم آخری رسول ۔ اور ہم آخری اُمّت ہیں!

اب قیامت تک

کسی اور رسول نے نہیں آنا!

دینِ اسلام کی دعوت وتبلیغ

کی ساری ذمّہ داری ہم پہ عائد ہوتی ہے۔ اور ہم ہی نے اس فرض کو سرانجام

دینا ہے ۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

یوں تو امتِ مسلمہ کا ہر فرد مبلّغ ہے۔ تاہم اللہ سبحانہٗ

اپنے جن بندوں کو اس دعوت کیلئے خاص کرلے۔ ان کے لئے اس سے

بڑی اور کوئی سعادت نہیں

داعی الی اللہ اور مصلح حقیقی کی سعی دو قسم پر ہے :-

اوّل : اصلاحِ نفس

دوم : اصلاحِ معاشرہ

دعوت تین امور پر مشتمل ہے :-

اوّل : امر بالمعروف

دوم : نہی عن المنکر

سوم : یادِ حق (ذکرِ الٰہی)

یعنی

جن باتوں کا حکم دیا گیا ہے۔ کریں۔ اور جن باتوں سے منع کیا گیا ہے۔ باز رہیں۔ اور ہر وقت ہر حال میں اللہ سبحانہٗ کی یاد میں مشغول رہیں۔ یہ تینوں باتیں شریعت کا لب لباب، طریقت کی اصل اور واصل الی المرام ہیں۔

معاشرہ

انسانی اجتماع کا دوسرا نام ہے۔ اس اجتماع میں افراد ایک دوسرے سے متاثر ہوتے ہیں۔ یہ انسانی فطرت کا خاصہ ہے۔ کہ جبلی طور پر وہ اثر پذیر ہے۔ لہٰذا معاشرے کا ہر فرد شعوری یا غیر شعوری طور پر اپنے ماحول پر اثر انداز ہے یا اثر پذیر — دوسرے لفظوں میں ہر فرد **داعی** بھی ہے، اور مدعو بھی — اصلاح کن بھی ہے اور اصلاح گیر بھی۔

فرد کی اِصلاح

دراصل معاشرہ کی اصلاح — اس کی تعمیر معاشرہ کی تعمیر اور اس کی تخریب معاشرہ کی تخریب ہے۔ لہٰذا فردِ معاشرہ کی اصلاح کا ضامن اور ذمہ دار ٹھہرا

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ

کشتی

صرف اتنی ہی دیر پانی کی سطح پر تیر سکتی ہے۔ جب تک کہ پانی اسکے اندر داخل نہیں ہوتا۔ جونہی اس میں پانی داخل ہوا۔ اُسے بے ڈوبا!

کشتی کی سلامتی

اس میں ہے۔ کہ اس میں ایک بوند تک پانی نہ آئے:

بعینہٖ

جو شخص اللہ کے لئے اللہ کی راہ میں نکلتا ہے۔ دھر کا کوئی حادثہ اسے کبھی کچھ نہیں کر سکتا۔ نہ ہی اسے کہیں جانے سے روک سکتا ہے۔

اللہ

ہر وقت ہر حال میں اس کے ساتھ ہوتا ہے

اور اللہ کی کوئی بھی مخلوق یہ جرأت نہیں کر سکتی۔ کہ
اللہ کی راہ میں چلنے والے مسافر کی راہ میں رکاوٹ بنے

اللہ

مالک الملک، قوی العزیز ہے اور
اُس کے حضور میں
ہر شے ذلیل و زبون ہے!

ہم ہر معاملہ میں تیری ہی طرف متوجہ ہیں:

یا رَب

ہمیں تیری کسی مخلوق سے کسی بھی قسم کی کوئی امید
نہیں۔ تیری ہر مخلوق تیری قدرت کی محتاج ہے
اور کسی بھی معاملہ میں کسی بھی قسم کی قدرت نہیں رکھتی
مگر
تیرے حکم سے ۔ فقط ۔ تیرے حکم سے

یا رب

ہم

پردیسی ہیں

مہاجر ہیں

تیرے لئے

وطن ترک کر کے تیرے حکم سے تیری اس سرزمین پر آئے

اور

تو ہی ہمارے ہر معاملہ میں ہمارا سب کچھ ہے

ہم

اپنا ہر معاملہ تیرے حوالے کرتے ہیں!

تیرے سوا

کسی اور سے ہمیں کوئی واسطہ و سروکار نہیں

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

ہر مبلّغ کے لئے لائحہ عمل

ہر وقت

آپ کے دل و دماغ میں یہ خیال جلوہ گر رہے۔ کہ آپ اللہ کے دین اسلام کے مبلّغ ہیں۔ لہٰذا آپ کے ہر

قول و فعل

میں قرآن و سنّت کی اتباع پائی جائے۔ آپ کا کوئی بھی قول اور آپ کا کوئی بھی فعل اللہ کی کتاب قرآن کریم اور سنّت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف نہ ہو۔ آپ کے ہر قول و فعل میں اخلاص راستبازی اور ہر کسی کے لئے ایک نمونہ پایا جائے۔ آپ کا

اخلاق

بلند، پسندیدہ اور — ہر جا مقبول ہو۔

آپ کی

ہر شئے فطری ہو — نہ کہ بناوٹی

اور — آپ کا ظاہر۔ باطن کے عین مطابق ہو،

ہر روز

آپ اپنی فراغت کا ایک وقت دینِ اسلام کی تبلیغ کے لئے وقف کرلیں، موجودہ مصروفیت کے دور میں۔

بہترین وقت

مغرب اور اس کے بعد ہی کا ہے!

اس سے پہلے کوئی بندہ کلیتاً فارغ نہیں ہوتا۔ اس وقت (نماز مغرب کے فوراً بعد) آپ لوگوں کو تھوڑے وقفے کے لئے روک کر قرآن اور سنّت رسول اللہؐ میں سے وہ ضروری احکام جو ہر کسی پر ہر روز لاگو ہوتے ہیں، سنائیں، اور روزمرہ زندگی کی ضروری

عبادات سکھلائیں

جس نیک کام کی لوگوں کو تعلیم دیں، اسے خود بھی کریں۔ اسی طرح جس بُری بات سے لوگوں کو منع کریں۔ اس سے خود بھی باز رہیں

یعنی

پہلے وہ نیک کام خود اختیار کریں، اور بری باتوں سے باز رہیں۔ جن کی کہ آپ نے لوگوں کو تعلیم دینی ہے۔ ورنہ جب تک آپ اپنی کہی ہوئی باتوں پر خود عمل نہیں کرتے۔ دوسرے کیونکر کرسکیں گے

عمل دین کی خاموش تبلیغ ہے

جب تک

آپ خود عمل نہیں کرتے، دوسروں کو عمل کی کیا دعوت دے سکتے ہو؟

یہ عمل روز ہو۔ باقاعدہ ہو

ہمارا قدیم مقولہ ہے۔ کہ

- گاہک آئے نہ آئے
- سودا بکے نہ بکے
- دوکان ہمیشہ کھلی رکھنی ہے
- اور۔ کبھی بند نہیں کرنی

بعینہ

کوئی سُنے نہ سُنے ۔۔۔ کوئی مانے نہ مانے

ہم نے اللہ کے بندوں کو اللہ اور اس کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغامات باقاعدہ سناتے رہنا ہے جتنے کہ موت سے ہمکنار ہوں۔ اور ۔۔۔ روز کی اس نوکری کی کسی سے بھی کوئی اجرت نہیں لینی، اور نہ ہی اس کی آڑ میں دنیا کی کوئی بھی چیز حاصل کرنی ہے ۔۔۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ!

ہر ہفتہ

ہفتہ میں ایک دن ۔ جس دن بھی آپ کو آسانی اور فراغت ہو
دینِ اسلام کی تبلیغ کے لئے وقف کریں ۔

جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار

یہ دن

اور دنوں سے زیادہ فراغت کے ہیں ۔ جمعہ کی نماز کے بعد
تقریباً ہر کوئی فارغ ہی ہوتا ہے ۔ اسی طرح ہفتہ کی شام کو
آپ ظہر یا عصر کی نماز کے بعد چل پھر کر دین کی تبلیغ کریں اور
مغرب یا عشاء تک جاری رکھیں

کوئی آپ کے اس عمل پر کچھ بھی کہے ۔ آپ کو مطلق ناگوار نہ گذرے
نہ ہی آپ کسی ایسے کہنے والے کے حق میں کوئی برا خیال دل میں لائیں ۔
جیسے کہ آپ نے اللہ کے دینِ اسلام کی تبلیغ کا عزم کیا ہے ۔ اسی طرح
روکنے والا بھی اپنی عادت سے مجبور ہے ۔ اس نے آپ کو اس راہ سے
روکنے کی جو تدبیر بھی وہ کر سکتا ہے ۔ کر لی ہے ۔ آپ اپنا کام کئے جائیں
وہ اپنا کئے جا رہا ہے ۔ اور اللہ حاضر و ناظر، سمیع و بصیر اور
علیم و خبیر ہے ۔

آپ جب اس عزم سے اللہ کی راہ میں اللہ کے لئے نکلو گے ۔

ماشاء اللہ

کبھی اکیلے نہ رہوگے

آپ کے ساتھ

بے شمار اللہ کے چیدہ بندے آپ کا ساتھ دینگے انشاء اللہ تعالیٰ

یہ ساری کتاب نصاب ہے

اس کتاب میں آپ کے لئے ہر شئے موجود ہے!

اسے پڑھیں، اس میں سے لوگوں کو حالات اور ضرورت کے مطابق تعلیم دیں۔ یہ کتاب انشاء اللہ آپ کے لئے ساری زندگی کے لئے کافی ہے۔ کسی اختلافی مسئلہ پر کسی سے بحث مباحثہ نہ کریں۔ اسلام کے فضائل و مسائل بیان کریں۔ اختلافی مسائل سے دور رہیں۔ جوں جوں بحث کرتے جاؤگے۔ اختلاف بڑھتا جائے گا۔

حتیٰ کہ

ایک دوسرے سے تعلقات قطع ہو جائیں گے۔ اللہ کرے۔ کبھی ایسا نہ ہو۔

کبھی کسی نے

بحث کر کے بھی کوئی اختلافی مسئلہ حل کیا ہے۔ اختلافات کا واحد حل محبت ہے۔ بحث نہیں۔ نہ مانو، تو کر کے دیکھو۔ دین کا کام کرنے والی کسی شخصیت اور درس گاہ کے خلاف کبھی ذرہ بھر بھی ہتک آمیز کلمات

استعمال نہ کریں — ہر سوال کے جواب میں یوں کہیں —

"جناب! جو بات آتی تھی، بتا دی، اس سے زیادہ کا بندہ کو علم نہیں!"

ہمارا مذہب اسلام ہے — اور

ہمارا عقیدہ خلفائے راشدین کا عقیدہ ہے

اس سے زیادہ ہمیں کچھ نہیں آتا — دینِ اسلام کی تبلیغ کے لئے گشت

کے دوران اگر کوئی **آپ کو**

- بُرا بھلا کہے
- گالی گلوچ دے
- دھکا دے

تو آپ

نہ جواب دیں — اور نہ بُرا منائیں — نہ دل میں لائیں بلکہ

صبرِ جمیل

کریں۔ یعنی۔ ایسا صبر۔ جیسے کہ کسی نے آپ کو کچھ کہا ہی نہیں ہوتا اس لئے۔ کہ جس اللہ کی راہ میں آپ چل رہے ہیں۔ وہ آپ کے ساتھ ہے جو وہ کہتے ہیں، سنتا ہے۔ آپ کو کسی سے پھر کیا واسطہ؟ جسے آپ نے سنانا ہے۔ وہ تو پہلے ہی سُن رہا ہے۔

موسم کے مطابق آپ کے پاس اپنے پورے کپڑے ہوں۔ اور رات

کو سونے کے لئے آپ کو کسی سے بستر مانگنے کی ضرورت نہ ہو۔ اسی طرح آپ جہاں بھی جائیں، اپنے کھانے پینے کا بندوبست ساتھ ہو۔ آپ

اللہ کے مہمان

ہیں۔ اور کسی میزبان کی غیرت یہ گوارا نہیں کرتی۔ کہ اس کا مہمان کسی دوسرے میزبان کا مہمان بنے۔ اور نہ ہی مہمان کو اپنے میزبان کے دسترخوان سے اٹھ کر کسی دوسرے میزبان کے دسترخوان پر جانا چاہیئے۔

یہ چیزیں ہمیشہ آپ کے پاس ہوں

۱۔ چنے کے بھنے ہوئے دانے

۲۔ گڑ

۳۔ ایک چھوٹی سی دیگچی، جس میں چائے اور دال پکائی جا سکے

۴۔ ایک چھوٹا سا توا، جس پر روٹی پکائی جا سکے۔

۵۔ ایک تھالی جس میں آٹا گوندھا جا سکے، اور پھر اسی تھالی میں دال ڈال کر کھائی جا سکے۔ اور یہ ایک برتن کئی آدمیوں کے لئے کافی ہو۔

۶۔ ایک کٹورہ چائے وغیرہ پینے کے لئے

۷۔ دیا سلائی۔

۸۔ موم بتیوں کا ایک بنڈل، لالٹین اور ٹارچ

۹۔ چائے کا ایک پیکٹ یا ڈبیا

۱۰ - چینی

۱۱ - آٹا } بستی میں سے خریدیں
۱۲ دال

۱۳ - تھرموس بوتل، اگر کسی کے پاس ہو - تو اس سفر کے لئے بڑی مفید ہے - ایک بار چائے بنا کر بوتل بھر لیں، سارے دن کے لئے کافی ہے -

۱۴ - چاقو - کلہاڑی - کسّی

سردی کے موسم میں کپڑے موٹے ہوں، اور کمبل ضرور ساتھ ہو - کمبل موٹا ہو - جو رضائی کا پورا کام دے سکے -

برگشت کے لئے

جب روانہ ہونے لگو، تو ترتیب شریف کے صفحہ نمبر ۱۰۳۴، ۱۰۳۵، ۱۰۳۶، ۱۰۳۷ پر جو دعائیں ہیں - پڑھو — نیز یوں کہو :-

" یا اللہ ! میں تیری خوشنودی و رضا کے لئے تیرے حکم کے ماتحت تیرے دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ کے لئے نکل رہا ہوں، اس کے سوا کسی اور دنیاوی معاملہ سے مجھے کوئی غرض و غایت نہیں، نہ ہی کوئی دلچسپی ہے - تو اپنی رحمت سے میری

راہ کو آسان فرما دے ، اور اس راہ کی تمام رکاوٹوں کو ہٹا دے

یا حیُّ یا قیّومُ

مجھے اعلیٰ درجہ کی صلاحیت بخش اور تبلیغ کے ہر معاملے میں میرا علم قلیل ۔ عقل ناقص اور کوشش ناتمام ہے ۔ تو اپنی رحیمی کریمی کے صدقے ہر معاملے میں میری پوری پوری رہنمائی فرما۔ اور میرا یہ نکلنا تجھے قبول ہو یارب !"

راستے میں

ذکرِ الٰہی کرتے جائیں ۔ اور کوئی بھی غیر ضروری اور فضول بات نہ کریں ۔ پھر جس بستی میں جانا ہو ، اس میں داخل ہوتے وقت "ترتیب شریف" صفحہ ۱۰۴۴ پہ جو دُعا ہے ۔ پڑھیں ، اور یہ بھی کہیں :-

"یا اللہ ! میں تیرے دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ کے لئے اس بستی کے لوگوں کی طرف آیا ہوں ، اِن کو ہدایت بخش ، ان کے دلوں میں دین کی محبت بھر دے ۔ ان کے دلوں کو پھیر کر اپنے دین کی طرف لا ۔ یارب ! بندوں کے دل تیرے ہی قبضۂ قدرت میں ہیں ۔ اور تو دلوں کو جیسے چاہتا ہے ، پھیرتا رہتا ہے ۔ ان سب کے دلوں کو پھیر کر اپنے دین کی طرف لا یارب ! ورنہ

جب تک تو بندوں کے دلوں کو پھیر کر دین کی طرف
نہیں لاتا۔ ہم گناہگار کمینے بندے کیونکر تیری طاعت کی
طرف آسکتے ہیں۔ ہم پہ تیری عنایت ہو، اور ہم سب تیری
طاعت و ذکر کی طرف مشغول ہوں ۔ آمین ۔یارب العلمین!

ہر سفر

کے دوران، قلیل ہو یا طویل ــــ چند ضروری باتوں کو ہمیشہ اپنا
نصب العین بنائیں ۔ اور ان کے عین مطابق سفر کریں ۔ ہر سفر میں
آپ کی جماعت اگرچہ چند احباب ہی پر مشتمل ہو

ایک امیر

مقرر کریں۔ اور پھر اس امیر کی ہر معاملہ میں پوری اطاعت کی جائے۔
اللہ رب العلمین نے فرمایا :۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ	اے ایمان والو! اللہ کی فرمانبرداری کرو
وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی	اور فرمانبرداری کرو (اس کے) رسولؐ کی اور
الْاَمْرِ مِنْکُمْ ۚ	تم میں جو لوگ اصحابِ امر (حق) ہیں۔ ان
النساء۔ آیہ ۵۹	کی بھی

حجتہ الوداع کے خطبہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللهَ وَإِنْ أُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ مُجَدَّعٌ فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا مَا أَقَامَ لَكُمْ كِتَابَ اللهِ (ترمذی شریف عربی ۲۲۳ من ام الحصین احمسیہ)

اے لوگو! اللہ سے ڈرو۔ اور اگرچہ تم پر کوئی حبشی غلام ناک کان کٹا بھی حاکم بنا دیا جائے تو اس کا کہنا مانو اور اس کی اطاعت کرو جب تک کہ وہ تمہارے لئے اللہ کی کتاب کو قائم رکھے۔

جب تک سفر ختم کر کے واپس نہیں لوٹتے امیر کی اطاعت کو واجب جانیں:

ہر ماہ

آپ ہر ماہ میں کم از کم ایک اور عموماً تین دن دین کی تبلیغ کے لئے گشت کریں۔ اپنی خدمت آپ کریں۔ حتیٰ الامکان کسی دوسرے کو اپنی خدمت کا موقع نہ دیں۔ اس کے بجائے جہاں تک ہو سکے، اپنے دوسرے ساتھیوں کی خدمت کو اپنے اوپر لازم قرار دیں۔

ہنسی مذاق ہرگز نہ کریں۔ اپنا سارا وقت اللہ کے ذکر میں گذاریں۔ اور کچھ نہ ہو، تو خاموش رہیں۔ کیونکہ طویل خاموشی بھی بڑی عبادت ہے!

سفر کے دوران آپس میں کمال محبت سے رہیں۔ ایک دوسرے سے کسی بھی بات پہ کبھی رنجیدہ نہ ہوں۔ اور نہ ہی کسی بات پہ بحث کریں۔ اپنے کسی تقویٰ پہ کوئی ناز نہ کریں ___ نہ ہی اپنے تئیں اپنے کسی ساتھی سے بہتر سمجھیں۔

اگر

اس علاقے میں تبلیغ کے لئے جانا ہے۔ جہاں کہ ریل اموٹر
کا کوئی بندوبست نہ ہو — تو باربرداری کے لئے
ایک گدھا اور خیمہ بہترین سواری ہے

عمدہ اور پسندیدہ قیام
یہ ہے کہ

بستی کے باہر خیمہ گاڑا جائے۔ اور تمام دوست اسی میں خیمہ زن رہیں
اگرچہ کوئی موسم ہو۔ اور باہر سے ایندھن اکٹھا کر کے کھانا
تیار کیا جائے۔ چائے بنائی جائے، تبلیغ کا دورہ ختم کر چکنے کے
بعد بجائے اس کے — کہ کسی کے گھر میں رہیں، اسی خیمہ میں رہیں۔
رات کی نمازیں اسی خیمہ میں آسمان تلے پڑھیں - اور آسمان کے
سایہ تلے اللہ سے دعا کی جائے۔ اللہ سے قبولیت کی پوری امید رکھیں!
اگر قیام بہت ہی عارضی ہو، تو مسجد ہی میں رات کو قیام کریں،
ہمارے یہاں دوستوں کے لئے گدھا اور خیمہ ہمیشہ ہر وقت
اس خدمت کے لئے تیار اور موجود رہتا ہے

○

ماہانہ گشت

کے لئے کپڑے دھوتے کا صابن ، مرمتی کا سامان ۔ سوئی دھاگہ ساتھ ہو '

بندہ آپ کی خدمت میں یہ ضروری ادویات پیش کرتا ہے

ان کا ہر کسی کے پاس ہونا کارآمد ہے

——— پسی ہوئی سونٹھ

——— دار چینی

——— بڑی الائچی

یہ سب ہموزن ہوں ۔ اور صبح و شام چائے کے ساتھ استعمال کا معمول رکھیں ۔

اس کے علاوہ

——— عود ہندی

——— لونگ

——— اجوائن اور

——— سونف

بھی سفر میں اپنے ہمراہ رکھیں

جس بھی بستی میں جائیں ، ساری بستی کے لئے دعائے خیر کریں !

مثلاً یوں کہیں کہ

"یا اللہ! تو اپنے لطف و کرم سے اس بستی پہ اپنی رحمت نازل کر۔ اور لوگوں کو ھدایت بخش۔!"

مقامی علماء

سے پورا پورا تعاون کریں

اُن سے کمال ادب و محبت سے پیش آئیں۔ انہیں اپنے ساتھ چلنے پہ آمادہ کریں اور ان سے فرمائش کریں کہ آپ لوگوں کے چلے جانے کے بعد وہ اپنی بستی میں تبلیغ کے اس کام کو ہمیشہ جاری رکھیں۔ انہیں

نصابِ تبلیغ

کی ایک کتاب پیش کریں

اور

دیگر خدمات کا وعدہ دیں

ھر سال

ایک ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ کے لئے اللہ کے دین اسلام کی

دعوۃ وتبلیغ

کے لئے گھر سے نکلیں — اور

پورا مہینہ

اس طرح گذاریں — جیسے کہ —

مجاھد میدانِ جہاد میں گذارا کرتا ھے۔ !

اپنے نفس کی

آسائش واستراحت کی پرواہ نہ کریں۔

اللہ کرے

یہ مجاھدہ

آپ کے نفس کی صحیح اصلاح کا موجب ہو — آمین!

یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ

دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ

کا

اجتماعی نظامِ کار

اہمیتِ اجتماع

اللہ عزّ و جلّ ذو الجلالِ والاکرام نے فرمایا :-

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا	اے ایمان والو۔ اللہ سے
اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ	ڈرتے رہو۔ اور سچوں کے
الصّٰدِقِیْنَ ○	ساتھ ہو جاؤ

(التوبہ آیت ۱۱۹)

○

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا	اے ایمان والو ! صبر کرو۔
اصْبِرُوْا وَ صَابِرُوْا وَ رَابِطُوْا	اور تھام رکھو ایک دوسرے کو اور مقابلہ
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ	کے لئے مستعد رہو۔ اور ڈرو اللہ سے
تُفْلِحُوْنَ ○	تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ :

(آل عمران اخری آیۃ)

○

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ

جماعت پر اللہ کا ہاتھ ہے۔ اور جو شخص جدا ہوا جماعت سے (تنہا) دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔

(ابن عمرؓ / مشکوٰۃ شریف بحوالہ ترمذی شریف باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ)

○

إِنَّ الشَّيْطٰنَ ذِئْبُ الْإِنْسَانِ كَذِئْبِ الْغَنَمِ يَأْخُذُ الشَّاذَّةَ وَالْقَاصِيَةَ وَالنَّاحِيَةَ وَإِيَّاكُمْ وَالشِّعَابَ وَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَالْعَامَّةِ

بے شک شیطان بھیڑیا ہے انسان کا مانند بھیڑیے بکریوں کے۔ کہ پکڑ لیتا ہے ریوڑ سے بھاگنے والی اور دور رہ جانے والی اور ایک کنارے پر ہو جانے والی بکری کو، اور بچو تم (گمراہی کی) گھاٹیوں سے۔ اور تم پر لازم ہے جماعت اور مجمع کا اختیار کرنا۔

(مشکوٰۃ شریف بحوالہ مسند احمدؒ — عن معاذ بن جبلؓ)

○

مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ

جو شخص جدا ہوا جماعت سے بالشت بھر۔ تو اس نے اسلام کا پٹہ اپنی گردن سے نکال دیا۔

(ابوذرؓ / مشکوٰۃ شریف بحوالہ مسند احمدؒ / ابوداؤدؒ / باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ)

صَلٰوۃُ الْجَمَاعَۃِ تَفْضُلُ صَلٰوۃَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ دَرَجَةً

جماعت کی نماز فضیلت والی ہے اکیلے نماز پڑھنے والے کی نسبت ستائیس درجے

(عن ابن عمرؓ / مشکوٰۃ شریف بحوالہ بخاریؒ و مسلمؒ)

ہر معاملہ میں

اللہ رب العالمین اور اس کے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

جماعت

کی تاکید فرمائی ہے۔ بے شک

جماعت اللہ کا لشکر ہے!

اور

اللہ کا لشکر ہر میدان میں فتحیاب ہُوا۔ کامران ہُوا۔ کبھی

نہ ہرا — اور کبھی نہ مرا — اور

اللہ (کا جلال، رعب، قدرت، عظمت، ہیبت، نصرت، غرضیکہ

ہر شے) جب بھی کسی نے دیکھا — لشکر ہی کے ساتھ دیکھا

اللہ کے بندوں کی جماعت

جب اللہ کی راہ میں اللہ کا ذکر کرتی ہوئی نکلتی ہے —

ماشاء اللہ

— اللہ ساتھ ہوتا ہے !

— رحمت کی گھٹائیں چھا جاتی ہیں۔!!

— نیکی کے بند دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔

— بدی کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں۔

جن لوگوں کی طرف جانا ہوتا ہے۔

اُن کے دلوں میں

— دین کی محبت بھر دی جاتی ہے — اور وہ

— پیغام کو سننے اور ماننے کے لئے تیار کر دئے جاتے ہیں

— مشکلیں حل کر دی جاتی ہیں

— سختیاں دور کر دی جاتی ہیں

— جنات و شیاطین کو بھگا دیا جاتا ہے

— دلوں میں تسکین ڈالی جاتی ہے

— وحشت دور کی جاتی ہے

— ایمان بڑھا دیا جاتا ہے

— سینوں کی سیاہی دھو دی جاتی ہے

— دلوں سے کدورت مٹا دی جاتی ہے

— نفاق سے نکال دیا جاتا ہے

— حجابات اٹھا دیئے جاتے ہیں

— دین کا صحیح فہم عطا کیا جاتا ہے

— اعتراض کی جگہ تسلیم اور تدبیر کی جگہ توکل بخش دیا جاتا ہے

——— اور ———

یہ عنایات کی حد ہے

جو اللہ اپنی راہ میں چلنے والے کو عنایت فرمایا کرتے ہیں :

اللہ کا فضل اس سے بھی کہیں وسیع ہے

اور کوئی بندہ

اللہ کے لطف و کرم کا ادراک نہیں کر سکتا

اللہ نے

کل کائنات کا نظام ازل تا ابد ارادتِ الٰہی کے مطابق
منظوم کیا ہوا ہے۔ اور وہ تنظیم کو پسند کرتا ہے

تنظیم بہترین صلاحیت ہے

جسے اللہ چاہتا ہے عنایت کر دیتا ہے:
ہر شے کی کامیابی تنظیم پر موقوف ہے

اللہ ہمیں

ہمیں اپنے دین اسلام کی تبلیغ کی تنظیم کرنے کی
استعداد مرحمت فرمائیں۔ آمین

یاحیُّ یاقیُّومُ

دینِ اسلام

ہماری سب سے بڑی ضرورت ہے!

اگر

کسی کے پاس ہر شے ہو، دین نہ ہو ——

گویا اس کے پاس کچھ بھی نہیں!

اور اگر کسی کے پاس کچھ بھی نہ ہو، دین ہو ——

گویا ہر شے ہے۔

دین ہر شے کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ لیکن

دین کی کمی کو کوئی بھی شے پورا نہیں کر سکتی؛

ہم سب کے سب دین کے محتاج ہیں۔ دین ہمارا محتاج نہیں

دین اللہ کا ہے!

اور

اللہ ہی اپنے دین کا محافظ و نگہبان ہے!

یہ ہماری خوش بختی ہے،

اگر اللہ ہمیں

اپنے دین کی خدمت پر مامور فرمائے

قرآنِ کریم اللہ کی کتاب ہے

ایک اطاعت گذار بندہ بننے کے لیے

ہر بندے کو قرآن کریم کا پڑھنا، سمجھنا اور پھر اس پر عمل کرنا

ضروری ہے

ورنہ

جب تک کسی کو احکام ہی کا پتہ نہیں، احکام کی اطاعت کیونکر کر سکتا ہے؟ عموماً اُس دلچسپی سے، جس سے کہ دوسری کتابیں پڑھی جاتی ہیں۔ قرآن نہیں پڑھا جاتا۔

قرآن کے سوا

اگر کوئی بھی اور کتاب نہ پڑھی جائے، تو گذارہ ہو سکتا ہے۔

لیکن

قرآن کے پڑھے بغیر گذارہ نہیں ہو سکتا

جہاں سے بھی آپ جائیے

طرح طرح کی کتابوں سے کتب خانے بھرے پڑے ہیں

اور ہر کوئی مطالعہ میں مصروف ہے

کیا ہی اچھا ہو

جو

اللہ کی کتاب قرآن کریم اس ذوق سے پڑھی جائے

جیسے کہ دوسری کتابیں پڑھی جاتی ہیں!

اللہ تعالےٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام

ہمیں

قرآن کریم کو پڑھنے، سمجھنے، اس پر عمل کرنے کی توفیق بخشے

"آمین"!

ہمارے دور کی سب سے بڑی کمی یہی ہے۔ کہ

ہم قرآن کو محض عبادت کے طور پہ پڑھتے ہیں

مطلب سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے کہ

اللہ نے ہمارے لئے کیا کیا حکم فرمایا ہے!

جن سورتوں کو روزانہ پڑھنے کا حکم ہے

وہ بھی

کسی حکمت پہ مبنی ہے!

بعض سورتیں

— رات کو سونے سے پہلے پڑھی جاتی ہیں

— بعض صبح کے وقت

قرآن

عرب کی مادری زبان ہے — !

وہ

رات کو جب سونے سے پہلے کوئی سورۃ پڑھ لیتے تھے،

انھیں پتہ ہوتا تھا — کہ کیا پڑھ رہے ہیں!

اِن سورتوں میں

زندگی کے اہم احکام ہوتے ہیں

تاکہ وہ احکام روز روز پڑھنے سے اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں

اور

اِن احکام کا

روزمرہ زندگی سے بڑا تعلق ہے!

ہم

صرف پڑھتے ہیں۔ ثواب تو ضرور ملتا ہے۔ لیکن

یہ پتہ نہیں چلتا ــــ کہ ــــ کیا پڑھ رہے ہیں؟

اللہ

ہمیں توفیق دے

کہ

ہم سارے قرآن کے احکام نہایت ہی سادہ

اور سلیس زبان میں آپ کو پیش کریں ــــ اور

ساری عمر اسی میں گذرے ــ!

آمین!

۹ - عقیدہ

خلفائے راشدین

حضرت امیر المومنین ابوبکر الصدیق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت امیر المومنین عمر بن الخطاب
رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت امیر المومنین عثمان بن عفان
رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت امیر المومنین علی بن ابیطالب
کرّم اللہ وجہہٗ

کا عقیدہ

صحیح، قدیم، ہر شک و شبہ سے پاک اور ہر امتی کے لئے

واجب التعمیل و تقلید ہے!

اور

صحیح عقیدہ ہی صحیح راستہ اور صحیح راستہ ہی مسافر کو

منزل مقصود تک پہنچانے کا ضامن ہوتا ہے!

نیز

جملہ مشائخ کرام سے مشل

حضرت پیرانِ پیر، غوث الاعظم، قطب ربانی، غوثِ صمدانی ——

محبوب سبحانی، میران محی الدین، شیخ

عبد القادر جیلانی

قدس سرہ العزیز

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ غریب نواز

معین الحق والدین

سید حسن سنجری

ثم اجمیری، ولی الہند قدس سرہ العزیز

*

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس سرہ العزیز

*

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ العزیز

اور

جملہ مشائخ کرام اسی عقیدہ کے عقیدتمند اور پابند چلے آئے ہیں

اور ہم بھی ہیں۔ اور ہمیشہ رہیں گے

ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ۔ یاحی یاقیوم

واضح ہو، کہ

عالمگیر تبلیغ الاسلام کے لئے	اِتحاد
اتحاد بین المسلمین کے لئے	محبّت
محبّت کے لئے	مساوات
مساوات کے لئے	اخلاق
اخلاق کے لئے	اپنی نفی

اور

نفی کے لئے پورے کے پورے اسلام میں داخل ہونا لازم و ملزوم ہے

یا

دوسرے لفظوں میں

جب تک کوئی اپنے تئیں اللہ اور اس کے رسولِ مقبول روحی فداہُ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے نہیں کر دیتا، پکا اور سچا دیندار نہیں بن سکتا ـــــ اور مومن ہی اپنی نفی کے مفہوم کو پا سکتا ہے:

مومن کی نفی ہی میں

مومن کی معراج ہے

جب تک وہ اپنی نفی نہیں کرتا۔ اور "میں" کی بجائے "تُو" کو نہیں اپناتا ـــ اسلامی اخلاق کو نہیں پاسکتا جب تک کوئی اسلامی اخلاق سے آراستہ نہیں ہوتا ـــ مساواتِ اسلامی کی حقیقت سے بہرہ ور نہیں ہوتا۔

اور

جب تک مساوات کے راز کو نہیں پاتا۔ محبت کے مقام کو نہیں پاسکتا۔ اور محبت اتحاد کی جان اور اتحاد تبلیغ کا بنیادی ستون ہے

بزرگانِ دین

بے شک ذاتیات سے پاک اور ان تمام صفات سے متصف ہؤا کرتے تھے۔ ہم ان کے نام نہاد قائمقام تو ہیں، لیکن ان کی سی ایک بھی صفت ہم میں نہیں!

دین کے جن شہسواروں کے ہم جانشین ہیں۔

وہ دین کے لئے بڑی بڑی مصیبتیں جھیلا کرتے تھے۔ اور

ہم دین کی آڑ میں عیش کرتے ہیں۔

وہ اللہ کے لئے جیتے تھے

ہم دنیا کے لئے۔

وہ دین کے سیارے

ہم ثابت

وہ جو کہتے تھے۔ کرتے تھے

ہم کہتے ہیں، کرتے نہیں

وہ سب کچھ ہو کر بھی کچھ نہ بنتے تھے

ہم کچھ بھی نہیں، اور سب کچھ بنتے ہیں

وہ دیندار ہو کر معزز تھے، مکرم تھے — اور

ہم رسوائے زمانہ!

وہ آپس میں متحد

ہم متحارب

وہ بوریا نشیں

ہم مسند نشین

اُن بوریا نشینوں کی ہیبت سے بحر و بر لرزاں و ترساں

ہم۔ توبہ توبہ اپنے ہی خناس سے ڈر ڈر کر اٹھا کرتے ہیں

وہ ایک اللہ کو رب مان کر ماسوا سے بے نیاز

ہم در در کے گدا

وہ کریم تھے	ہم سائل
وہ غنی تھے	ہم محتاج

انہیں جینا آتا تھا اور مرنا

ہمیں کچھ بھی نہیں آتا ۔۔۔ نہ جینا آتا ہے نہ مرنا

وہ جس میدان میں جاتے تھے، ڈٹ جاتے اور بازی لیجاتے تھے

ہم تیری عزت و عظمت والی بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام

میں یہ دعا کرتے ہیں کہ

تو پھر سے ہمیں یہ ہمت یہ قوت، یہ ہیبت عنایت

فرما! یارب! ۔۔۔ اسی میں ہماری اور تیرے دین کی

شان ہے۔ تو ہمیں ہدایت بخش ۔۔۔ کامل ہدایت!

یا حیّ یا قیوم

آمین

پانچ بنائے شریعت اسلام

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ	بنیاد رکھی گئی اسلام کی اوپر پانچ
شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا	چیزوں کے، گواہی دینا۔ کہ نہیں کوئی
اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ	معبود سوائے اللہ کے اور تحقیق (حضرت)
وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ	محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور رسول
وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ	ہیں اور نماز کا قائم کرنا اور زکوٰۃ ادا کرنا
وَصَوْمِ رَمَضَانَ	اور حج کرنا اور (ماہ) رمضان کے روزے
(ابن عمرؓ / بخاریؒ و مسلمؒ)	رکھنا ۔

(مشکوٰۃ شریف کتاب الایمان)

شریعتِ اسلام کے ان پانچ بناؤں کا ہر مسلمان مرد و عورت کو جاننا

ضروری ہے :-

کلمۂ طیّب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ	نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے (حضرت)

رَّسُوْلُ اللهِ۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

○

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ یعنی اللہ رب العالمین کے سوا کوئی دوسرا معبود نہیں، جو کہ عبادت کے لائق ہو، یا جس کی عبادت کی جائے۔ ہر قسم کی عبادت جلی ہو یا خفی —— اللہ ہی کے لئے لائق و سزاوار ہے، اور اللہ کے سوا کسی اور کی کسی بھی قسم کی عبادت ہرگز نہ کی جائے

اور

حضرت مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ تبارک و تعالےٰ کے رسول ہیں۔ یعنی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ رب العالمین کے حبیب اچھے نبی، سب رسولوں کے سردار اور قیامت تک کے لئے آخری اور کل کائنات کے رسول ہیں۔ اب کسی اور رسول نے قیامت تک نہیں آنا، اور نہ ہی کوئی اور حکم آنا ہے۔ جو احکام اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لئے دینے تھے دیئے جا چکے۔ اور ان سب احکام کو لانے والے ہمارے حضرت مُحَمَّد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں اللہ رب العالمین نے قیامت تک کے لئے اپنے تمام احکام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے ہمیں پہنچا دیئے ہیں۔ اب ہمارا کام دیئے ہوئے احکام کی پیروی کرنا ہے اور بس! —— کسی حکم میں کسی بھی قسم

کاردو بدل نہیں کرنا — ہر حکم سادہ، عام فہم اور ہر کسی کے عمل کے لئے آسان ہے۔ دین میں جتنے بھی دقائق و معانی آج پائے جاتے ہیں۔ وہ سب ہمارے اپنے پیدا کردہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں سیدھے سادے احکام بھیجے تھے۔ ان پہ تو ہم چل نہ سکے۔ ان کے علاوہ حقیقت و معرفت کی ایسی پیچیدگیوں میں الجھے۔ جن کا اللہ تعالیٰ نے کبھی حکم نہیں دیا۔ اور نہ ہی بندہ ان کا مکلف ہو سکتا ہے۔

فرمایا اللہ رب العالمین نے :-

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ — "دین میں زبردستی نہیں"

(البقرہ آیہ ۲۵۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ وَلَنْ يُّشَادَّ الدِّيْنَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهٗ فَسَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا وَاَبْشِرُوْا وَاسْتَعِيْنُوْا بِالْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَيْءٍ مِّنَ الدُّلْجَةِ

بیشک دین آسان ہے اور ہرگز تعمق نہیں کرتا کوئی دین میں۔ اعمال شاقہ کے کرنے اور اعمال سہلہ کے ترک کے سبب — مگر وہ شخص عاجز اور مغلوب ہو جاتا ہے۔ پس درست کو (قول و فعل میں) اختیار کرو اور (ایک دوسرے کے) قریب ہو جاؤ اور خوشخبری و بشارت دو (نیک اعمال پر ثواب جزیل کی)، اور مدد حاصل

کرو (دوام عبادت سے) صبح وشام اور رات کے کچھ حصے سے۔ یعنی
تہجد و نوافل کی ادائیگی کے ذریعہ سے۔"

(ابوہریرہؓ / بخاری شریف جلد اوّل (عربی) کتاب الایمان ص۱۰)

○

الصّلوٰۃ
نماز

اللہ رب العالمین نے فرمایا:۔

وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَ ارْکَعُوْا مَعَ الرّٰکِعِیْنَ

اور قائم کرو نماز کو اور دو زکوٰۃ اور رکوع کرو ساتھ رکوع کرنیوالوں کے۔"

(البقرہ آیہ ۴۳)

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْکَرِ ط

بے شک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے

(العنکبوت آیہ ۴۵)

○

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :۔

أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الصَّلٰوةُ يُنْظَرُ فِي صَلٰوتِهٖ فَإِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ وَإِنْ فَسَدَتْ خَابَ وَخَسِرَ

"سب سے اول قیامت کے دن بندے سے نماز کا حساب ہوگا۔ اس کی نماز کو دیکھا جائے گا۔ اگر درست ہوگی تو فلاح پا جائے گا۔ اور اگر فاسد اور خراب ہوگی تو ناکام و خسارے والا ہوگا"

(انسؓ / الترغیب والترہیب جلد اول صفحہ ۲۴۶ شمار ۳۲)

مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلٰوةُ

"جنت کی کنجی نماز ہے"

(جابر بن عبد اللہ / الترغیب والترہیب جلد اول صفحہ ۲۴۵ شمار ۳۰)

اَلصَّلٰوةُ قُرْبَانُ كُلِّ تَقِيٍّ

"نماز پرہیزگار کے لئے ذریعہ قرب (الٰہی) ہے"

(علیؓ / کنز العمال جلد ۴ صفحہ ۶۳ شمار ۱۲۳۴)

اَلصَّلٰوةُ نُوْرُ الْمُؤْمِنِ

"نماز مومن کا نور ہے"

(انسؓ / کنز العمال جلد چہارم صفحہ ۶۳ شمار ۱۲۳۲)

اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّيْنِ

"نماز دین کا (اہم ترین) ستون ہے اور

فَمَنْ اَقَامَهَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّيْنَ وَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ هَدَمَ الدِّيْنَ

جس شخص نے اس کو قائم کیا اس نے دین کو قائم کر لیا اور جس نے اس کو چھوڑ دیا اس نے دین کو گرا دیا۔"

(عمرؓ / منیۃ المصلی (عربی) صفحہ ۴)

نماز پنجگانہ

اِنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَى الْعِبَادِ خَمْسَ صَلَوٰةٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّ لَيْلَةٍ "

"اللہ تعالیٰ نے روزانہ پانچ وقت کی نماز ہر مسلمان مرد و عورت (عاقل بالغ) پر فرض کی ہے۔"

(عائشہؓ / کنز العمال جلد چہارم ص ۶۲۔ شمار ۱۱۹۹)

نماز پنجگانہ روزانہ باقاعدگی سے باجماعت ادا کی جائے

ملکی تعزیرات میں ایک حکم ایک بار دیا جاتا ہے۔ اور بادشاہ کی شان ہے۔ کہ اس کے ایک بار دئے ہوئے حکم کی پوری تعمیل ہو۔ اور اس کے کسی حکم کو دہرانا ضروری نہیں ہوتا

لیکن

بادشاہوں کے بادشاہ، اللہ رب العالمین نے اپنے نماز کے حکم کو بار بار

اور کئی سو بار دہرایا۔ کہ :-

نماز قائم کرو

—— مفہوم ہُواکہ ——

نماز دین کا اہم ترین رکن ہے

اور اس حکم کا بار بار دہرانا اس کی اہمیت کا واضح ثبوت ہے —— اللہ رب العالمین نے اس حکم کو بار بار دھرایا۔ تاکہ اس سے کسی بھی حال میں لاپرواہی نہ برتی جائے ۔ ورنہ ایک بار کہہ دینا بھی کافی تھا۔ چونکہ نماز دین کا اہم ترین رکن ہے۔ اس کی طرف توجہ دلانا ضروری تھا۔ لہٰذا تکرار پہ تکرار کیا گیا

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلٰوةِ ”میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔“

(انس رض مشکوٰۃ شریف باب فضل الفقراء بحوالہ مسند احمدؒ و نسائی)

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

”عمرو بن شعیبؒ اپنے والدؒ سے اور وہ اپنے والدؒ سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ مُرُوْا اَوْلَادَكُمْ بِالصَّلٰوةِ وَهُمْ اَبْنَآءُ سَبْعِ سِنِيْنَ وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا وَهُمْ اَبْنَآءُ عَشْرِ سِنِيْنَ وَفَرِّقُوْا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ

جب تمہارے بچے سات سال کے ہو جائیں تو ان کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب دس سال کے ہو جائیں (اور نماز نہ پڑھیں) تو ان کو مار مار کر نماز پڑھاؤ اور علیحدہ کر دو۔ ان کے سونے کی جگہ (یعنی انکو تنہا سلاؤ)

(ابوداؤد/مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۱۳۸۔ شمار ۵۲)

اس حدیث سے بھی

نماز کی اہمیت

کس قدر واضح ہے۔ کہ بچے کی عمر جب سات سال کی ہو جائے۔ تو اسے نماز کی تلقین شروع کرو۔ اور دس سال کی عمر میں باقاعدگی سے نماز پڑھے گھر کا جو فرد نماز نہ پڑھے، اسے پیٹا جائے۔ لیکن آج تک کبھی کہیں ایسا نہیں ہوا۔ کہ کسی نے اپنے گھر کے کسی فرد کو محض اس لئے مارا ہو۔ کہ اس نے نماز نہیں پڑھی ـــــ مارنا پیٹنا تو درکنار، کسی نے اس بارے میں اُف تک نہ کی، نہ ہی تلقین کی ـــــ نمازی نماز پڑھ کر گھر آتا ہے گھر کے کسی فرد نے کوئی نماز نہیں پڑھی ہوتی۔ نہ بیوی نے اور نہ بچوں نے،

نمازی کو یہ علم ہوتا ہے۔ کہ اس کے سوا اس کے گھر میں سے کسی اور نے نماز نہیں پڑھی، وہ کسی کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کرتا۔

نمازی کا حق ہے۔

- خود نماز پڑھے۔
- اپنے گھر والوں کو نماز کی تلقین کرے۔ تاکید کرے، اور
- باقاعدہ پڑھنے پر مجبور کرے

یہ سلسلہ

اپنے گھر کے افراد تک ہی محدود نہ ہو — ہر کسی تک پھیلے۔

اگر ایسا ہو۔ انشاءاللہ اثر ہو !

جب آپ

نماز پڑھنے مسجد کو جائیں، تو راستے میں جتنے آدمی ملیں ان سب سے ادب و محبت سے کہیں۔ کہ "چلئے جناب ! نماز پڑھنے چلیں" — سب نہیں، تو ایک دو تو ضرور ہی آپ کے ساتھ مسجد کو ہو لیں گے۔ اِس طرح جب بھی آپ فرض نماز کے لئے مسجد کی طرف جایا کریں، راستے میں مسلمانوں کو نماز کی دعوت دیتے جایا کریں۔ اور یہ دعوت باوقار ہو۔ رسمی نہ ہو ہر کسی کو ادب و احترام سے دعوت دیں۔ مثلاً یوں کہیں :-

"السّلامُ علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ !

کہیئے بھائی صاحب! مزاج تو اچھے ہیں ! آج کل کیا حال ہے ؟

چلئے ذرا مسجد کی طرف ہو آئیں، اللہ تعالٰی کے حضور حاضری دے

آئیں، پھر آکر ذرا بیٹھتے ہیں! وغیرہ۔"

اس طرح کی تحریک عام ہو

اسی طرح

اپنے گھر میں تو یہ مہم بہت ہی تیز کی جائے۔ جب بھی نماز کا وقت آجائے ہر کسی کو نماز کے لئے تیاری کا حکم دیا جائے۔ اور گھر میں تو یہ کام اگر سختی سے بھی کیا جائے۔ تو ممکن ہے۔ اس کے لئے چند اقدام اٹھائے جائیں۔ مثلاً اگر کسی کی بیوی نماز نہیں پڑھتی۔ تو یہ ڈرا دیا جائے۔ کہ اگر اس نے نماز نہ پڑھی، تو وہ اس کا پکایا ہوا کھانا نہیں کھائے گا۔ اگر بیوی نمازی ہو۔ میاں نمازی نہ ہو۔ تو میاں سے یہ کہا جائے۔ کہ اگر وہ نماز نہیں پڑھیں گے۔ تو وہ ان کے لئے کھانا تیار نہیں کرے گی۔ اسی طرح گھر کے دیگر افراد کے لئے بھی مناسب اقدام اٹھائے جائیں۔ تاکہ ہر کوئی شوق یا خوف سے نماز پڑھے۔

نمازوں کے ادا کرنے میں چند منٹ صرف ہوتے ہیں۔ نماز کی عظمت اسی میں ہے۔ کہ اس وقت دنیاوی کاروبار بند کر دئے جائیں۔ اور محض اس

لئے۔ کہ یہ وقت نماز کا ہے۔ اس وقت کام کرنا نماز کی شان کے منافی ہے۔ اگر کوئی ایسا کرے سبحان اللہ ۔ اللہ کی رحمت برسے۔

کام بھی کسی نے کبھی ختم کئے ہیں۔ یا کسی سے ختم ہوئے ہیں ——

عموماً بندہ یہ عذر پیش کرنے کا عادی ہے

کہ

بس اس ضروری کام سے نپٹ لوں، پھر فارغ ہو کر نماز شروع کرونگا

یا

موسمی فصلوں کے بونے اور کاٹنے کے دنوں میں زمیندار کام کی زیادتی کا بہانہ بناتا ہے۔ کہ بس! دس دن کا کام ہے۔ جونہی یہ کام ختم ہوا۔ نماز شروع کر دے گا — لیکن ایسا عذر پیش کرنے والوں کو کبھی فراغت نہیں ملی۔ کہ وہ نماز شروع کر سکیں۔ اسی بہانہ سازی اور دنیاوی خواہشات کی تکمیل میں عمر کٹ جاتی ہے۔ ایک کام ابھی پورا نہیں ہوتا۔ کہ دوسرا اس سے بھی زیادہ مصروف کن کام شروع ہو جاتا ہے۔ حتیٰ کہ موت آجاتی ہے۔

اور اس وقت بھی غافل پکار کر اللہ تعالےٰ سے سوال کرتا ہے :-

فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَآ أَخَّرْتَنِيٓ إِلَىٰٓ أَجَلٍ قَرِيبٍ ۙ

(اے اللہ!) میری موت کو تھوڑے اور وقفے کیلئے کیوں نہ مؤخر کر دیا۔"

(المنافقون آیہ ۱۰)

غور فرمائیں

۔۔۔کبھی کوئی ایسا دن نہیں چڑھا۔ کہ دنیا میں بسنے والے تمام کے تمام مسلمانوں نے کسی ایک وقت کی نماز ادا کی ہو۔ حالانکہ ہر مسلمان کے لئے روزانہ پانچ وقت نماز پڑھنے کا حکم ہے۔ عوام کے ذہنوں میں نماز کا مقام ایک فرض کفایہ کی طرح محسوس ہونے لگا ہے۔ کہ گھر تو در کنار۔ اگر محلہ کے کسی ایک آدمی نے نماز پڑھ لی۔ گویا پورے محلہ سے فرض ادا ہوا

حالانکہ

ہر مرد و عورت کو ہر روز بلا ناغہ پانچ بار مقررہ اوقات پہ نماز پڑھنا فرض ہے اور اس کی طرف بہت کم توجہ دی گئی۔ اگر کسی نے کسی کو نماز کی تلقین بھی کی۔ تو ایک روائتی طرز اختیار کی۔ کہ "بھئی نماز پڑھا کرو"۔ آج مسلمان کو نماز کی طرف راغب کرنے کے لئے اتنا کافی نہیں، کہ نماز پڑھا کرو۔۔۔ جس طرح کسی مرض کے علاج کے لئے محض یہ کہہ دینا۔ کہ "اسے اس مرض سے شفا ہو"۔ کافی نہیں۔۔۔ دوا کھانا اور پرہیز کرنا بھی ضروری ہے۔ اسی طرح مسلمان کو نمازی بنانے کے لئے کسی نمازی کا اس کے پیچھے ہونا ضروری ہے۔ جو اسے ہر وقت ترغیب و ترہیب سے نمازی بنانے کی کوشش کرتا رہے۔ ترک صلوٰۃ کے عذاب سے ڈراتا اور اقامت الصلوٰۃ کے فضائل کی خوشخبری سناتا رہے۔

اس جماعت کے ہر رکن کا یہ سب سے

ضروری کام

ہے۔ کہ جس بستی، محلے، قصبے میں رہے، وہاں سب کو نمازی
بنانے میں کوشاں رہے۔ اگرچہ ھدایت اللہ کی طرف سے ہے
پھر بھی وہ اپنے تئیں اللہ ہی کی طرف سے مقرر کیا ہوا خدائی
نمائندہ سمجھ کر جس بھی حکمت سے ممکن ہو، مسلمانوں کو نمازی بنانے
کی کوشش کرے، اور جب تک وہ نمازی نہ بن جائیں، انکے پیچھے
اس طرح لگا رہے۔ جیسے کہ محتسب، مفرور کے پیچھے
لگا رہتا ہے۔ یا حیُّ یا قیومُ!

یہ پانچ نمازیں فرض ہیں۔ یعنی
فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء

ان کے علاوہ بہت سی

نفل نمازیں

بھی ہیں۔ مثلاً

تہجد، اشراق، چاشت، زوال اور اوابین

تہجد

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :۔

عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ وَهُوَ قُرْبَةٌ لَكُمْ إِلٰى رَبِّكُمْ وَمُكَفِّرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ وَمَنْهَاةٌ عَنِ الْإِثْمِ

لازم کرو تم اپنے آپ پر رات کے قیام (یعنی تہجد کی نماز پڑھنے) کو یہ طریقہ ان نیک لوگوں کا ہے، جو تم سے پہلے تھے اور رات کا قیام تمہارے اللہ تعالیٰ سے نزدیکی کا سبب ہے گناہوں کا کفارہ ہے اور گناہوں سے روکنے والا ہے۔

ابو امامہؓ ۔ ترمذیؒ

(مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول ص ۲۷۸ شمار ۱۱۵۹)

○

اشراق

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :۔

مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

جس شخص نے صبح کی نماز جماعت سے پڑھی اور وہ سورج نکلنے تک بیٹھا ہوا اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر کرتا رہا اور سورج نکلنے پر اس

ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ	نے دو رکعت پڑھی، تو اس کو ایک حج اور
لَهُ كَأَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ	ایک عمرہ کا ثواب ملیگا۔ راوی کا بیان ہے
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ	کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	کے بعد فرمایا۔ ثواب پورے حج اور عمرہ کا
تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ	پورے حج اور عمرہ کا، پورے حج اور عمرہ کا۔

(انسؓ / ترمذیؒ / مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول صفحہ ۲۱۲ شمار ۹۰۹)

○

عَنِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَ	اللہ تبارک و تعالےٰ عزوجل ذوالجلال
تَعَالٰى اَنَّهُ قَالَ يَا ابْنَ	والاکرام کہتا ہے۔ کہ اے بیٹے آدم
اٰدَمَ ارْكَعْ لِيْ اَرْبَعَ	کے۔ پڑھ تو میرے لئے چار رکعتیں
رَكَعَاتٍ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ	شروع دن میں، کفایت کروں گا میں تجھ
اَكْفِكَ اٰخِرَهٗ	کو آخر دن تک '

ابوالدرداءؓ / ابوذرؓ / ترمذیؒ / ابوداؤدؒ / دارمیؒ

(مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول ص ۲۹۸ شمار ۱۲۳۸)

○

چاشت

مَنْ حَافَظَ عَلٰى شُفْعَةِ الضُّحٰى	جس شخص نے چاشت کی دو رکعت کی حفاظت

غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُهٗ وَاِنْ	کی اللہ سبحانہٗ اس کے گناہ بخش دے گا
كَانَ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ	اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۹۶ شمار ۴۲۲ - عن ابوہریرہؓ)

○

مَنْ صَلَّى الضُّحٰى ثِنْتَيْ	جو شخص چاشت کے وقت بارہ
عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهٗ	رکعتیں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت
قَصْرًا مِنْ ذَهَبٍ فِي	میں سونے کا محل بناتا ہے
الْجَنَّةِ	انسؓ / ترمذیؒ / ابن ماجہؒ

(مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول صفحہ ۲۹۸ شمار ۱۲۳۰)

○

زوال

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَائِبٍ	حضرت عبد اللہ بن سائبؓ کہتے ہیں۔ کہ
قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى	جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زوالِ
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ	آفتاب کے بعد ظہر سے پہلے چار رکعتیں
اَرْبَعًا بَعْدَ اَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ	پڑھا کرتے تھے۔ اور فرماتے تھے۔ کہ
قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَالَ اِنَّهَا	یہ وقت ہے۔ جس میں آسمان کے

سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا اَبْوَابُ السَّمَآءِ فَاُحِبُّ اَنْ يَّصْعَدَ لِي فِيهَا عَمَلٌ صَالِحٌ

دروازے کھول دئے جاتے ہیں اور میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ میرا کوئی عمل صالح اس وقت آسمان پر جائے۔

(ترمذیؒ۔ مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول صفحہ ۲۶۲ شمارہ ۱۱۰۱)

○

اوّابین

مَنْ صَلّٰى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكَعَاتٍ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِيمَا بَيْنَهُنَّ بِسُوْءٍ عُدِلْنَ لَهٗ بِعِبَادَةِ ثِنْتَيْ عَشَرَةَ سَنَةً

جو شخص مغرب کے بعد چھ رکعت نماز پڑھے اور ان کے درمیان کوئی بری بات زبان سے نہ نکالے تو اس کو بارہ برس کی عبادت کا ثواب ملتا ہے (ترمذیؒ نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

(ابو ہریرہؓ۔ مشکوٰۃ شریف جلد اول مترجم صفحہ ۲۶۳ شمار ۱۱۰۵)

○

زکوٰۃ

نماز کے بعد زکوٰۃ کا حکم ہے۔ اپنے مال کی باقاعدہ زکوٰۃ نکالو، جس طرح نماز کی بابت بار بار حکم دیا گیا ہے، اسی طرح زکوٰۃ کی بابت بھی اللہ نے بار بار دھرایا ہے۔ اٹھائیس بار تو نماز کے ساتھ اس کی تاکید فرمائی ہے۔ جب تک زکوٰۃ ادا نہ کی جائے۔ نماز قبول نہیں ہوتی۔ اور جب تک نماز نہ پڑھی جائے۔ کوئی بھی نیک عمل اللہ کی بارگاہ میں قبولیت نہیں پاتا۔ اگر سب صاحبِ نصاب اپنے مال کی پوری زکوٰۃ نکالیں۔ اموال آفات و بلیات سے محفوظ رہیں اور برکت ہو۔ نیز کسی بستی میں کوئی بھی مسلمان مفلوک الحال نہ رہے۔ ایک بستی کی زکوٰۃ بستی ہی کے حاجتمندوں میں تقسیم کی جائے۔ اور یہ انہیں کا حق ہے۔

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :۔

اَلزَّکٰوۃُ قَنْطَرَۃُ الْاِسْلَامِ ‏ "زکوٰۃ اسلام کا پل ہے"

(ابی الدرداءؓ / الترغیب والترہیب جلد ۱ صفحہ ۵۱۰ شمار ۶)

اِنَّ اللّٰہَ افْتَرَضَ عَلَیْھِمْ صَدَقَۃً فِیْ اَمْوَالِھِمْ ‏ بے شک اللہ نے فرض کیا ہے ان (مسلمانوں) پر صدقہ (زکوٰۃ) ان کے مالوں میں سے

تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَآئِهِمْ وَ جو دولت مندوں سے لیا جائے اور
فَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَآئِهِمْ حاجتمندوں کو دیا جائے۔

(ابن عباسؓ/ابن ماجہ عربی ــ صفحہ ۱۲۹/۱۲۸)

اور یہ پل اللہ کی غریب مخلوق کے لئے مخصوص ہو۔ زکوٰۃ پردے میں دی جائے۔ محتاج کو دی جائے۔ حقدار کو دی جائے۔ اور پھر اس سے کسی بھی قسم کی مشقت نہ لی جائے۔ اور نہ ہی احسان جتلایا جائے۔ بہترین طریق یہ ہے کہ رات کو دی جائے۔ اگر محتاج اپنی برادری یا اعزا میں سے ہے۔ تو ایسی صورت میں زکوٰۃ کسی غیر کے ذریعہ سے دی جائے۔ تاکہ اُسے پتہ نہ چلے۔ اور وہ سبکی محسوس نہ کرے۔ اور اس اجنبی کو تاکید کی جائے۔ کہ لینے والے کو دینے والے کا نام نہ بتائے۔ یہ عمل اللہ تعالیٰ کو بیحد پسند ہے۔

زکوٰۃ کا مال

ایک ہی دفعہ یعنی ہفتہ عشرہ ہی میں حاجت مندوں میں تقسیم کیا جائے۔ نہ کہ آہستہ آہستہ اور تر سا تر سا کر۔ سو آدمیوں میں ایک ایک روپیہ تقسیم کرنیکی بجائے اس انداز سے تقسیم کریں اگر کسی کی کوئی حاجت پوری ہو سکے۔ یا قرضہ وغیرہ ادا ہو سکے۔ یا کسی ایسے ادارے کو بھیجی جائے۔ جہاں سے تعلیماتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دھارے پھوٹتے ہوں۔ یعنی فرزندانِ اسلام اسلامی تعلیم حاصل

کرنے کے بعد ملک کے کونے کونے میں پہنچ کر اسلامی شمع روشن کریں۔
اور ارشاداتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ضیا پاشیوں سے تمام دنیا پھر
سے ایک بار جگمگ جگمگ کر اٹھے۔ زکوٰۃ کی بروقت اور صحیح ادائیگی
ملک، بستی اور شہر سے افلاس و ادبار کی تمام نحوستوں کو یکبار نکال دیگی۔
اللہ تعالیٰ ہر مسلمان مرد اور مسلمان عورت کو ادائیگیٔ زکوٰۃ کی توفیق
عطا فرمائے۔ زکوٰۃ دیتے ہوئے اسے ایک خاص قسم کی مسرت و شادمانی
حاصل ہو۔ اور وہ سمجھے۔ کہ میں نے اپنا فریضہ ادا کر دیا ہے۔ اس
طرح اللہ تعالیٰ اس کے جان و مال میں وافر برکت عطا فرمائے۔

(آمین)

جو مسلمان زکوٰۃ تو دیتے ہیں، لیکن پوری نہیں دیتے۔ مثلاً پورے مال کی زکوٰۃ
کا جتنا حکم ہے اتنا نہیں دیتے۔ یعنی کسی کی زکوٰۃ کا ہزار روپیہ بنتا ہے۔ وہ سو پچاس
دیکر خیال کرتا ہے۔ کہ زکوٰۃ کی ادائیگی سے فارغ ہو گیا ہے۔ ہرگز فارغ نہیں ہوا
اپنے مال کی صحیح آمد کی پوری زکوٰۃ دیکر ہی فارغ ہو سکتا ہے جو زکوٰۃ کا روپیہ
نکال کر ایک طرف رکھ لیتے ہیں۔ اور سارا سال اس میں سے تھوڑا تھوڑا کر کے
سائلوں کو دیتے رہتے ہیں۔ وہ قطعی صحیح نہیں ہے۔ زکوٰۃ ایک ہی دفعہ دی جائے۔
اور پھر زکوٰۃ کا کوئی بھی روپیہ اپنے پاس نہ رکھا جائے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

زکوٰۃ

ہر مسلمان عاقل، بالغ، آزاد، مالک نصاب پر فرض ہے۔ جبکہ اس مال پر ایک سال گذر چکا ہو۔ نیز ـــ قرض نے اس مال کو نہ گھیر رکھا ہو۔

اموالِ زکوٰۃ

کی اقسام اور ادائیگیٔ زکوٰۃ کے لئے ہر نوع کے نصاب اور مسائل کی تفصیل خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادی ہے جو کتبِ حدیث میں موجود ہے۔ اور کتبِ فقہ میں مزید تفصیلات کے ساتھ مسائل کو واضح کر دیا گیا ہے۔

اموالِ زکوٰۃ کی تقسیم یہ ہے!

اونٹوں کی زکوٰۃ۔ گائے بھینس کی زکوٰۃ۔ بھیڑ بکری کی زکوٰۃ گھوڑوں کی زکوٰۃ۔ سامانِ تجارت و برتنوں کی زکوٰۃ۔ غلہ اناج اور میوہ جات کی زکوٰۃ۔ سونے چاندی کے زیورات اور نقدی وغیرہ، ان ساری تفصیلات کے لئے تو ایک مستقل کتاب کی ضرورت ہے۔ اس وقت صرف سونے چاندی اور نقدی کی زکوٰۃ کے متعلق ذکر کرنا مقصود ہے ـــ جو عام اور اکثر چیز ہے۔

سونے چاندی کا نصاب

یہ ہے کہ

جب چاندی دو سو درہم ــ جس کے ساڑھے باون تولے ہوتے ہیں۔ اور سونا بیس مثقال ــ جس کے ساڑھے سات تولے بنتے ہیں یا سونے چاندی کے نصاب کی قیمت کی نقدی سکہ کسی کے پاس موجود ہو۔ اور اس پر سال گذر جائے۔ اور ختم سال پر بھی اس کے پاس مقدار نصاب موجود ہو۔ تو اس پر ۱/۴۰ (چالیسواں حصہ) زکوٰۃ نکال کر مصارف زکوٰۃ میں دینا فرض ہے۔

عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَيْسَ فِيْ اَقَلِّ مِنْ عِشْرِيْنَ مِثْقَالًا مِنَ الذَّهَبِ زَكٰوةٌ فَاِذَا كَانَ الذَّهَبُ عِشْرِيْنَ مِثْقَالًا فَفِيْهَا نِصْفُ مِثْقَالٍ فَمَا زَادَ فَبِحِسَابِ ذٰلِكَ وَلَيْسَ

حضرت امام محمدؒ فرماتے ہیں۔ کہ ہمیں امام ابو حنیفہؒ نے اپنے استاد حضرت حمادؒ سے اور انہوں نے حضرت ابراہیم نخعیؒ سے بیان کیا ہے۔ کہ بیس مثقال سے کم سونے میں زکوٰۃ نہیں۔ جب سونا بیس مثقال (۷½ تولہ) ہو۔ تو اس میں سے آدھا مثقال (۱/۴۰ حصہ) دینا آتا ہے اور جب زیادہ ہو۔ تو اسی حساب سے ادا کرو

فِيمَا دُونَ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ	درہم سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں۔ جب
صَدَقَةٌ فَإِذَا بَلَغَتِ	چاندی دو سو درہم (۵۲½ تولہ) کو پہنچ
الْوَرِقُ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ	جائے۔ تو اس میں سے پانچ درہم (۱½)
فَفِيهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ	دیئے آتے ہیں۔ اور جو زیادہ ہو۔ تو
فَمَا زَادَ بِحِسَابِ ذٰلِكَ	اسی حساب سے۔

(کتاب الآثار امام محمدؒ صفحہ ۹۹)

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى	فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ	نے۔ کہ جو کوئی حاصل کرے مال تو
اسْتَفَادَ مَالًا فَلَا زَكٰوةَ	اس مال میں زکوٰۃ نہیں۔ جب تک
فِيهِ حَتّٰى يَحُولَ عَلَيْهِ	کہ اس پر سال نہ گذر جائے۔
الْحَوْلُ	(ابن عمرؓ ترمذی شریف جلد ۱ صفحہ ۸۰)

نیز فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ	پانچ اوقیہ سے کم مقدار چاندی
أَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ	میں زکوٰۃ نہیں۔

.... الخ

(ترمذی شریف ص۸۰ و مشکوٰۃ شریف بحوالہ
بخاری و مسلم۔ عن ابی سعید خدریؓ)

نوٹ:۔ پانچ اوقیہ کے دوسو درہم یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی
ہوتی ہے۔

نیز فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے:۔

فَهَاتُوا صَدَقَةَ الرِّقَةِ مِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ

دو زکوٰۃ چاندی کی ہر چالیس درہم میں سے ایک درہم۔

(۱/۴۰ حصہ)

(عن علیؓ۔ ترمذی شریف ص۷۹)

الصَّوم

(روزہ)

روزہ کی اہمیت و فرضیت

اسلام کی بنیادی تعلیمات میں ایمان اور نماز و زکوٰۃ کے بعد روزہ کا درجہ ہے۔ اللہ سبحانہ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ	اے ایمان والو! تم پر روزے رکھنا
عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ	فرض کیا گیا ہے۔ جیسے کہ تم سے پہلی امتوں
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ	پر بھی فرض کیا گیا تھا۔ تاکہ تم میں تقوے
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ	کی صفت پیدا ہو۔

(البقرہ۔ آیۃ ۱۸۳)

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ	مہینہ رمضان کا وہ جو اتارا گیا ہے اس
اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى	میں قرآن مجید (قرآن) ہدایت ہے واسطے
لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ	لوگوں کے اور دلیلیں ہدایت کی۔ اور
الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ	(حق و باطل میں) فیصلہ کرنے والا ہے

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۔ پس جو کوئی حاضر ہو تم میں سے اس مہینے میں پس چاہیئے کہ اس کے روزے رکھے

(البقرہ ، آیۃ ۱۸۵)

اسلام میں پورے مہینے رمضان کے روزے فرض ہیں ۔ اور جو شخص بلا کسی عذر اور مجبوری کے رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دے ۔ تو وہ بہت ہی سخت گنہگار ہے ۔

ایک حدیث میں وارد ہے :۔

قَالَ مَنْ اَفْطَرَ يَوْماً مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَلَا مَرَضٍ لَمْ يَقْضِهِ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهِ وَاِنْ صَامَهُ

جو شخص بلا کسی معذوری یا بیماری کے رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دے وہ اگر اس کے بدلے میں ساری عمر بھی روزے رکھے ۔ تو اس کا حق پورا ادا نہ ہو گا ۔

(عن ابی ہریرہؓ ۔ ابن ماجہ وغیرہ)

روزوں کا ثواب و درجات

روزہ میں چونکہ کھانے پینے اور نفسانی شہوت کے پورا کرنے سے اپنے

نفس کو عبادت کی نیت سے روکا جاتا ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ کے واسطے اپنی خواہشوں اور لذتوں کو قربان کیا جاتا ہے ۔ اس لئے اللہ تعالےٰ نے اس کا ثواب بھی سب سے نرالا اور بہت زیادہ رکھا ہے

حدیث قدسی

قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
كُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ لَهٗ اِلَّا
الصَّوْمُ فَاِنَّهٗ لِيْ وَ اَنَا
اَجْزِيْ بِهٖ وَالصِّيَامُ
جُنَّةٌ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ
اَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَ
لَا يَصْخَبْ فَاِنْ سَابَّهٗ
اَحَدٌ اَوْ قَاتَلَهٗ فَلْيَقُلْ
اِنِّيْ صَائِمٌ اِنِّيْ صَائِمٌ
وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ
لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ
اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ
الْمِسْكِ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ۔ کہ آدمی کا ہر عمل
اسی کا ہے ، سوا روزہ کے ۔ کہ وہ میرا ہے
اور میں ہی اس کا بدلہ دوں گا ۔ اور روزہ
ایک ڈھال ہے ۔ (دوزخ اور شیطان سے)
پس آدمی کو چاہیئے ۔ کہ روزہ کے دن بیہودہ
باتیں نہ کرے ، اور شور و شغب نہ کرے
اور اگر کوئی اس کے ساتھ گالی گلوچ یا
جھگڑا کرے ۔ تو (اس سے) کہدے
کہ میں روزے سے ہوں ۔ میرا (آج) روزہ
ہے ۔ (مجھے معاف کردو) قسم اس ذات کی
جس کے قبضہ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی
جان ہے ۔ کہ روزہ دار کے منہ کی بُو اللہ

يَفْرَحُهُمَا إِذَا أَفْطَرَ فَرِحَ بِفِطْرِهِ وَإِذَا لَقِيَ رَبَّهُ فَرِحَ بِصَوْمِهِ

تعالیٰ کے نزدیک کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔ روزہ دار کیلئے دو خوشیاں ہیں۔ جو اس کو حاصل ہوں گی۔ ایک تو افطار

کے وقت ہے۔ کہ روزہ افطار کرکے وہ خوش ہوتا ہے۔ (یہ خوشی

اس بات کی ہے۔ کہ الحمد للہ! سلامتی کے ساتھ روزہ پورا ہو گیا اور

خدا کا حکم ہم سے ادا ہو گیا) اور دوسری خوشی اس وقت ہو گی۔ جبکہ

وہ اپنے پروردگار سے ملے گا۔ تو (اس وقت) اپنے روزہ رکھنے

سے خوش ہو گا۔ (کہ بہت اچھا ہوا۔ کہ میں دنیا میں اس نعمت سے

محروم نہ رہا۔ ورنہ آج بڑے ثواب سے محروم رہتا)

(عن ابی ھریرۃؓ / الترغیب والترہیب بحوالہ بخاری ومسلم جلد۲ ص ۸۰-۷۹)

بخاری شریف کی ایک دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں:۔

يَتْرُكُ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ وَشَهْوَتَهُ مِنْ أَجْلِي الصِّيَامُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا

(اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ روزہ دار) میری وجہ سے کھانا پینا اور اپنے (نفس) کی خواہش کو چھوڑتا ہے (اس لئے) روزہ (خالص) میرے واسطے ہے۔ اور میں ہی اس کی جزا دوں گا (جو بے حساب ہو گی) اور (باقی)

نیکیوں کا ثواب دس گنا ہے۔"

(الترغیب والترہیب صفحہ ۸۰)

روزہ کا شرف اس کی فضیلت اور خصوصیت اس سے بڑھ کر اور کیا ہو گی۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی طرف منسوب فرمایا ہے۔ ہر چند ساری عبادتیں اُسی کے لئے ہیں۔ مگر روزے کو یہ شرف اسی طرح ہے۔ جیسے بیت اللہ شریف کو روئے زمین کے مقامات مقدسہ پر حاصل ہے۔ اگرچہ ساری زمین اللہ ہی کی ہے۔

تو روزہ پر اسقدر اجر و ثواب کا سبب دو باتیں معلوم ہوتی ہیں،۔

اوّل یہ۔ کہ روزہ کھانے پینے اور مباشرت کو چھوڑنے کا نام ہے اور یہ ایسا پوشیدہ کام ہے۔ کہ جس پر حق تعالیٰ کے سوا کوئی آگاہ نہیں ہو سکتا۔ اور اس کے علاوہ جتنی عبادتیں ہیں۔ مثلاً نماز، تلاوت زکوٰۃ، حج ـــ یہ سب ایسی عبادتیں ہیں۔ جن پر دوسرے لوگ بھی واقف ہو سکتے ہیں لہٰس روزہ وہی مخلص مسلمان رکھے گا۔ جس کو لوگوں میں اپنے عابد و زاہد کہلانے کا شوق اور ریا و نمود کی محبت نہ ہو گی۔

دوسری وجہ یہ ہے۔ کہ روزہ سے دشمنِ خدا شیطان مغلوب ہوتا ہے کیونکہ جس قدر نفسانی خواہشیں ہیں۔ سب پیٹ بھرنے پر اپنا

زور دکھاتی ہیں۔ اور شیطان ان ہی خواہشات کو واسطہ بنا کر مسلمان کا شکار کرتا ہے۔ اور جب روزہ کی وجہ سے مسلمان بھوکا رہا۔ اور تمام خواہشیں کمزور پڑ گئیں۔ تو شیطان مجبور اور بے دست و پا ہو گیا۔ چنانچہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے :۔

إِذَا جَاءَ رَمَضَانُ	جب ماہِ رمضان آجاتا ہے۔ تو جنت
فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ	کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور
وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ وَ	جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور
صُفِّدَتِ الشَّيَاطِينُ	شیاطین پابہ زنجیر ہو جاتے ہیں

(عن ابی ہریرۃؓ / الترغیب والترہیب بحوالہ بخاری ومسلم جلد ۲ ص ۹۲)

ایک حدیث میں ہے :۔

مَنْ صَامَ رَمَضَانَ	جو شخص پورے ایمان و یقین کے ساتھ اور اللہ
إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ	تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کیلئے اور اس
مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ	سے ثواب لینے کے لئے رمضان کے روزے

رکھے۔ تو اس کے پہلے گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔"

(عن ابی ہریرۃؓ / الترغیب والترہیب صفحہ ۹۰)

ایک حدیث میں ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے :-

اَلصِّيَامُ وَالْقُرْاٰنُ يَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ يَقُوْلُ الصِّيَامُ رَبِّ اِنِّيْ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهْوَةَ فِي النَّهَارِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ وَ يَقُوْلُ الْقُرْاٰنُ رَبِّ اِنِّيْ مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ قَالَ فَيُشَفَّعَانِ	روزہ اور قرآن مجید (دونوں) بندہ کیلئے شفاعت کریں گے۔ روزہ کہے گا۔ یارب میں نے اس کو دن میں کھانے پینے اور خواہشات سے روک رکھا تھا۔ اس لئے اس کے بارے میں میری سفارش قبول کیجئے۔ اور قرآن شریف کہیگا۔ اے میرے اللہ! میں نے رات کو سونے سے اسے روک رکھا تھا۔ اللہ میری سفارش قبول فرمائیے۔ فرمایا۔ پس دونوں کی شفاعت (اللہ کی بارگاہ میں روزہ دار کے حق میں) قبول ہو جائے گی

(عبداللہ بن عمرؓ / الترغیب والترہیب ص ۸۳)

عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّوْمِ	حضرت ابو امامہؓ سے روایت ہے انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ کہ کونسا عمل افضل ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تو

فَاِنَّهٗ لَا عَدْلَ لَهٗ — روزے کو اختیار کرو کیونکہ اسکے برابر کوئی عمل نہیں۔

(نسائی شریف جلد دوم ص۳۴۳)

روزہ کے طبی فوائد

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

اُغْزُوْا تَغْنَمُوْا وَصُوْمُوْا تَصِحُّوْا وَسَافِرُوْا تَسْتَغْنُوْا — تم جہاد کرو غنیمت حاصل کرو گے اور روزہ رکھا کرو تندرست ہو جاؤ گے اور (تجارت کے لئے) سفر کیا کرو۔ مالدار ہو جاؤ گے۔

(عن ابی ہریرہؓ الترغیب والترہیب بحوالہ طبرانی اوسط جلد۲ ص۸۳)

اس حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ کو حصولِ صحت کا ذریعہ فرمایا ہے۔

اَلصِّيَامُ جُنَّةٌ كَجُنَّةِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْقِتَالِ — روزہ (جہنم کی) آگ سے (بچنے کیلئے) ایسی ڈھال ہے۔ جیسے لڑائی کے (حملہ سے بچنے کے لئے) تمہارے پاس ڈھال ہوتی ہے۔

(عثمان بن ابی العاصؓ / الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۸۳)

ترکِ روزہ پر سخت وعید

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

اُحْضُرُوا الْمِنْبَرَ فَحَضَرْنَا فَلَمَّا ارْتَقٰى دَرَجَةً قَالَ اٰمِيْنَ فَلَمَّا ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّانِيَةَ قَالَ اٰمِيْنَ فَلَمَّا ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّالِثَةَ قَالَ اٰمِيْنَ فَلَمَّا نَزَلَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ سَمِعْنَا مِنْكَ الْيَوْمَ شَيْئًا مَا كُنَّا نَسْمَعُهٗ قَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَرَضَ لِيْ فَقَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ

(صحابہؓ سے) کہ منبر کے پاس حاضر ہو جاؤ۔ تو ہم سب حاضر ہو گئے۔ پھر (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے) جب آپ نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھا۔ تو آمین کہی۔ اسکے بعد دوسری سیڑھی پر قدم رکھا۔ تو (اس پر بھی) آمین کہی۔ پھر تیسرے درجہ پر قدم رکھا۔ تو (اس وقت بھی) آمین کہی۔ جب (خطبہ کے بعد) آپ منبر سے اترے۔ تو ہم نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے آج آپ سے ایسی بات سنی ہے۔ جو پہلے کبھی نہیں سنی۔ آپ نے جواب دیا۔ کہ اس وقت جبرئیل

يُغْفَرْ لَهُ قُلْتُ اٰمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّانِيَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّالِثَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ الْكِبَرُ عِنْدَهُ اَوْ اَحَدُهُمَا فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ قُلْتُ اٰمِيْنَ -

(علیہ السلام) میرے سامنے آئے۔ (اور جب میں نے منبر کی ایک سیڑھی پر قدم رکھا) تو انہوں نے کہا۔ لعنت ہے اس شخص پر جس نے رمضان کا مہینہ پایا۔ پھر بھی اس کی مغفرت نہ ہوئی۔ میں نے کہا۔ آمین! پھر میں نے دوسری سیڑھی پر قدم رکھا۔ تو کہا۔ لعنت ہے اس شخص پر جس کے سامنے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ذکر ہوا پھر بھی اس نے آپ پر درود نہ بھیجا۔ میں نے کہا۔ آمین!! پھر میں تیسری سیڑھی پر چڑھا۔ تو انہوں نے کہا۔ لعنت ہے اس شخص پر۔ جس کے ماں باپ دونوں یا ان میں سے ایک اس کے سامنے بڑھاپے کو پہنچے۔ پھر بھی انہوں نے اس کو (بوجہ اس کی خدمت و اطاعت کے) جنت میں داخل نہ کرایا۔ میں نے کہا۔ آمین!!! (کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ/ حاکم / الترغیب والترہیب جلد دوم صفحہ ۹۳)

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بد دعا رد نہیں ہو سکتی۔ خصوصاً وہ بد دعا۔ جس میں جبریل امین علیہ السلام بھی بحکم خداوندی شریک ہوں۔ پس

ان تینوں باتوں سے بہت اہتمام کے ساتھ بچنا چاہیئے اور رمضان میں اپنے گناہوں کی مغفرت کی کوشش کرنا چاہیئے۔

فلسفۂ روزہ

اللہ تعالٰے عزوجل ذوالجلال والاکرام نے انسان کے اندر دو قسم کی قوتیں رکھی ہیں۔

ایک قوتِ بہیمیہ یا قوتِ شہوانی

دوسری قوت ملکیہ یا روحانی

انسان کے تمام افعال و اعمال کا مدار ان ہی قوتوں کے زیر اثر ہے جس وقت جو قوت غالب ہو گی۔ اسی کے مطابق اعمال کا صدور ہو گا۔ اگر قوتِ شہوانی کا غلبہ ہو گا۔ تو انسان کی طبیعت نافرمانی، برائی اور گناہ کی طرف زیادہ مائل ہو گی۔ اور اگر قوت ملکیہ غالب ہو گی۔ تو انسان کی طبیعت نیکی کی طرف راغب ہو گی۔ تو اللہ سبحانہٗ نے انسان کو نیکی پر چلانے اور قائم رکھنے کے لئے خاص مدد فرما کر مہربانی فرمائی ہے۔ جس کی صورت یہ فرمائی۔ کہ انسان روزہ رکھے اور اس طرح قوتِ شہوانی کو کمزور بنائے۔ جس کے نتیجہ میں مقابلتہً قوتِ ملکیہ کو غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

روزہ کا منشاء

یہ ہے۔ کہ روزہ دار کھانے پینے کو ترک کرنے کے ساتھ ساتھ تمام ان افعال و اعمال کو بھی مکمل طور پر چھوڑے۔ کہ جن کو شریعت حرام یا ناجائز قرار دیتی ہے۔ مثلاً

زبان کو جھوٹ ـ غیبت ـ چغلی ـ فواحش وغیرہ سے بچائے

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :۔

مَنْ لَّمْ يَدَعْ قَوْلَ	جو شخص نہ چھوڑے جھوٹ بولنا اور
الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَيْسَ	جھوٹ پر عمل کرنا۔ پس اللہ تعالیٰ
لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِيْ اَنْ يَّدَعَ	کو اس کے کھانا پینا چھوڑنے کی کوئی
طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ	ضرورت نہیں ۔

(ابوہریرہؓ / مشکوٰۃ شریف باب تنزیہ الصوم ص ۱۷۳)

پس معلوم ہوا

کہ روزہ صرف سحری سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے سے منہ بند کرنے کا نام نہیں ہے۔ بلکہ تمام اعضاء و جوارح کو بھی گناہ کی بات سے بچانے کا نام ہے۔ اسی لئے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :۔

لِكُلِّ شَيْءٍ زَكٰوةٌ — ہر چیز کی زکوٰۃ (پاکیزگی کا طریقہ) ہے

وَزَكٰوةُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ — اور جسم کی زکوٰۃ (پاکیزگی) روزہ ہے۔

(عن ابو ھریرہؓ / ابن ماجہ صفحہ ۲۱۳)

○

ف

جسم کی پاکیزگی اسی وقت حاصل ہو سکتی ہے۔ جب کہ تمام جسم کے اعضاء و جوارح یعنی آنکھ، کان، زبان، ہاتھ پاؤں وغیرہ کو غیر مشروع افعال سے باز رکھا جائے۔ اور روزے کا تو معنیٰ یہی ہے۔ الصوم کا معنیٰ ہے الامساك۔ یعنی رک جانا۔ بند ہو جانا

ف

اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن کریم میں روزہ رکھنے کی یہی حکمت ذکر فرمائی ہے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ

تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ

(البقرۃ آیۃ ۱۸۳)

○

روزہ کی کیفیت

حضرت امام غزالیؒ اپنی کتاب "الاربعین فی اصول الدین" میں لکھتے ہیں۔ کہ

کیفیت کے لحاظ سے روزہ کی تین قسمیں ہیں۔

ایک تو عوام کا روزہ ہے۔ کہ صرف روزہ توڑنے والی چیزوں یعنی کھانے پینے اور جماع سے بچتے ہیں۔ اگرچہ بدن سے گناہ کئے جائیں۔ سو یہ نام ہی کا روزہ ہے۔

دوسرا درجہ یہ ہے۔ کہ بدن کے کسی عضو سے بھی کوئی کام خلافِ شرع نہ ہو۔ یعنی زبان غیبت وغیرہ سے محفوظ رہے۔ اور آنکھ نامحرم کو بری نگاہ کے ساتھ دیکھنے سے بچی رہے وغیرہ

تیسرا خاص روزہ خاص بندوں کا ہے۔ کہ اعضائے بدن کے ساتھ ان کا قلب بھی فکر و وسواس سے محفوظ رہتا ہے۔ اور سوائے ذکر الٰہی کے کسی چیز کا بھی ان کے دل میں گذر نہیں ہوتے پاتا۔ یہ کمال کا درجہ ہے۔

اور

چونکہ اس کا حاصل کرنا ہر شخص کا کام نہیں۔ اس لئے کم سے کم

اتنا خیال تو ضرور رکھنا چاہیئے۔ کہ ایسے کھانے پر روزہ افطار کیا کرو، جو بلا شبہ حلال اور پاک ہو، اور وہ بھی اتنا نہ کھاؤ کہ جس سے معدہ بھاری اور بدن کسلمند ہو جائے۔ کہ تہجد کو بھی آنکھ نہ کھلے ـــ یعنی ـــ ایسا نہ کرو۔ کہ دن کے چھوٹے ہوئے کھانے کی بھی تلافی افطار کے وقت کرنے لگو۔

کیونکہ

ایسا کرنے والوں کو روزہ کا اتنا نفع نہیں ہوتا

جتنا کسل کی وجہ سے نقصان ہو جاتا ہے!

○

فرض روزوں کے علاوہ

نوافل روزے

بھی بہت ہیں

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

لَوْ اَنَّ رَجُلاً صَامَ	اگر کوئی شخص ایک روزہ نفل رکھے
یَوْمًا تَطَوُّعًا ثُمَّ اُعْطِیَ	پھر اس کو (دنیا میں) زمین کے برابر سونا
مِلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا لَمْ	دیا جائے تو جب بھی اس کے روزہ

يُسْتَوْفِ ثَوَابَهُ دُوْنَ يَوْمِ الْحِسَابِ

کا ثواب قیامت کے دن سے پہلے پورا نہ ہوگا۔

(عن ابی ہریرۃؓ / الترغیب والترہیب جلد ۲ صفحہ ۸۴)

مَنْ صَامَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ بَعَّدَهُ اللّٰهُ مِنْ جَهَنَّمَ كَبُعْدِ غُرَابٍ طَائِرٍ وَهُوَ فَرْخٌ حَتّٰى مَاتَ هَرِمًا

جو شخص اللہ سبحانہٗ کی خوشنودی کے لئے ایک دن کا روزہ رکھے اللہ سبحانہٗ اس کو دوزخ سے اس قدر دور کر دیتا ہے۔ جتنا کوا بچپن سے بڑھاپے تک اڑے

(ابوہریرۃؓ / احمدؒ / بیہقیؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اول صـ ۳۵۲ شمار ۱۹۶۳)

مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ

جو شخص روزہ رکھے اللہ کیلئے ایک دن کا تو کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک خندق جیسی کہ آسمان اور زمین کے درمیان خندق ہے۔

(ابوامامہؓ / ترمذیؒ۔ مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول صـ ۴۸۵ شمار ۹۶۶)

ایامِ بیض

اَنَّہٗ کَانَ یَامُرُ بِصِیَامِ الْبِیْضِ ثَلَاثَ عَشَرَۃَ وَ اَرْبَعَ عَشَرَۃَ وَخَمْسَ عَشَرَۃَ وَیَقُوْلُ ھُوَکَصَوْمِ الدَّھْرِ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔ ایامِ بیض کے روزوں کا ۱۳، ۱۴، ۱۵، ار تاریخ ھر ماہ۔ اور فرماتے (یہ روزے) تمام عمر کے روزوں کی طرح ہیں۔

(عن عبدالملکؓ بن المنہال / ابن ماجہ صفحہ ۱۲۳)

عاشورہ کا روزہ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حِیْنَ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَاَمَرَ بِصِیَامِہٖ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّہٗ یَوْمٌ یُعَظِّمُہٗ

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کے دن کا روزہ رکھا۔ اور لوگوں کو اس دن کے روزہ کا حکم دیا۔ تو لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دن کی تو یہود و نصاریٰ عظمت کرتے

الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ بَقِيْتُ اِلٰى قَابِلٍ لَاَصُوْمَنَّ التَّاسِعَ

ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر زندہ رہا میں اگلے سال تک۔ تو روزہ رکھوں گا نویں تاریخ کا بھی۔

......

(مشکوٰۃ شریف ترجم جلد اول ص۴۸۱ شمار ۱۹۴۳)

رجب المرجب کے روزے

حتی الامکان رجب المرجب کے پورے مہینے کے روزے رکھیں اگر کسی معذوری کی بنا پہ ہر کوئی سارے مہینے کے روزے نہ رکھ سکے، تو یہ روزے کبھی قضا نہ کرے۔ رجب کی پہلی، درمیانی اور آخری تاریخ کا۔

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :۔

(یہ حدیث طویل حدیث کا حصہ ہے)

* رجب مہینہ اللہ کا ہے۔ اور شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان میری امت کا مہینہ ہے۔ کہا گیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا معنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے۔ کہ مہینہ

اللہ کا ہے۔ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔
اس واسطے۔ کہ تحقیق رجب خاص کیا گیا ہے ساتھ بخشش کے۔ اور
اس میں نگاہ رکھی جاتی ہے خون (قتل) کی (قتل کے قصاص میں)
اور اس میں توبہ قبول کی اللہ تبارک و تعالےٰ نے اپنے نبیوں
(علیہم السلام) کی۔ اس میں نگاہ میں رکھا دوستوں کو اپنے دشمنوں
کے ہاتھ سے۔ جو شخص اس کا روزہ رکھے۔ واجب ہوتی ہیں اللہ
سبحانہٗ پہ تین چیزیں ــــ بخشش واسطے اس چیز کے جو گذری
ہے اس کے گناہوں سے۔ اور نگاہ رکھنا باقی عمر میں گناہوں
سے۔ اور اس پہ تیسری چیز بے ڈر رہنا ہے پیاس سے بڑی
پیشی کے دن ــ پس کھڑا ہوا ایک بوڑھا ضعیف۔ پس اس
نے کہا ــــ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! تحقیق میں عاجز
ہوا اس کے تمام روزے رکھنے سے۔ پس فرمایا جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ــــ روزہ رکھ تو اس کے پہلے دن
کا۔ اور اس کے بیچ کے دن کا، اور اس کے آخر کے دن کا۔ پس
تحقیق تو دیا جائے گا ثواب اس شخص کا۔ جو تمام مہینے کے روزے رکھے"

(غنیۃ الطالبین صفحہ ۲۱ - ۳۱۹)

شعبان المعظم کا روزہ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

اِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ	جب شعبان کی پندرھویں رات
النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ	آئے ۔ تو تم رات کو قیام کرو
فَقُوْمُوْا لَيْلَهَا وَصُوْمُوْا	یعنی نوافل پڑھو ۔ اور دن کو روزہ
يَوْمَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى	رکھو ۔ اس لئے کہ اللہ سبحانہٗ اس
يَنْزِلُ فِيْهَا لِغُرُوْبِ	رات میں آفتاب غروب ہونے کے
الشَّمْسِ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا	بعد ہی آسمانِ دنیا پر نازل ہوتا
فَيَقُوْلُ اَلَا مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ	ہے ۔ اور کہتا ہے ۔ کہ کوئی مغفرت
فَاَغْفِرَ لَهٗ اَلَا مُسْتَرْزِقٌ	چاہنے والا ہے ؟ تاکہ میں اسکو بخش
فَاَرْزُقَهٗ اَلَا مُبْتَلًى	دوں ۔ کوئی رزق مانگنے والا ہے ؟
فَاُعَافِيَهٗ اَلَا كَذَا اَلَا	میں اس کو رزق دوں ۔ کوئی گرفتارِ بلا
كَذَا حَتّٰى يَطْلُعَ الْفَجْرُ	ہے ۔ میں اس کو عافیت دوں ۔ اور

ایسا ایسا اللہ فرماتا رہتا ہے ۔ یہانتک کہ صبح روشن ہو جاتی ہے

(علی / ابن ماجہ / مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول صـــ ۲۹۶ شمار ۱۲۳۳)

شوال المکرم کے روزے

مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ	جو شخص روزے رکھے رمضان کے پھر چھ
اَتْبَعَهٗ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ كَانَ	روزے رکھے شوال میں تو گویا اس نے
كَصِيَامِ الدَّهْرِ	روزے رکھے ہمیشہ کے

(ابو ایوب انصاریؓ / مسلمؒ / مشکوۃ شریف مترجم جلد اول ص ۴۸۲ شمار ۱۹۴۹)

○

عشرہ ذی الحجہ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

مَا مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا اَيَّامٌ	دنوں میں سے کوئی دن بلحاظ عبادت
اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ اَنْ	عشرہ ذی الحجہ کے مقابلہ میں اللہ کو زیادہ
يُّتَعَبَّدَ لَهٗ فِيْهَا مِنْ اَيَّامِ	محبوب نہیں اس کے ہر دن کا روزہ
الْعَشْرِ وَ اَنَّ صِيَامَ يَوْمٍ فِيْهَا	سال کے روزوں کے برابر ہے اور ہر رات
يَعْدِلُ صِيَامَ سَنَةٍ وَلَيْلَةٍ	کا قیام لیلۃ القدر کے قیام کی طرح
فِيْهَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ	ہے۔

(ابی ہریرۃؓ / ابن ماجہؒ صفحہ ۱۲۵)

حج

اسلام ایک ہمہ گیر ضابطۂ حیات، دستور العمل اور آئین زندگی ہے، اور اپنے اندر زندگی کے ہر پہلو کے لئے مناسب و مفصل ہدایات و احکام رکھتا ہے اسلام کے احکام ہر فرد کے لئے انفرادی زندگی گذارنے کی مکمل رہنمائی بہم پہنچاتے ہیں۔ اور اجتماعی زندگی کے لئے مکمل نظم، ضبط اتحاد و تنظیم کی راہیں روشن کرتے ہیں۔

اجتماعی زندگی

انسانی فطرت کا خاصا ہے۔ اسلام دینِ فطرت ہے۔ اور اس اجتماعی زندگی کے لئے مختلف مراحل پر مناسب مواقع بہم پہنچا کر اس کی راہیں استوار کرتا ہے۔ اجتماعیت کی تربیت زندگی کے ہر پہلو کو محیط ہے۔

مسلمانوں کو نماز کے لئے پانچ وقت مسجد میں حاضر ہونے کا حکم ہے نماز باجماعت ادا کرنے کی حکمت کے علاوہ اس حکم کے ادا کرنے میں اور بہت سی مصلحتیں ہیں۔ پوری قوم کو دن میں پانچ دفعہ مستعد و ہوشیار کیا جاتا ہے اور وہ دل سے اور عمل سے اس بات کا واشگاف اقرار کرتے ہیں۔ کہ اس حکم کی باقاعدہ بجا آوری کے ساتھ ساتھ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھ لینے کے بعد جو ذمہ داریاں ہم پر عائد ہوتی ہیں۔ ہم ان کے لئے پوری طرح سے مستعد و تیار ہیں۔ اور ہماری باقاعدگی کے ساتھ حاضری جماعت اس اقرار کی تصدیق کرتی ہے۔

وقت کی پابندی — مساوات کا جذبہ — اخوت — باہم میل جول اور ہمدردی — بستی میں اجتماعی مفادات کی نگرانی اور معاشرتی برائیوں کے انسداد کی تدابیر اس حکم کے ادا کرنے کے ضمنی فوائد ہیں — جن کو آج ہم بے حس ہو کر بڑی طرح سے نظر انداز کر رہے ہیں

اسلامی اجتماعیت کا دائرہ

وسیع کرنے کے لئے ہفتہ میں ایک دفعہ پورے شہر کے لوگوں کو

جُمعہ

کے دن جمع ہونے کا حکم ہے۔ اجتماع کی وسعت کے ساتھ ساتھ اس کے فوائد بھی وسیع تر ہو جاتے ہیں۔ سال میں دو دفعہ علاقے کے لوگوں کو

عِیدَین

کے موقع پر اجتماع کا موقعہ بہم پہنچایا ہے!

اجتماعیت میں مزید ہمہ گیریت پیدا کرنے اور پوری اسلامی برادری کو

عالمگیر رشتۂ اخوت میں عین اس طرح منسلک کرنے کے لئے ۔ جس طرح کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ کہ

"تمام مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں اور جب کسی ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے ۔ تو سارا جسم بےچین ہو جاتا ہے"

سال میں حج کے مہینے میں دنیا بھر کے مسلمانوں کو اسلام کے دینی مرکز

بیت اللہ شریف

میں طواف اور زیارت حرمین شریفین کے لئے جمع ہونے کا حکم ہے ۔

فریضۂ حج

کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ اس اجتماع میں یہ حکمت بھی پوشیدہ ہے کہ بلادِ اسلامیہ کے امیرانِ حج اپنے ممالک کی نمائندگی کریں اور پوری عالمگیر برادری کے اجتماعی مفادات و مسائل پر مکمل غور و خوض کریں اس طرح مسلمان پوری انسانیت کے لئے سلامتی اور امن و امان کے مواقع بہم پہنچائیں ۔ اور اس حُسنِ سلوک اور سلامتی کے پیغام سے متاثر ہو کر تمام انسانیت اسلام کے دامن میں پناہ لیں ۔ اور یہ اجتماع محض رسمی نہ رہے ۔ بلکہ پوری انسانیت کی فلاح و بہبود کا ذریعہ بنے ۔

اب یہ ہمارا کام ہے ۔ کہ اسلام کے بہم پہنچائے ہوئے ان مواقع

سے مناسب فائدہ اٹھائیں۔ اتحاد بین المسلمین کو مضبوط بنائیں

دعوۃ و تبلیغ الاسلام

کے فریضہ کو

سرگرمی سے ادا کریں، تاکہ اس روشن دور میں اسلام کی روشنی دنیا کے کونے کونے میں پہنچ جائے۔ اور کوئی علاقہ اسلام کے نور سے بے نور نہ رہے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۗ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ

(آل عمران آیہ ۹۷)

اور اللہ کے واسطے لوگوں کے ذمہ ہے حج کرنا اس گھر (بیت اللہ) کا۔ جو کہ طاقت رکھے وہاں تک کی سبیل کی۔ اور جو شخص منکر ہوا تو اللہ تعالیٰ تمام جہان والوں سے غنی ہے۔

○

وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ

لوگوں میں حج (کے فرض ہونے) کا اعلان کر دو (اس اعلان سے) لوگ تمہارے پاس (یعنی تمہاری اس عمارت کے پاس

كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ۝ لِّيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ

حج کیلئے) چلے آئیں گے پاؤں چل کر بھی اور (ایسی اونٹنیوں پر سوار ہو کر بھی) جو دور دراز راستوں سے چل کر آئی ہوں۔ (اور سفر کی وجہ سے) دُبلی ہو گئی ہوں۔ تاکہ یہ آنے والے اپنے منافع حاصل کریں۔ (الحج آیہ ۲۷-۲۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

حُجُّوا فَإِنَّ الْحَجَّ يَغْسِلُ الذُّنُوبَ كَمَا يَغْسِلُ الْمَاءُ الدَّرَنَ

حج کرو۔ کیونکہ حج گناہوں کو ایسے دھو دیتا ہے۔ جیسے پانی میل کو دھو دیتا ہے۔"

(عبداللہ بن جرادؓ / الترغیب والترہیب جلد ۲ صفحہ ۱۶۲)

مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ

جو شخص اللہ کے لئے حج کرے اس طرح کہ اس حج میں نہ رفث ہو (یعنی فحش بات) اور نہ فسق (حکم عدولی) ہو وہ حج سے ایسا واپس ہوتا ہے۔ گویا آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے۔

(ابوہریرہؓ / بخاری ؒ مسلمؒ / مشکوٰۃ شریف مترجم جلد اول ص ۶۰۳ شمارہ ۲۳۹۳)

اتنی استطاعت رکھنے والے مسلمانوں کے لئے جو سواری کا خرچ اور زادِ راہ رکھنے کے علاوہ اپنے اہل و عیال کے لئے نان و نفقہ کا بندوبست آسانی سے کر سکیں۔ حکم ہے۔ کہ وہ

عمر بھر میں ایک دفعہ حج کے مہینے میں بیت اللہ شریف کے طواف کے لئے حاضر ہوں!

تمام بلادِ اسلامیہ کے فرزندانِ اسلام

سرزمینِ عرب یعنی بیت اللہ شریف میں ایک اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی بجا آوری کے لئے ایک ہی مرکز پر ایک ہی جھنڈے تلے جمع ہوں۔ اور اپنے گناہوں کی معافی کے لئے دار الامن کو وسیلہ بناتے ہوئے گڑگڑائیں۔ اس طرح ندامت کی آنکھ سے بہتے ہوئے آنسو انسان کے کردہ گناہوں کو صاف کر دیں گے۔ نیز جب تمام مسلمان ایک جگہ پر ایک ہی مقصد کے لئے ایک اللہ اور ایک ہی رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی قیادت میں جمع ہوں گے۔ تو یہ منظر اقوامِ غیر کے لئے بڑا پُر شوکت اور ذی شان ہوگا۔ اس طرح ان کے دلوں پر عظمتِ اسلامیہ کا سکہ بیٹھ جائیگا اور وہ مسلمانوں کے مقابلہ میں مرعوب و مغلوب رہیں گے

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز!

یاحیُّ

یاقیوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

دَعْوَۃ وَتَبْلِیْغُ الْاِسْلَام

تمہید

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیُّوم!

تیرا شکر و احسان ہے۔ کہ تو نے اپنے لطف و کرم سے ہمیں انسان پیدا کیا۔ اگر حب نور بنا دیتا۔ تو ہمارا کیا عذر و دعویٰ تھا! الحمد للہ الحمد للہ الحمد للہ!

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیوم!

تیرا شکر و احسان ہے، کہ تو نے اپنے لطف و کرم سے ہمیں مسلمانوں کے گھر پیدا کیا۔ اگر کسی کافر کے گھر پیدا کر دیتا تو ہم کیا کر سکتے تھے!

الحمد للہ الحمد للہ الحمد للہ

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیوم

تیرا شکر و احسان ہے۔ کہ تو نے اپنے لطف و کرم سے اپنے حبیبِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں پیدا کیا۔ اگر کسی اور امت میں پیدا کر دیتا، تو ہم کیا کر سکتے تھے! الحمد للہ! الحمد للہ! الحمد للہ!

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیوم!

تیرا شکر و احسان ہے، کہ تو نے اپنے لطف و کرم سے ہمیں صحت بخشی! اگر بیمار کر دیتا، تو ہم کیا کر سکتے تھے! الحمد للہ! الحمد للہ! الحمد للہ!

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیوم!

تیرا شکر و احسان ہے۔ کہ تو نے اپنے لطف و کرم سے ہمارے اعضاءٔ درست بنائے۔ اگر مفلوج کر دیتا۔ تو ہم کیا کر سکتے تھے! الحمد للہ! الحمد للہ! الحمد للہ!

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیوم!

تیرا شکر و احسان ہے۔ کہ تو نے اپنے لطف و کرم سے ہمیں دین کا صحیح فہم عنایت فرما کر اپنے دین اسلام کی اس دعوت و تبلیغ پر مامور فرمایا۔ اگر دنیا دی لہو و لعب میں مبتلا کر دیتا تو ہم کیا کر سکتے تھے

الحمد للہ! الحمد للہ! الحمد للہ!

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیوم!

تیرا شکر و احسان ہے۔ کہ تو نے اپنے لطف و کرم سے ہمیں اپنی

عبادت کے لئے اور کائنات کی ہر شئے کو ہمارے لئے پیدا فرمایا۔

لیکن

افسوس کا مقام ہے۔ کہ ہم تیری عبادت نہیں کرتے، جو جس کے جی میں آتا ہے۔ کرتا ہے۔ جیسے کہ کوئی کسی کو پوچھنے والا ہی نہیں ہوتا۔ ہم (تیرے بندوں) نے تیرے کسی حکم کی کماحقہٗ کبھی پرواہ نہیں کی۔

یہ تیرا کرم ہے۔ کہ

پھر بھی تو ہم سے اپنی کوئی نعمت نہیں روکتا، اور نہ ہی ہمیں کسی مشقت میں مبتلا کرتا ہے! الحمد للہ! الحمد للہ! الحمد للہ!

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیُّ یا قیوم!

تو ہمارے حال پہ ترس فرما اور ہمیں اپنی طاعت، اور اپنے ذکرِ دوام کی ایسی توفیق بخش! جو سرمدی ہو، اور ہماری ساری کمی کو پورا کردے، ہم تیری توفیق و عنایت ہی سے تیری طاعت و ذکر کر سکتے ہیں!

یا حی یا قیوم

تو ہمیں توفیق عنایت فرما

آمین!

عالمِ بے عمل کے لئے وعید

اللہ رب العالمین نے فرمایا :-

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ	"کیا غضب ہے، کہ کہتے ہو لوگوں کو
وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَکُمْ وَ اَنْتُمْ	نیک کام کرنے کو، اور اپنی خبر نہیں لیتے
تَتْلُوْنَ الْکِتٰبَ ط اَفَلَا	حالانکہ تم تلاوت کرتے رہتے ہو کتاب
تَعْقِلُوْنَ	کی، تو پھر کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے۔"

(البقرۃ ایۃ ۴۴)

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

یُجَاءُ بِالرَّجُلِ یَوْمَ	"قیامت کے دن ایک شخص کو لایا جائیگا
الْقِیٰمَۃِ فَیُلْقٰی فِی النَّارِ	اور اس کو آگ میں ڈال دیا جائے گا (یعنی
فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُہٗ فِی	دوزخ میں) اس کی انتڑیاں آگ میں جلتے
النَّارِ فَیَطْحَنُ فِیْھَا کَطَحْنِ	ہی فوراً اس کے پیٹ سے نکل پڑینگی،
الْحِمَارِ بِرَحَاہُ فَیَجْتَمِعُ	اور وہ اپنی ان انتڑیوں کو اس طرح پیسے گا۔
اَھْلُ النَّارِ عَلَیْہِ	جس طرح پن چکی یا خراس کا گدھا آٹا پیستا ہے۔

فَيَقُولُونَ أَيْ فُلَانُ مَا شَأْنُكَ أَلَيْسَ كُنْتَ تَأْمُرُنَا بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ كُنْتُ آمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَلَا آتِيهِ وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَآتِيهِ

(متفق علیہ)

دوزخی یہ دیکھ کر اس کے گرد جمع ہو جائیں گے اور اس سے کہیں گے اے فلاں شخص تیرا کیا حال ہے۔ تو تو ہم کو نیک کاموں کا حکم دیتا اور برے کاموں سے منع کیا کرتا تھا۔ وہ جواب دیگا۔ ہاں! میں تم کو امر بالمعروف کرتا تھا۔ اور خود اس پر عمل نہ کرتا تھا۔ اور منکر بری باتوں سے منع کرتا تھا، اور خود باز نہ رہتا تھا۔

(اسامہ بن زیدؓ / بخاریؒ / مسلمؒ / مشکوٰۃ شریف مترجم جلد دوم صفحہ ۵۴۳ شمار ۴۹۱۰)

○

عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَأَيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنْ نَارٍ قُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ أُمَّتِكَ

حضرت انسؓ کہتے ہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ "میں نے معراج کی رات میں بہت سے شخصوں کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جاتے ہیں۔ پوچھا جبرئیل سے یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے کہا یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے خطیب (واعظ) ہیں۔ جو لوگوں کو نیکی کی ہدایت کرتے

يَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ يَنْسَوْنَ اَنْفُسَهُمْ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَقْرَءُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يَعْمَلُوْنَ

تھے۔ اور آپ کو بھول جاتے تھے (یعنی خود نیک کام نہ کرتے تھے)" (شرح السنۃ) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ کہ جبریلؑ نے کہا "یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے واعظ ہیں۔ جو ایسی بات کہتے تھے۔ جس پر خود عمل نہ کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب کو پڑھتے تھے۔ اور اس پر عمل نہ کرتے تھے۔"

(مشکوٰۃ شریف مترجم جلد دوم صفحہ ۴۹/۵۰ شمار ۴۹۲۰)

○

ذیل کی یہ حدیث ایک طویل حدیث کا حصہ ہے۔ جو "مشارق الانوار" میں درج ہے

فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلٰى قَفَاهُ وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِهٖ بِفِهْرٍ اَوْ بِصَخْرَةٍ فَيَشْدَخُ بِهٖ رَأْسَهٗ فَاِذَا

سو ہم آگے چلے یہاں تک کہ چت لیٹے مرد کے پاس آئے۔ اور ایک مرد اس کے سر پر پتھر لیے کھڑا ہے۔ سو اس سے اس کے سر کو کچلتا ہے۔ تو اس کو جب مارتا ہے پتھر ڈھلک جاتا ہے۔ تو اس کی طرف وہ

فَضَرَبَهُ فَتَدَهْدَهَ الْحَجَرُ
فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ لِيَأْخُذَهُ
فَلَا يَرْجِعُ إِلَى هٰذَا حَتّٰى
يَلْتَئِمَ رَأْسُهُ وَعَادَ رَأْسُهُ
كَمَا هُوَ فَعَادَ إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ
فَقُلْتُ مَا هٰذَا ......

......

وَالَّذِي رَأَيْتَهُ يُشْدَخُ
رَأْسُهُ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ
اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَنَامَ عَنْهُ
بِاللَّيْلِ وَلَمْ يَعْمَلْ فِيهِ
بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهِ إِلَى
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

(سمرہ بن جندبؓ)

چلا جاتا ہے۔ کہ لے آوے۔ سو
یہاں تک پلٹ کر نہیں پہنچتا ہے
کہ اس کا سر جُڑ جاتا ہے۔ اور
درست ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ
تھا۔ سو وہ مرد اس کی طرف پلٹ
آتا ہے۔ اور مارتا ہے۔ سو میں نے
کہا۔ کہ یہ کیا ہے؟ ....

اور جس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تھا
کہ اس کا سر کچلا جاتا تھا۔ سو وہ مرد ہے۔ جس
کو اللہ نے قرآن سکھلایا۔ سو قرآن سے
غافل ہو کر رات کو سو رہا۔ یعنی تہجد
میں قرآن نہ پڑھا اور دن کو اس پر عمل
نہ کیا۔ یہی عذاب اس پر ہوا کرے گا روز قیامت
تک۔

بخاری و مسلم / مشارق الانوار
صفحہ ۱۸۵-۱۸۳ شمارہ ۵۶۷)

اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے فرمایا

فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ

"تو آپ جس طرح کہ آپ کو حکم ہوا ہے (راہ دین پر) مستقیم رہیئے"

هود (۱۱۲)

ف :- یعنی جس طرح اللہ نے جس کام کو کرنے کے بارے میں امر دیا ہے اس پر ڈٹے رہیں۔ اور امر پہ کس کر کمر باندھیں۔ یہ حکم استقامت کی اصل ہے دین کا سارا انحصار استقامت یعنی اللہ سبحانہٗ کے اس حکم ہی کی تعمیل پہ منحصر ہے۔ جب تک کسی کو اوامر و نواہی پہ استقامت حاصل نہیں، گویا کچھ بھی نہیں۔ ایک کام اختیار کیا، پھر اسے چھوڑ دیا۔ دل کی جمعیت ایک بار جم کر بکھر گئی۔ اس سے کہیں بہتر تھا۔ کہ اس کام کو اختیار ہی نہ کرتے۔ جب بھی کسی نیک کام کو اختیار کرو، پھر اسے عمر بھر کبھی ترک نہ کرو۔ اور یہ جنت کے کاموں میں سے ہے۔ ماشاء اللہ

○

ایفائے وعدہ

اسلام کا دوسرا اور بہت ہی ضروری حلم یہ ہے۔ کہ جس سے جو وعدہ کرو۔ پورا کرو۔ اپنے کسی وعدہ سے کبھی مت پھرو۔ جب تک آپ اپنی کہی ہوئی

بات ہی کے پکے اور پورے نہیں، آپ کی کسی بات پہ کوئی کیا اعتبار کر سکتا ہے اور اس حال میں اللہ کے نزدیک آپ کے کسی عمل کی کیا وقعت و قدر ہو سکتی ہے۔ اللہ رب العٰلمین نے فرمایا :-

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۥ (المائدہ آیہ - ۱) "اے ایمان والو! اپنے عہدوں کو پورا کرو۔"

○

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○ "اے ایمان والو! ایسی بات کیوں کہتے ہو۔ جو کرتے نہیں ہو۔ خدا کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ ایسی بات کہو، جو کرو نہیں۔"

الصف (۲ - ۳)

○

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ○ "اور عہد کو پورا کیا کرو۔ کیونکہ (قیامت میں) عہد کی بازپرس ہو گی

بنی اسرائیل ۔ ۳۴)

○

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا "اور جب تم لوگ آپس میں قول و قرار

عَاهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا	کرلو۔ تو اللہ تعالٰی کی قسم کو پورا کرو۔
الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِهَا	اور قسموں کو ان کے پکا کئے پیچھے نہ توڑو۔
وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَیْکُمْ	حالانکہ اللہ کو اپنا ضامن ٹھہرا چکے ہو۔ کچھ
کَفِیْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا	شک نہیں، کہ جو کچھ تم کر رہے ہو، اللہ اس
تَفْعَلُوْنَ ○	سے بخوبی واقف ہے۔"

(النحل آیہ ۹۱)

○

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اَلْعِدَةُ دَیْنٌ وَیْلٌ لِّمَنْ	وعدہ قرض ہے۔ ہلاکت ہے اس شخص
وَعَدَ ثُمَّ اَخْلَفَ وَیْلٌ	کے لئے۔ جس نے وعدہ کیا پھر پورا نہ کیا۔
لِّمَنْ وَعَدَ ثُمَّ اَخْلَفَ	ہلاکت ہے اس شخص کے لئے جس نے وعدہ
وَیْلٌ لِّمَنْ وَعَدَ ثُمَّ ○	کیا پھر اس کی خلاف ورزی کی۔ ہلاکت ہے اس
اَخْلَفَ	شخص کے لئے جس نے وعدہ کیا پھر پورا نہ کیا۔

(کنز العمال جلد ۳ صدا، شمار ۱۷۳۶)

○

عِدَةُ الْمُؤْمِنِ دَیْنٌ ○	مومن کا وعدہ قرض (کی طرح) واجب الادا
وَعِدَةُ الْمُؤْمِنِ کَالْاَخْذِ	ہے اور مومن کا وعدہ ایسا ہے۔ جیسے ہاتھ

بَابُنِيَ سے پڑھ لینا

(علیؓ - کنزالعمال جلد ۲ ص ۴۲ شمار ۱۷۴۰)

اِنَّ خِيَارَ عِبَادِ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُوْفُوْنَ الْمُطَيِّبُوْنَ

"قیامت کے دن اللہ کے سب سے بہتر بندے ہوں گے، جو خوشدلی سے وعدہ وفا کرتے ہیں۔"

(عائشہؓ۔ کنزالعمال جلد دوم صفحہ ۴۲ شمار ۱۷۴۶)

اَلْوَاعِدُ بِالْعِدَةِ مِثْلُ الدَّيْنِ اَوْ اَشَدُّ

"وعدہ کرنے والے کا اقرار قرض کی طرح ہے یا اس سے بھی زیادہ"

(علی کرم اللہ وجہہ۔ کنزالعمال جلد اول صفحہ ۴۲، شمار ۱۷۴۷)

دیباچہ

میرا علم قلیل، عقل ناقص اور کوشش ناتمام ہے، پھر بھی میں اپنے اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام سے یہ دعا کرتا ہوں، کہ وہ مجھ عاجز و ناتواں کو یہ توفیق بخشے، کہ میں اپنا ہر معاملہ دینی ہو یا دنیوی، ظاہری ہو یا باطنی اپنے اللہ ہی کو سونپ کر، اور کون و مکاں کی ہر شے سے مستغنی و بے نیاز ہو کر، اور ہر طرف و جانب سے کلیتہً منہ موڑ کر اور تمام امیدیں توڑ کر اپنے ربِّ رحمٰن و رحیم، ربِّ عرش عظیم اور اپنے مولائے کریم حضرت اقدس و اکمل جناب رسولِ اکرم و اجمل اطیب و اطہر محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ عین النعیم و اتم النعیم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ کی طرف ہمہ تن و من محو و منہمک رہوں

یاحی یاقیوم — آمین!

بے شک یہ راہ شاہراہ اور اس کے سوا ہر راہ گمراہ ہے۔

اللہ سبحانہٗ اپنے لطف، اپنے کرم، اپنے فضل، اپنی رحمت، اپنی عزت اپنی عظمت، اپنے جمال، اپنے جلال، اپنی قدرت اور اپنے کمال سے مجھ عاجز و ناتواں کو اس کتاب العمل بالسنۃ المعروف بہ ترتیب شریف پر سو فیصدی

عمل کی توفیق بخشے، ایسی توفیق جسے کوئی چھین نہ سکے اور جو کبھی چھن نہ سکے،

یا حیّ یا قیّوم ــــ آمین

اور ــــ اے جانِ من :

بندے کا اللہ کی طرف متوجہ ہونا ــ اللہ کا بندے کی طرف متوجہ ہونے کی بدولت ہوتا ہے۔ ورنہ جب تک اللہ اپنے کسی بندے کی طرف متوجہ نہیں ہوتا، کوئی بندہ اللہ کی طرف کبھی متوجہ نہیں ہو سکتا۔

اللہ کا شکر ہے

کہ اللہ نے مجھے اپنی طرف متوجہ کیا، اور پھر مجھ کو اپنے حبیب اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّتِ مطہرہ پر چلنے کی توفیق بخشی، اور میں اللہ کے اس احسانِ عظیم کا کسی بھی زبان اور کسی بھی طرح کبھی شکر ادا نہیں کر سکتا، اگرچہ قیامت تک شکر کرتا رہوں :

یا حیّ یا قیّوم ــــ !

الحمد للہ حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ کما یحب ربنا و یرضٰی

احقر برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم

اِلاُھداء

بحضور اَقدس و اَکمل ، اَطیب و اَطہر

اَکرم و اَجمل ، جناب سرورِ کائنات

فخرِ موجودات ، سیّد المرسلین

خاتم النبیّین ، رحمۃٌ للعٰلمین

شفیع المذنبین ، صاحب تیجان المقرّبین

راحتِ قلوب المومنین ، حبیبِ ربّ العٰلمین

ماوانا و ملجانا ، سیّدِنا و سندِنا

حبیبنا و محبوبنا

محمّد مصطفٰے احمد مجتبٰے

صلّی اللہ علیہ و اٰلہٖ و اَصحابہٖ وسلّم

التقرب الی

حضرت پیرانِ پیر، قدوۃ الموحّدین،

شمس العارفین، امام الاولیاء الکاملین، زُبدۃ السالکین، دلیل المُحقّقین، عمدۃ الرّاسخین قائد الواصلین، شمسِ طریقت، امامِ شریعت، غوّاصِ بحرِ عرفانی، شہبازِ لا مکانی، عارفِ یزدانی، فقیرِ اصفہانی، درویشِ سُبحانی، مسکینِ زمانی، سالکِ حقّانی، ابو الخیر، راشد التّوحید، قاسم الفیوض الرّشیہ، غوث الثّقلین، غوث الاعظم غوث الاقلیم الوریٰ، غوثِ صمدانی، محبوب المُصطفٰی سیّد السّادات سیّدنا حضرت

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الانتساب الی

حَضرتِ الاقدسِ حَبیبِ اللهِ تبارک و تعالیٰ

و محبوبِ حَبیبِ ربِّ العٰلمین (صلی اللہ علیہ وسلم)

قَائِم اللَّیل و النَّهارِ صَائِم الدَّهرِ العابدِ الزَّاهِدِ

المُحِبِ الاِسلَام و المُسلِمِین المَقبُول عِندَ

المُقرَّبِین العارِفُ الرَّبَّانِی و صَابِرُ الوَلِی

الحقَّانِی سَیِّدنَا و مولٰنا و ابینا و مخدومنا

و مُطَاعِنَا و هَادِینا و صَاحِبِ اِرشَادِنا السَّیِّدُ

المخدُوم (لِکُلِّ الدِّیارِ)

علاء الدین علی احمد صابر الکلیری

رِضوَانُ الله تعالیٰ علیهِ و اَدَام الله تعالیٰ برکاتهٗ

و اَمدَّ الله فیُوضَهٗ اِلیٰ یَومِ الدِّین

تشکّر و امتنان

"کتابُ العَملِ بالسُّنَّۃ" المعروف بہ "ترتیب شریف"

تالیف و تدوین، ترتیب و تنظیم، تشکیل و تکمیل، تشہیر و تدبیر، تبلیغ و تفسیر و تشریح اور طباعت و کتابت و اشاعت میں جن جن مطابع و مکاتب ــ نیز اصحابِ تصنیفات و تالیفات سے استفادہ کیا گیا ہے، نیز وہ تمام افراد و اشخاص ـــ جن سے ـــ علمی، ادبی، نظری، فکری، قلمی، عملی، مالی اور لسانی استمداد حاصل کی گئی ہے۔ اور اس مقدس و مطہر تالیف میں جس جس نے کسی طرح سے بھی میری مدد کی ہے اور میرا ہاتھ بٹایا ہے

وہ سب

میرے قلبی اور دلی شکریہ و اظہار امتنان کے حقدار ہیں۔ فَجَزَاھُمُ اللہُ اَحْسَنَ الْجَزَآءِ ـــ خاکسار اُن سب کا ممنون و شکر گذار ہے اور ان کی مغفرت کیلئے دعا گو و امیدوار ہے

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا وَمِنْھُمْ اٰمِیْنَ ثُمَّ اٰمِیْنَ

ناقص تعلیم

ناقص حال کی حامل ہوتی ہے !

اور

یہ تعلیم

حضورِ اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر

صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم ہے !

اس میں

کسی بھی قسم کے نقص کا ھرگز کوئی امکان نہیں

یہ تعلیماتِ نبویہ

ھر لحاظ و اعتبار سے مکمّل و اکمل ہیں

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

اِس کا عامل ــ کامل

اس کے سوا ہر عمل کا عامل ناقص ہے ــ اگرچہ کوئی ہو، اور کیسا ہو،

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

تعلیماتِ رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا عامل ہی

کامل ہو سکتا ہے،

کوئی اور تعلیم اور کسی اور کی تعلیم

کسی کمال کی کبھی دعویدار نہیں ہو سکتی

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

رسولِ اکرم واجمل صلّی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات

ہر کمال کی حامل ھیں

اور

یہ کمال کسی اور کو کبھی حاصل نہیں،

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

کسی کی کوئی تعلیم

ان کی کسی تعلیم سے ہرگز افضل نہیں

ساری دُنیا کی تعلیمات ایک طرف اور

میرے آقا و مولیٰ جانم فدا صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّتِ مطہرہ ایک طرف

اور کسی کا کوئی بھی عمل اگرچہ کیسا ہو۔ اور کتنا ہو

کسی بھی سنّت کی کبھی برابری نہیں کر سکتا

ھرگز نھیں کرسکتا

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

ھم ہر طرف و جانب سے کلیتہً منہ موڑ کر

سُنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف

ھمہ تن و من محو و منھمک ھوتے ھیں

بے شک

سُنّت کی اِتباع افضل اکرم اور اعظم ہے

اِس سے باھر

ھم نے کوئی قدم نہیں رکھنا، اور کبھی نہیں رکھنا

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

یہ نظام الاوقات ہے

یہ نظام الاوقات امرِ الٰہی ہے

یہ نظام الاوقات فرمانِ رسولِ اکرم و اجمل صلی اللہ علیہ وسلم ہے

یہ نظام الاوقات ارشادِ مُرشد ہے

یہ نظام الاوقات صلوٰۃ الوسطیٰ ہے

یہ نظام الاوقات اکسیرِ اعظم ہے

یہ نظام الاوقات نسخہ مایۂ یحیی العظام ہے

یہ نظام الاوقات جہادِ اکبر ہے

یہ نظام الاوقات بلوغ المرام ہے

یہ نظام الاوقات مقبول دستور العمل ہے

یہ نظام الاوقات رُوح اور نفس کے درمیان ایک فیصلہ کن جنگ ہے

یہ نظام الاوقات مُستند مجاہدہ ہے

یہ نظام الاوقات نور کا منبع ہے

یہ نظام الاوقات قاری کی ہر شئے کو منور کر دیتا ہے !

یہ نظام الاوقات قاری کے نفس کو روح کی اطاعت و اتباع پر مجبور کرتا ہے

یہ نظام الاوقات قاری کو کائنات کی ہر شے سے مستغنی و بے نیاز کر دیتا ہے

یہ نظام الاوقات ذکرِ کثیر کی ایک مفصل تفصیل ہے

یہ نظام الاوقات ہر مرض کی دوا اور ہر بیماری سے شفا ہے

یہ نظام الاوقات جنات و شیاطین کو بھگاتا اور ہر قسم کی زحمت، مرض، بیماری، بلا، وبا، قحط، افلاس، اور ناداری کو دور کرتا ہے۔ اور رحمتِ الٰہی کو کھینچ لاتا ہے۔

یہ نظام الاوقات ہر قسم کے ہم و غم کو زائل کرتا ہے

یہ نظام الاوقات ایک مستقل کسب ہے جو اپنے قاری کو کسی اور کسب کا محتاج نہیں رکھتا۔

یہ نظام الاوقات آبِ حیات ہے۔ قاری کو حیاتِ جاوداں بخشتا ہے۔

یہ نظام الاوقات زنگ آلودہ دلوں کو صیقل کرتا ہے

اس نظام الاوقات کی مداومت کر، اس کی موجودگی میں کوئی دوسرا

نظام کبھی چل نہیں سکتا

اِس سے نظام الاوقات کا جلال شیاطین کو جلا دیتا ہے

اِس سے نظام الاوقات کا جمال خاکی و نوری کو تسخیر کرتا ہے

اِس سے نظام الاوقات کا ہر عمل ایک مقام اور ہر مقام قرب نجات اور ولایت کا ایک زینہ ہے

اِس سے نظام الاوقات میں دین دنیا اور آخرت کی ہر بھلائی اور خوبی موجود ہے

اِس سے نظام الاوقات کی مداومت جنگلوں کو بستی اور بیابانوں کو خیابان بناتی ہے

اِس سے نظام الاوقات کی قرأت مجذوب کو سالک (مجذوب) اور سالک کو مجذوب (سالک) بنا دیتی ہے

اِس سے نظام الاوقات کے قاری کا مقام ہر مقام پہ حاوی اور ہر مقام اس کی زد میں ہوتا ہے

یہ سے نظام الاوقات اپنے قاری کو مسرور و مخمور کر دیتا ہے اور اس کا سرور اور اس کا خمار کبھی اتر نہیں سکتا، اور نہ ہی کسی طرح اتارا

جا سکتا ہے۔

یہ نظام الاوقات ایک ایسا مضبوط قلعہ ہے، جسے کوئی بھی اور کبھی بھی پھاند نہیں سکتا۔
اور نہ ہی اسے توڑ سکتا ہے

یہ نظام الاوقات ایک ایسا حصار ہے، جس میں کسی بھی طرح، اور کوئی بھی کبھی داخل نہیں ہو سکتا

یہ نظام الاوقات عمل کا ایک ایسا پہاڑ ہے، جسے کوئی ہلا نہیں سکتا

فَضَائِلُ الذِّکْرِ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل، ذوالجلال والاکرام فرماتے ہیں کہ میں دانا کے ہر کلام کو قبول نہیں کرتا ہوں بلکہ میں دانا کی **خواہش اور ارادہ** کو قبول کرتا ہوں۔ اگر اس کی خواہش اور اس کا ارادہ میری عبادت کا ہو تو میں اس کے **چپ** رہنے کو بھی اپنی تعریف اور بڑائی قرار دیتا ہوں اگرچہ کلام نہ کرے۔ (مہاجر بن حبیبؓ / دارمیؒ ــــــ دارمی شریف صفحہ ۹۲ شمارہ ۲۷۵ / ترتیب شریف صفحہ ۱۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ذکرِ اللہ کے سوا کسی کلام کی کثرت نہ کرو۔ کیونکہ اللہ کے ذکر کے سوا کلام کی کثرت دل کو سخت کر دیتی ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ سے زیادہ دور وہ ہے جو سخت دل ہے۔ (یہ حدیث غریب ہے) (ابن عمرؓ / ترمذی شریف جلد دوم صفحہ ۵۵ شمارہ ۲۷۵ / ترتیب شریف صفحہ ۱۵)

حضرت امام مالکؒ کو پہنچا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے تھے کہ مت باتیں کرو بے کار سوائے یادِ الٰہی کے کہ کہیں سخت ہو جائیں دل تمہارے اور سخت دل دور ہے۔ اللہ سبحانہٗ سے لیکن تم نہیں سمجھتے۔ اور مت دیکھو دوسروں کے گناہ گویا

تم ہی رب ہو۔ اپنے گناہوں کو دیکھو اپنے تئیں بندہ سمجھ کر۔ کیوں کہ لوگوں میں سب طرح کے لوگ ہیں۔ بعض بیمار ہیں۔ بعض اچھے ہیں۔ تو رحم کرو بیماروں پر اور شکر کرو اللہ سبحانہ کا اپنی تندرستی پر۔

(موطا امام مالکؒ صفحہ ۷۰۷، ترتیب شریف صفحہ ۱۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر آدمی کے دل میں دو مکان ہیں۔ ایک میں فرشتہ (رہتا) ہے دوسرے میں شیطان۔ جب وہ اللہ سبحانہٗ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ اور جب ذکر نہیں کرتا تو شیطان اپنی چونچ (یعنی منہ) اس کے دل میں رکھ دیتا ہے۔ اور وسوسہ ڈالتا ہے۔

(عبداللہ بن شقیقؒ رابن ابی شیبہؒ رحصن حصین صفحہ ۲۹ ترتیب شریف صفحہ ۱۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذو الجلال والاکرام فرماتے ہیں کہ اے انسان تو میری عبادت کیلئے فارغ ہو جا میں تیرا سینہ غنیٰ سے بھر دوں گا۔ (تجھے دولت غنیٰ اور دلجمعی میسر آئے گی) اور تیری محتاجی کا سدباب کر دوں گا۔ اگر تو یہ نہیں کرتا تو میں تیرے دونوں ہاتھ (پریشان کن) مشاغل سے بھر دوں گا۔ اور تیری محتاجی کا سدباب نہ کروں گا۔ (یہ حدیث حسن غریب ہے) (ابو ہریرہؓ رترمذیؒ ــــ ترمذی شریف جلد دوم صفحہ ۷۰ شمارہ ۲۳۹ ترتیب شریف صفحہ ۱۶)

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول

اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا گیا کون سا بندہ سب بندوں سے درجے کے اعتبار سے سب سے بڑا اور فضیلت رکھنے والا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا ذکر کثرت سے کرنے والا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (کیا اس ذاکر کا مرتبہ) اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے سے بھی بڑا ہے) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اپنی تلوار کافروں اور مشرکین پر چلاتا رہے یہاں تک کہ ٹوٹ جائے اور خون سے رنگین ہو جائے تب بھی اللہ کا ذکر کرنے والے اس غازی سے درجہ میں بڑے ہیں۔

(ابو سعید خدریؓ / ترمذیؒ - ترمذی شریف جلد دوم
شمار ۱۲۲۸ صفحہ ۲۸۶ / ترتیب شریف صفحہ ۱۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر چیز کی صفائی ہے۔ اور دل کی صفائی اللہ سبحانہ کا ذکر ہے۔ اور کوئی چیز اللہ تبارک وتعالےٰ کے عذاب سے بچانے والی ذکر الٰہی سے بہتر نہیں۔ حضرات صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔ کیا اللہ تبارک وتعالیٰ عز وجل کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہیں اگرچہ جہاد کرنے والے کی تلوار لڑتے لڑتے ٹوٹ جائے۔

(عبداللہ بن عمرؓ / بیہقیؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اول
صفحہ ۴۸۳ شمار ۲۱۶۳ / ترتیب شریف صفحہ ۱۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ غافل لوگوں میں اللہ سبحانہٗ

کا "ذکر" کرنے والا شخص اس شخص کی مانند ہے جو بھاگنے والوں کے پیچھے دشمنوں سے برسرپیکار ہے۔ اور غافل لوگوں میں ذکر الٰہی کرنے والا سبز ٹہنی کی مانند ہے۔ خشک درخت میں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ وہ اس سبز درخت کے مانند ہے جو درختوں کے درمیان ہو۔ اور غافل انسانوں میں اللہ سبحانہٗ کا "ذکر" کرنے والا "چراغ" کے مانند ہے تاریک گھر میں اور ذکر الٰہی کرنے والا غافلوں میں دکھا دیتا ہے اللہ سبحانہٗ اس کو زندگی ہی میں اس کی اس جگہ کو جو جنت میں ہے اور غافل انسانوں میں اللہ سبحانہٗ کا "ذکر" کرنیوالا بخشش کی جاتی ہے اس کے گناہوں کی بقدر شمار ہر فصیح اور عجمی کے اور فصیح سے مراد انسان ہیں اور عجم سے مراد جانور۔

(مالکؒ اور رزینؒ (مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۲۸۲ - ۳ شمار ۲۲۱۰ / ترتیب شریف صفحہ ۱۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غفلت شعاروں میں اللہ سبحانہٗ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے، جیسا میدان جنگ سے بھاگنے والوں میں صابر غازی۔

(ابن مسعودؓ (بزارؒ طبرانیؒ فی الاوسط (حصن حصین صفحہ ۲۰ / ترتیب شریف صفحہ ۱۷)

حضرت معاذ بن جبلؓ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے (کچھ) نصیحت فرمائیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جتنا ہو سکے تقویٰ اختیار کرو۔ ہر پتھر اور درخت کے پاس اللہ سبحانہٗ کی یاد کرو اور جو کچھ برائی (گناہ و غفلت) کی ہو اس کی اللہ سبحانہٗ ہی سے توبہ کر پوشیدہ گناہ کی پوشیدہ ظاہری گناہ کی ظاہری توبہ۔

(طبرانی فی الکبیر؛ حصن حصین صفحہ ۲۵؛ ترتیب شریف صفحہ ۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ایک آدمی کی گود میں درہم ہوں جن کو وہ تقسیم کر رہا ہو۔ اور دوسرا محض اللہ سبحانہٗ کا ذکر کرتا ہو تو ذاکر اس سے افضل و اعلیٰ ہے۔

(ابوموسیٰ الاشعریؓ؛ طبرانی فی الکبیر؛ حصن حصین صفحہ ۲۷؛ ترتیب شریف صفحہ ۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سبحانہٗ کے نیک بندے وہ ہیں جو چاند، سورج، ستاروں اور سایوں کا صرف اللہ سبحانہٗ کے ذکر کے واسطے خیال رکھتے ہیں

(عبداللہ بن اوفیٰؓ؛ حصن حصین صفحہ ۲۲؛ ترتیب شریف صفحہ ۱۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اکیلے لوگ سب سے آگے بڑھ گئے۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مفردین (اکیلے لوگوں) سے کیا مطلب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ لوگ جو اللہ سبحانہٗ کے ذکر کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں یہ یاد اور ذکر ان کا بوجھ اتار دے گا۔ اور قیامت کے دن وہ ہلکے پھلکے ہو جائیں گے۔ (یہ حدیث حسن و غریب ہے)۔

(ابوہریرہؓ؛ ترمذیؒ۔ ترمذی شریف جلد دوم
صفحہ ۵۴۴ شمار ۳۴۴۱؛ ترتیب شریف صفحہ ۱۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لوگ ہمیشہ اپنی زبان اللہ سبحانہٗ کے ذکر سے تر رکھتے ہیں۔ وہ ہنستے ہوئے جنت میں جائیں گے۔

(ابی الدرداءؓ؛ ابن ابی شیبہؒ؛ حصن حصین صفحہ ۵؛ ترتیب شریف صفحہ ۱۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنتی (قیامت کے دن جنت میں داخل ہونے سے پہلے) کسی چیز پر حسرت نہیں کریں گے مگر اس گھڑی پر جو ان پر بغیر ذکر الہٰی کے گزر گئی۔ (معاذؓ / طبرانیؒ / ابن سنیؒ / حصن حصین صفحہ ۳۲ / ترتیب شریف صفحہ ۱۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب لوگ کسی جگہ بیٹھ کر اٹھیں اور اس نشست میں اللہ سبحانہٗ کا ذکر نہ کریں تو ان کا وہاں سے کھڑا ہونا مردار گدھے کی مانند ہو گا اور ان پر حسرت ہوگی۔

(ابوہریرہؓ / احمدؒ ــــــ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل

صفحہ ۴۸۱ شمار ۲۱۵۱ / ترتیب شریف صفحہ ۱۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا (یا کسی اور جگہ) اور اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کا وہاں ذکر نہیں کیا گیا تو اس کا وہاں بیٹھنا۔ اللہ سبحانہٗ کی طرف سے اس پر افسوس اور ٹوٹا ہو گا اور جو شخص اپنے بستر پر لیٹا اور اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کا اس پر ذکر نہیں کیا تو اللہ سبحانہٗ کی طرف سے افسوس اور ٹوٹا ہو گا۔

(ابوہریرہؓ / ابوداؤدؒ ــــــ مشکوٰۃ شریف جلد اول

صفحہ ۴۸۱ شمار ۲۱۵۰ / ترتیب شریف صفحہ ۹-۱۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی آدمی کسی راستہ پر سے گذرا اور (اس میں) اللہ سبحانہٗ کا ذکر نہ کیا تو (یہ غفلت قیامت کے دن) اس کے واسطے حسرت و افسوس کا سبب ہوگی اور جو کوئی اپنے بستر پر سویا اور اللہ سبحانہٗ کا ذکر نہ کیا تو اس کے لیے (ایک دن اس کا ذکر چھوڑنا) حسرت و افسوس کا باعث ہوگا۔ (ابی ہریرہؓ (نسائیؒ۔ احمدؒ۔ ابن حبانؒ)

(حصن حصین، صفحہ ۱۳۱ از ترتیب شریف صفحہ ۱۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سبحانہٗ کی قسم دنیا میں ایک جماعت اللہ سبحانہٗ کو نرم و نازک بستروں پر یاد کرتی ہے جنہیں اللہ سبحانہٗ بلند جنتوں میں داخل فرمائے گا۔ (ابی سعید الخدریؓ (ابو یعلیٰؒ)

حصن حصین صفحہ ۲۰ از ترتیب شریف صفحہ ۱۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ (تبارک و تعالیٰ عز و جل ذو الجلال و الاکرام) فرماتا ہے کہ میں اپنے بندہ کے اس گمان کے ساتھ ہوں جو اس کو میرے متعلق ہے اور میں اس وقت بندہ کے ساتھ ہوتا ہوں جس وقت وہ میرا ذکر کرتا ہے۔ اگر وہ دل میں میرا ذکر کرتا ہے (یعنی مجھے یاد کرتا ہے) تو میں بھی اپنے جی میں اس کا ذکر کرتا ہے۔ اور اگر وہ مجمع میں میرا ذکر کرتا ہے (یعنی مجھے یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کا ذکر اس مجمع سے بہتر مجمع میں کرتا ہوں۔ (یعنی

فرشتوں میں) اور اگر وہ مجھ سے ایک بالشت قریب ہوتا ہے تو میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ میری طرف آتا ہے تو میں پورا ہاتھ اس کے قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ میرے پاس پیدل چلتے ہوئے آتا ہے تو میں تیز دوڑتے ہوئے آتا ہوں (یہ حدیث صحیح ہے)

اس حدیث کی تفسیر میں حضرت اعمش کہتے ہیں کہ جو (بندہ) مجھ سے ایک بالشت قریب ہوتا ہے میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہوتا ہوں یعنی رحمت و مغفرت کے ساتھ۔ بعض علماء نے اس کی تفسیر یوں فرمائی ہے کہ جب بندہ میری بندگی اور میرے حکم کی اطاعت و فرمانبرداری کے ذریعہ میرے نزدیک ہوتا ہے تو میری رحمت و مغفرت اس کی طرف تیزی سے بڑھتی ہے۔

(ابو ہریرہ رض / ترمذی رح ــــ ترمذی شریف جلد دوم، صفحہ ۲۴۷، شمار ۱۵۴۱) ترتیب شریف صفحہ)

حضرت ابی رزین رض کہتے ہیں کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل الطیب و الطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا میں تجھ کو اس امر (دین) کی جڑ بتا دوں کہ تو اس کے ذریعہ دنیا اور آخرت کی بھلائی کو حاصل کر سکے تو اہل ذکر کی مجلسوں میں بیٹھا کر (یعنی ان لوگوں کے پاس جو اللہ سبحانہٗ کا ذکر کرتے ہیں) اور جب تنہا ہو تو جس قدر ممکن ہو اللہ سبحانہٗ کی یاد میں اپنی زبان کو حرکت میں رکھ۔ محض

اللہ سبحانہ کی خوشنودی کے لیے محبت کر اور اللہ سبحانہ کی رضامندی کے لیے بغض رکھ۔ اے ابو رزینؓ کیا تو جانتا ہے کہ جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی زیارت و ملاقات کے ارادہ سے گھر سے نکلتا ہے تو (کیا ہوتا ہے) اس کے پیچھے ستر ہزار فرشتے ہوتے ہیں جو اس کے لیے دعا و استغفار کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار! اس شخص نے محض تیری رضا کے لیے ملاقات کی تو اس کو اپنی رحمت اور شفقت سے ملا دے پس اگر تجھ سے یہ ممکن ہو (یعنی اپنے مسلمان بھائی کی ملاقات کے لیے جانا) تو تو ایسا کر (یعنی اپنے مسلمان بھائی سے ملاقات کر)

(ابی رزینؓ / البیہقیؒ ___ مشکوٰۃ شریف جلد دوم
صفحہ ۴۲۴، شمار ۹۷۷۴، ترتیب شریف صفحہ ۲۰)

حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابو سعید خدریؓ (دونوں) گواہی دیتے ہیں کہ حضور اقدس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر وہ جماعت جو اللہ کا ذکر کرتی ہے اس کو فرشتے آکر گھیر لیتے ہیں اور (رحمت الہٰی) ان کو ڈھانک لیتی ہے اور ان پر اطمینانِ قلب نازل ہوتا ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام ان کا ملائکہ مقربین میں ذکر کرتا ہے (یہ حدیث حسن صحیح ہے)

(ابو ہریرہؓ و ابو سعید خدریؓ / ترمذیؒ ـ ترمذی شریف جلد دوم
صفحہ ۲۸۷، شمار ۱۲۳۰، ترتیب شریف صفحہ ۲۰)

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے چند فرشتے راستوں میں (اللہ کا) ذکر کرنے والوں کو
ڈھونڈتے پھرا کرتے ہیں اور جب ان کو اللہ کا ذکر کرنے والے مل جاتے
ہیں تو وہ (اپنے ساتھی فرشتوں کو) پکارتے ہیں کہ آؤ اپنی حاجت کی طرف
(حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر یہ فرشتے ان لوگوں کو اپنے پروں
سے ڈھانپ لیتے ہیں (اور) آسمانِ دنیا تک (تہ بہ تہ پہنچ جاتے ہیں) فرمایا
پھر (ذکر کی مجلس برخاست ہونے کے بعد جب یہ فرشتے اپنے مقام پر پہنچتے
ہیں تو) اللہ تبارک وتعالیٰ ان سے دریافت کرتا ہے اور حالانکہ وہ ان سے
زیادہ واقف ہوتا ہے کہ میرے بندے کیا کہہ رہے تھے۔ یہ کہتے ہیں (الٰہی)
تیری تسبیح وتکبیر وحمد وثنا کر رہے تھے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے (اے فرشتو)
کیا انہوں نے مجھ کو دیکھا ہے۔ فرشتے کہتے ہیں نہیں واللہ انہوں نے تجھ کو
نہیں دیکھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے پھر اگر وہ مجھ کو دیکھتے تو کیا ہوتا۔
فرشتے کہتے ہیں، اگر وہ تجھ کو دیکھتے، تو نہایت شدت سے تیری حمد وثنا
اور تسبیح وتقدیس کرتے (حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
پھر اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے (اے فرشتو) وہ مجھ سے
کس چیز کا سوال کرتے ہیں فرشتے کہتے ہیں وہ تجھ سے جنت مانگتے ہیں۔ اللہ
تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے رجو اس کی طلب کرتے

ہیں، فرشتے کہتے ہیں نہیں دیکھا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے اگر دیکھتے تو کیا ہوتا۔ فرشتے کہتے ہیں اگر وہ اس کو دیکھتے تو بہت شدت سے اس کی خواہش کرتے پھر اللہ تبارک و تعالیٰ فرشتوں سے کہتا ہے وہ پناہ کس چیز سے مانگتے ہیں۔ فرشتے کہتے ہیں دوزخ سے پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے دوزخ کو دیکھا ہے۔ فرشتے کہتے ہیں نہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے اس کو دیکھتے تو کیا ہوتا۔ فرشتے کہتے ہیں اگر اس کو دیکھتے تو اس سے بھاگتے اور بہت ہی خوف کرتے۔ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے فرشتو میں تمہیں گواہ کرتا ہوں کہ ان لوگوں کو میں نے بخشا۔ پھر ان فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کہتا ہے کہ ان ذکر کرنے والے لوگوں میں ایک آدمی ذکر کرنے والوں میں سے نہیں تھا بلکہ کسی ضرورت سے وہاں چلا گیا تھا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے وہ ایسے لوگ ہیں۔ جن کا ہم نشین محروم نہیں رہتا۔ یہی حضرت شعبہؓ نے بھی حضرت اعمشؓ سے روایت کی ہے۔ لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک سلسلہ ثابت نہیں کیا۔ حضرت سہیلؓ نے اپنے باپ سے اور انہوں نے حضرت ابوہریرہؓ سے اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث نقل کی ہے۔ (بخاری شریف جلد سوم صفحہ ۷۰۲، شمار ۱۳۳۷ ترتیب شریف صفحہ ۲۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خبردار ہو کہ میں نے

تم سے بدگمان ہو کر تم کو قسم نہیں دلائی۔ لیکن میرے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے۔ انہوں نے مجھ کو خبر دی کہ البتہ اللہ سبحانہٗ تمہارے سبب سے فرشتوں میں فخر کرتا ہے۔ یہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت فرمایا جب کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کرامؓ کی محفل پر گذرے تو فرمایا کس چیز نے تم کو بٹھایا حضرات صحابہ کرامؓ نے کہا ہم بیٹھے اللہ سبحانہٗ کی یاد کرتے ہیں اور اس کی تعریف کرتے ہیں کہ اس نے ہم کو اسلام کی راہ بتائی اور اس کے سبب سے ہم پر احسان کیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کو اللہ کی قسم ہے کہ تم کو اس کے سوا اور کسی کام نے تو نہیں بٹھایا۔ اصحابؓ نے عرض کیا اللہ کی قسم ہم کو سوا یاد الٰہی کے اور کسی کام نے نہیں بٹھایا۔

(ابو سعیدؓ/ مسلمؒ/ مشارق الانوار صفحہ ۱۱-۶۱۰ شمار ۱۸۹۶ - ترتیب شریف صفحہ ۲۲)

حدیث قدسی ہے اللہ سبحانہٗ فرماتا ہے قیامت کے روز لوگوں کو معلوم ہو جائے گا اہل کرم رحمن پر اللہ سبحانہٗ انعام فرمائے گا کون ہیں؟ دریافت کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اہل کرم کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مساجد میں ذکر کی مجلسیں کرنے والے۔

(ابی سعید الخدریؓ/ ابن حبانؒ۔ طبرانیؒ فی الکبیر۔ ابو یعلیٰؒ/ حصن حصین صفحہ ۲۸ ترتیب شریف صفحہ ۲۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تک دنیا سے

اَللّٰہُ (سُبْحَانَہٗ) اَللّٰہُ (سُبْحَانَہٗ)

کی آواز سنانے والے ختم نہ ہو جائیں، قیامت قائم نہ ہو گی (یہ حدیث حسن ہے) (انسؓ / ترمذیؒ / ترمذی شریف جلد دوم صفحہ ۱۶ شمارہ ۴۷، ترتیب شریف ص۲۲)

حضرت مسلمہ بن عمروؓ سے روایت ہے

کہ

حضرت عمیرؓ بن ھانی

روزانہ بلاناغہ ہزار سجدہ نماز پڑھتے، اور

لاکھ

(۱۰۰۰۰۰)

بار تسبیح کرتے تھے

(مسلمہ بن عمروؓ / ترمذیؒ / ترمذی شریف جلد دوم شمارہ ۱۲۶۶ صفحہ ۲۹۵ ۔ ترتیب شریف ص۲۳)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ (نیک) بندہ اللہ تبارک و تعالی عزوجل ذوالجلال والاکرام کی رضامندی کی تلاش میں رہتا ہے۔ اور ہمیشہ اسی حال میں رہتا ہے۔ پس اللہ سبحانہٗ حضرت جبرئیل علیہ السلام سے فرماتا ہے کہ میرا فلاں بندہ میری رضامندی کی تلاش میں رہتا ہے۔ خبردار ہو کہ میری رحمت اس پہ ہے۔ پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام کہتے ہیں کہ اللہ سبحانہٗ کی رحمت فلاں شخص پر ہے پھر یہی بات عرش کو اٹھانے والے فرشتے کہتے ہیں اور وہ فرشتے بھی کہتے ہیں جو ان کے قریب ہیں۔ یہاں تک کہ ساتوں آسمانوں کے فرشتے یہی کہتے ہیں۔ پھر رحمت اس شخص کیلئے زمین پر اترتی ہے۔

(ثوبانؓ ر احمدؒ ـ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۴۰۰۔ ۳۹۹
شمارہ ۲۲۵۴ / ترتیب شریف صفحہ ۲۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب محبت کرتا ہے اللہ سبحانہٗ کسی بندے سے تو پکارتا ہے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو اور یہ فرماتا ہے کہ بیشک اللہ سبحانہٗ نے فلانے کو دوست رکھا سو تو بھی اس کو دوست رکھ تو حضرت جبرائیل علیہ السلام اس سے محبت رکھتے ہیں۔ پھر پکار دیتے ہیں حضرت جبرائیل علیہ السلام آسمان والوں میں (یعنی فرشتوں میں) کہ بیشک اللہ سبحانہٗ نے فلانے کو دوست رکھا ہے سو تم بھی اس کو دوست رکھو۔ تو آسمان والے اس سے محبت رکھتے ہیں۔ پھر اس محبوب بندے کی زمین میں قبولیت اتاری جاتی ہے۔ (یعنی زمین کے نیک لوگ اس کو مقبول

جانتے ہیں اور اس سے محبت رکھتے ہیں)۔ ابوہریرہؓ / بخاریؒ

(مشارق الانوار صفحہ ۵۶۹ شمارہ ۱۷۷ / ترتیب شریف صفحہ ۲۴)

مؤطا شریف امام مالکؒ صفحہ (۱۵۷) میں حضرت ابوہریرہؓ سے اسی قسم کی حدیث مروی ہے۔ مگر یہ زیادہ ہے کہ "اور جب اللہ سبحانہ کسی بندہ سے ناراض وغصہ ہوتا ہے (تو بھی) اسی طرح کرتا ہے"۔ (یعنی اس کا الٹا)۔ (ترتیب شریف صفحہ ۲۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام فرماتا ہے، جس نے میرے دوست سے عداوت کی تو میں اس کے ساتھ **جنگ** کا اعلان کروں گا اور مجھے اپنے بندے کا مجھ سے قرب حاصل کرنا کسی اور ذریعہ سے اتنا محبوب نہیں جتنا اس سے جو میں نے اس پر **فرض** کیا ہے اور میرا بندہ ہمیشگی نوافل سے میرے قریب ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے **محبت** کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے **محبت** کرنے لگتا ہوں تو میں اس کا وہ کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی وہ آنکھ جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا وہ ہاتھ جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا وہ پیر جس سے وہ چلتا ہے۔ اور اگر وہ مجھ سے (کسی چیز کا) سوال کرتا ہے تو میں اس کو ضرور دیتا ہوں اور اگر (کسی چیز سے) پناہ مانگتا ہے تو میں اس کو پناہ دیتا ہوں اور مجھ کو کسی چیز سے جس کا میں کرنے والا ہوں اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ نفس مومن (کے معاملہ) میں ہوتا ہے کہ وہ موت کو برا سمجھتا ہے۔ اور میں اس کی برائی کو برا سمجھتا ہوں۔ (ابوہریرہؓ / بخاریؒ)

(بخاری شریف جلد سوم صفحہ ۲۷۵۰ ، شمارہ ۱۰۸ ، ترتیب شریف صفحہ ۲۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تبارک و تعالے عزوجل ذوالجلال

والاکرام فرماوے گا دن قیامت کے کہ کہاں ہیں وہ لوگ جو آپس میں دوستی رکھتے

تھے میری بزرگی کے واسطے آج کے دن میں ان کو سائے میں رکھوں گا۔ یہ وہ

دن ہے جس دن کہیں سایہ نہیں سوائے میرے سائے کے۔ (ابوہریرہؓ/مالکؒ)

(مؤطا شریف صفحہ ۵۰۰ ، ترتیب شریف صفحہ ۲۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس بندہ نے اللہ سبحانہٗ کی

خوشنودی کے لئے کسی بندہ سے محبت کی اس نے اپنے پروردگار کی تعظیم و تکریم کی

(ابی امامہؓ/احمدؒ۔ مشکوٰۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۲۳ ، شمارہ ۱۱۸۵ ، ترتیب شریف صفحہ ۲۵)

حضرت معاذ بن جبلؓ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

یہ فرماتے سنا ہے کہ اللہ سبحانہٗ فرماتا ہے۔ جو لوگ آپس میں میری رضامندی و خوشنودی

کے لئے محبت کرتے ہیں ان سے مجھ کو محبت کرنا ضروری ہے۔ اور جو لوگ محض میری

رضا کیلئے باہم بیٹھتے اور میری تعریف کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملاقات کرتے

ہیں اور اپنا مال خرچ کرتے ہیں۔ ان سے (بھی) مجھ کو محبت کرنا واجب ہے (مالکؒ

اور ترمذیؒ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اللہ سبحانہٗ فرماتا ہے میری عظمت و جلال

کے سبب جو لوگ آپس میں محبت رکھتے ہیں ان کیلئے (آخرت میں) نور کے منبر ہوں

گے اور انبیاء علیہم السلام اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔ (مشکوٰۃ شریف

جلد دوم صفحہ ۲۲۲ شمارہ ۶۵، ۴م/ ترتیب شریف صفحہ ۲۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، اللہ سبحانہ کے بندوں میں سے کچھ لوگ (یعنی ایک جماعت) ایسے ہیں۔ جو اگرچہ نبی و شہید نہیں ہیں لیکن قیامت کے دن اللہ کے ہاں ان کے مراتب و درجات دیکھ کر انبیاء علیہم السلام اور شہداءؓ ان پر رشک کریں گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیے وہ کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ وہ لوگ ہیں جو محض اللہ کی روح (قرآن کریم) کے سبب آپس میں محبت رکھتے ہیں۔ ان کے درمیان نہ تو قرابت داری ہے نہ مالی لین دین کا معاملہ، قسم ہے اللہ کی ان کے چہرے نور ہوں گے (یعنی نورانی چہرے) یا وہ خود نور ہوں گے اور نور پر متمکن ہوں گے۔ نہ تو وہ (اس وقت) غمگین اور رنجیدہ ہوں گے، جبکہ لوگ غمگین اور رنجیدہ ہوں گے، اور نہ وہ خوفزدہ ہوں گے جبکہ لوگ خوفزدہ ہوں گے اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ط (آگاہ ہو، کہ اللہ کے دوستوں پر نہ تو خوف طاری ہوگا۔ اور نہ وہ غمگین و رنجیدہ ہوں گے)

(عمرؓ / ابوداؤدؒ / مشکوٰۃ شریف جلد دوم

صفحہ ۲۲۲ شمارہ ۷۶۶ ۴م ترتیب شریف صہ ۲۶)

الطّہارۃ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز کی کنجی طہارت ہے اور تحریمہ اس کی تکبیر ہے (یعنی جب تکبیر تحریمہ کہی جائے تو جتنے افعال نماز کے منافی ہیں نادرست ہو گئے) اور تحلیل اس کی سلام ہے (یعنی جب سلام پھیرا تو سب افعال درست ہو گئے)۔ (علی رض۔ ابوداؤد رح۔ ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۱۰ شمار ۶۱ ترتیب شریف صفحہ ۲۶)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بغیر پاکیزگی یا وضو کے نماز قبول نہیں کی جاتی اور نہ مال حرام کی خیرات قبول ہوتی ہے۔

(ابن عمر رض۔ مسلم رح۔ مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۷۰ شمار ۱ ترتیب شریف صفحہ ۲۶)

حضرت ابو مالک اشعری رض سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے پاکیزگی (حاصل کرنا) آدھا ایمان ہے اور الحمد للہ سے ترازو بھر جاتی ہے۔ اور لا الٰہ الا اللہ و اللہ اکبر سے آسمان و زمین کی فضا بھر جاتی ہے۔ اور نماز نور ہے۔ اور صدقہ برہان ہے اور وضو روشنی ہے اور قرآن تیرے حق میں یا تیرے خلاف دلیل ہے اور ہر شخص صبح کرتا ہے تو وہ اپنے نفس کو فروخت کرتا ہے پھر یا تو اسے آزاد کرتا ہے یا ہلاک کرتا ہے۔

(دارمی شریف صفحہ ۱۴۲ شمار ۶۵۲ ترتیب شریف صفحہ ۲۷)

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا حضرت رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم سے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سمندر میں سوار ہوا کرتے ہیں۔ اور پینے کے لئے تھوڑا پانی اپنے ساتھ رکھ لیتے ہیں۔ اگر اس سے وضو کریں تو پیاسے مریں، کیا ہم وضو کر لیں سمندر کے پانی سے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا سمندر کا پانی پاک ہے۔ اور مردہ اس کا حلال ہے (یعنی مچھلی)۔

(ابو ہریرہؓ ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۶۵ شمارہ ۸۷ ترتیب شریف صفحہ ۲۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وضو نہیں واجب ہوتا مگر ریح خارج ہونے کی) آواز سننے سے یا اُسکی بو (معلوم ہونے) سے۔

(ابو ہریرہؓ ترمذیؒ ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۱۶ شمارہ ۶۵ ترتیب شریف صفحہ ۲۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو لازم آتا ہے ہر بہنے والے خون سے۔

(عمر بن عبدالعزیزؒ تمیم داریؓ۔ دار قطنیؒ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۱ شمارہ ۳۰۴ ترتیب شریف ص۲۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تمہارے کسی برتن میں کتا منہ ڈال کر اپنی زبان سے پانی پیئے تو اس برتن کی پاکی یوں ہوگی۔ کہ سات بار دھویا جاوے پہلی بار مٹی سے۔ (ابو ہریرہؓ ابوداؤدؒ۔ ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۳۱ شمارہ ۶۵ ترتیب شریف ص۲۸)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں پر دپاس سے گزرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دونوں پر عذاب ہو رہا ہے۔ اور کسی بڑی بات سے عذاب نہیں ہو رہا ہے (یعنی کسی بڑے گناہ کی وجہ سے وہ عذاب میں مبتلا نہیں) دیکھو (ایک) پیشاب سے پردہ (حفاظت) نہیں کرتا تھا۔ (یا لوگوں سے مخفی ہو کر پیشاب نہیں کرتا تھا۔ عام

گندگی ہوں پر بیٹھ جاتا تھا اور ذرا نہ شرماتا تھا)۔

اور یہ دوسرا چھلیاں کھاتا تھا۔ اس باب میں حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت ابی بکرہؓ، حضرت ابی ہریرہؓ اور حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہؓ سے روایت ہے۔

(یہ حدیث حسن و صحیح ہے)

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۱۷/۱۵ شمار ۶۲ / ترتیب شریف صفحہ ۲۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پانی اس وقت تک نجس نہیں ہوتا جب تک اسکا رنگ اور بو اور مزہ خراب ہو (التبہ) ان مذکورہ ایک یا تینوں کے تغیر کے بعد پانی پلید ہو جائے گا۔

(ابو حاتمؒ نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے)

(ابو امامہ باہلیؓ / ابن ماجہ ــــ بلوغ المرام صفحہ ۲ شمار ۳ / ترتیب شریف صـ ۲۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم میں سے کوئی شخص اس ٹھہرے ہوئے پانی میں جو جاری نہ ہو پیشاب نہ کرے۔ اور نہ اس میں غسل کرے۔ (بخاریؒ و مسلمؒ) اور مسلمؒ میں یہ الفاظ ہیں کہ تم میں سے کوئی شخص ناپاکی کی حالت میں ٹھہرے ہوئے پانی کے اندر غسل نہ کرے۔ لوگوں نے حضرت ابو ہریرہؓ راوی سے پوچھا کہ پھر کیا کرے، حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا کہ اس میں سے پانی لے کر یعنی چلو سے یا کسی برتن سے غسل کرے۔

(ابو ہریرہؓ / بخاریؒ و مسلمؒ ــــ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۲۵، شمار ۴۳۴ ــــ ترتیب شریف صفحہ ۲۹)

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت کہ انہوں نے کہا کہ حضور اقدس و اکمل

جناب رسول اکرم و اجمل الطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم کا داہنا ہاتھ وضو اور کھانے کے واسطے تھا۔ اور بایاں ہاتھ پاخانہ اور نجاست کے واسطے تھا۔

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۴ شمار ۲۱ / ترتیب شریف صفحہ ۲۹)

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل الطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم جب پاخانہ کا ارادہ کرتے تو چلے جاتے اتنی دور تک کہ کوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ دیکھتا۔

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۷، ۴ شمار ۲/ ترتیب شریف صفحہ ۲۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص وضو کرے ناک کو بھی جھاڑ لے اور جو شخص پاخانہ کے بعد ڈھیلے سے استنجا کرے اس کو چاہیے کہ طاق ڈھیلے لے (یعنی تین، پانچ یا سات)۔

(ابو ہریرہؓ / مسلمؒ و بخاریؒ۔ مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل صفحہ ۱۱۱ شمارہ ۱۳۰/ ترتیب شریف صفحہ ۳۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، بچو تین لعنت کے کاموں سے اترنے کے مقاموں میں اور سڑک میں اور سایہ کی جگہ میں پاخانہ پھرنے سے۔

(معاذ بن جبلؓ / ابو داؤدؒ ـــ ابو داؤد شریف جلد
اوّل صفحہ ۲۵، شمار ۲۴ / ترتیب شریف صفحہ ۳۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تم آؤ پاخانہ میں تو مت منہ کرو قبلہ کی طرف پاخانہ پھرتے وقت یا پیشاب کرتے وقت۔ لیکن پورب کی طرف منہ کرو یا پچھم کی طرف (پاکستان میں شمال کی طرف منہ کرو یا جنوب کی

طرف) حضرت ابوایوبؓ نے کہا جب ہم شام میں آئے تو وہاں ہم نے دیکھا کھڈیاں قبلہ رخ بنی ہوئی ہیں۔ ہم اس رخ سے پھر جاتے تھے۔ (کھڈی پر بیٹھتے وقت) اور استغفار کرتے تھے۔ اللہ سبحانہٗ سے۔

(ابوایوب انصاریؓ / ابوداؤدؒ ۔ ابوداؤد شریف
جلد اوّل صفحہ ۸ ہم، شمارہ ۸ / ترتیب شریف صفحہ ۳۰)

حضرت انس بن مالکؓ کا بیان ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلا کو تشریف لے جاتے۔ تو اس وقت اپنی انگشتری علیحدہ کر دیا کرتے تھے، (اس لئے کہ اس پر "محمد رسول اللہ" نقش تھا)۔

(ابن ماجہ شریف صفحہ ۳۹ / ترتیب شریف صفحہ ۳۰)

حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ ایک روز مجھ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پیشاب کرتے ہوئے دیکھ کر فرمایا کہ۔ اے عمرؓ! کھڑے ہو کر پیشاب نہ کیا کرو۔

(ابن ماجہ شریف صفحہ ۳۹ / ترتیب شریف صفحہ ۳۰)

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ جب جماعت جنوں کی حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی تو، انہوں نے کہا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منع کیجیے۔ اپنی امت کو ہڈی یا گوبر یا کوئلے سے استنجا کرنے سے کیونکہ اللہ سبحانہٗ نے ہماری روزی ان میں بنائی ہے۔ تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کر دیا۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل شمارہ ۲ صفحہ ۵ / ترتیب شریف صفحہ ۳۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کوئی شخص تم میں سے سوراخ کے اندر پیشاب نہ کرے۔ (عبداللہ بن سرجسؓ / ابوداؤدؒ ونسائیؒ۔ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۱۲ شمار ۳۲۲ / ترتیب شریف صفحہ ۳۱)

حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ، تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پاخانہ میں گئے اور حاجت سے فارغ ہوئے۔ پھر فرمایا اے جریرؓ پانی لاؤ۔ میں پانی لے گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی سے استنجا کیا۔ اور ہاتھ زمین پر ملے۔ (نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۳۶ / ترتیب شریف صفحہ ۳۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ جب دو مرد پاخانہ پھرنے کو نکلیں ستر کھولے ہوئے باتیں کرتے ہوئے تو اللہ سبحانہ غصہ ہوتا ہے ان پر کہا ابوداؤدؒ نے نہیں اسناد کیا اس حدیث کو مگر حضرت عکرمہ بن عمارؓ نے۔

(ابوسعیدؓ / ابوداؤدؒ۔ ابوداود شریف جلد اول صفحہ ۵۰، شمار ۱۴ / ترتیب شریف صفحہ ۳۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پیشاب کرے تم میں، سے کوئی اپنے نہانے کی جگہ میں۔ پھر غسل کرے اس جگہ یا وضو کرے۔ اس لئے کہ اکثر وسوسہ اسی سے پیدا ہوتا ہے۔ (عبداللہ بن مغفلؓ / ابوداؤدؒ۔ ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۵۰ شمار ۲۵ / ترتیب شریف صفحہ ۳۱)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی حالت میں سو گئے یہاں تک کہ، خراٹے لینے لگے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے ہوئے اٹھے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو سو گئے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ

علیہ وسلم نے وضو کیوں نہ کیا)۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا۔ وضو جب ہی واجب ہوتا ہے کہ لیٹ کر سو جائے (یعنی پاؤں پھیلا کر سو جائے)۔ اس لئے کہ اس طرح لیٹنے میں جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ اور اس کے ایک راوی ابو خالد کا نام یزید بن عبد الرحمٰنؒ ہے۔ (ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۷ شمارہ ۷۱ / ترتیب شریف صفحہ ۳۲)

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کہتے ہیں کہ میں نے مذی کے متعلق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مذی (نکلنے) سے وضو لازم آتا ہے اور منی نکلنے سے غسل واجب ہوتا ہے۔ (علیؓ ترمذیؒ مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۸۰ شمارہ ۲۸۷ / ترتیب شریف صفحہ ۳۲)

حضرت ابو الدرداءؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قئے کی پھر وضو کیا۔ (راوی رضہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد) میں نے حضرت ثوبانؓ سے دمشق کی مسجد میں ملاقات کی اور اس حدیث کا ذکر کیا (اس کے قائل معدان بن ابی طلحہؓ ہیں) انہوں نے کہا کہ حضرت ابو الدرداءؓ نے سچ کہا میں نے (اس موقعہ پر) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پانی ڈالا تھا۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ اصحابؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تابعینؒ میں سے کئی اہل علم کی یہ رائے ہے کہ قئے اور نکسیر پھوٹنے کے بعد وضو کرنا چاہئیے۔ امام سفیان ثوریؒ۔ امام ابن مبارکؒ۔ امام احمدؒ اور امام اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ (ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۱۹ شمارہ ۸۷ / ترتیب شریف صفحہ ۳۲)

السّوَاکُ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر مجھے اپنی امت کے مشقت میں پڑجانے کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کو ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا، اس باب میں حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ حضرت ابن عباسؓ، حضرت حذیفہؓ، حضرت زید بن خالدؓ، حضرت انسؓ، حضرت عبداللہ بن عمروؓ، حضرت ام حبیبہؓ، حضرت ابن عمرؓ، حضرت ابوامامہؓ، حضرت ایوبؓ، حضرت تمام بن عباسؓ، حضرت عبداللہ بن حنظلہؓ، حضرت ام سلمہؓ، حضرت واثلہؓ حضرت ابوموسیٰؓ سے بھی روایت ہے، امام ابوعیسیٰؒ کہتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت زید بن خالد کی حدیثیں جو حضرت ابوسلمیٰؓ سے مروی ہیں صحیح روایت سے پہنچی ہیں

(ابوہریرہؓ / ترمذیؒ، ترمذی شریف جلد اول

صفحہ ۸ شمار ۲۰ / ترتیب شریف صفحہ ۲۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مسواک منہ کی پاکی کا سبب ہے۔ اور پروردگار کی خوشنودی کا باعث

(عائشہ صدیقہؓ / شافعیؒ / احمدؒ / دارمیؒ / نسائیؒ / مشکوٰۃ شریف

جلد اول صفحہ ۱۱۵ شمار ۳۴۶ — ترتیب شریف صفحہ — ۲۳)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ نماز جس کے لئے مسواک کی گئی ہے۔ اس نماز پر جس کیلئے مسواک نہیں کی گئی ستر درجے فضیلت رکھتی ہے۔

(عائشہ صدیقہؓ، بیہقیؒ در شعب الایمان "مشکوٰۃ شریف" جلد اوّل صفحہ ۱۱۶ شمار ۳۴۵/ ترتیب شریف صفحہ ۲۴)

حضرت ام المومنین عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نہیں اٹھتے تھے سو کر رات کو یا دن کو مگر مسواک کرتے تھے وضو سے پہلے۔

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۵۹، شمار ۵۴/ ترتیب شریف صفحہ ۲۴)

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم شب میں تہجد کی نماز کے واسطے بیدار ہوتے دہن مبارک میں مسواک کا استعمال فرماتے۔

(ابن ماجہ شریف صفحہ ۳۷/ ترتیب شریف صفحہ ۲۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم لوگ مسواک کیا کرو کیونکہ مسواک سے منہ کی صفائی ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے۔ جس مرتبہ میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے ہیں۔ اسی مرتبہ مجھ کو مسواک کرنے کی وصیت کی ہے۔ مجھ کو یہ خوف ہو گیا تھا کہ کہیں مجھ پر اور میری امت پر مسواک فرض نہ ہو جائے۔ اگر مجھ کو میری امت کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کے واسطے مسواک لازمی کر دیتا۔ مسواک کی کثرت سے میرے دانتوں کی جڑیں خالی ہو گئی ہیں۔

(ابو امامہؓ، ابن ماجہؒ، ابن ماجہ شریف صفحہ ۳۷/ ترتیب شریف صفحہ ۲۴)

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حضرت شریح ابن ہانی رضی اللہ عنہ کے والدؓ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ، جب آپؓ کے یہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے، تو شروع میں کیا کام کرتے؟ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ کہ سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسواک فرمایا کرتے

(ابن ماجہ شریف صفحہ ۲۷/۲۸/ ترتیب شریف صفحہ ۴۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ تمہارے منہ قرآن کے راستے ہیں ان کو مسواک سے صاف کرو

علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ

(ابن ماجہؒ/ ابن ماجہ شریف صفحہ ۲۸/ ترتیب شریف صفحہ ۴۴)

اَلْوُضُوْءُ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پہنچے گی (جنت میں) مومن کو زینت یا زیور جہاں تک پہنچے گا وضو کا پانی۔

(ابوہریرہؓ / مسلمؒ ـــ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۰۰ شمار ۲۶۷ / ترتیب شریف صفحہ ۳۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت کی کنجی نماز ہے اور نماز کی کنجی وضو۔

(جابرؓ / احمدؒ ـــ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۰۰ شمار ۲۷۰ / ترتیب شریف صفحہ ۳۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میری امت کو قیامت کے دن غُرًّا مُّحَجَّلِیْنَ یعنی روشن پیشانی اور سفید اعضا والے کی صفت سے پکارا جائیگا اور یہ روشنی اور سفیدی وضو کی وجہ سے ہوگی۔ پس تم میں سے جس شخص کیلئے یہ ممکن ہو کہ اپنی پیشانی کی روشنی کو بڑھائے۔ پس چاہیئے کہ وہ ایسا ہی کرے

(ابوھریرہؓ / بخاریؒ و مسلمؒ
مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۰۰ شمار ۲۶۶ / ترتیب شریف صفحہ ۳۵)

حضرت رباح بن عبدالرحمٰنؒ کی دادیؓ اپنے والدؓ سے بیان کرتی ہیں کہ میں نے

حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص وضو کرتے وقت (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) نہ کہے اس کا وضو نہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت ابوسعید خدریؓ، حضرت سہل بن سعدؓ اور حضرت انسؓ سے روایت ہے۔

حضرت ابوعیسیٰؒ کہتے ہیں کہ میں اس باب میں کوئی ایسی حدیث نہیں جانتا جس کی اسناد جید ہوں۔ امام اسحٰقؒ کہتے ہیں کہ اگر بسم اللہ کو قصداً چھوڑ دیا تو پھر دوبارہ وضو کرے اور اگر بھول کر ترک کیا یا اس لئے کہ اس حدیث کی کوئی تاویل کی تو پہلا وضو کافی ہے۔ حضرت محمد بن اسمٰعیلؒ کہتے ہیں کہ اس باب میں سب سے اچھی حدیث حضرت رباحؒ بن عبداللہ کی ہے۔ حضرت رباحؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی دادی کے باپ کا نام سعید بن زید بن عمرو بن نفیلؓ ہے۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۷، شمار ۲۲ (ترتیب شریف صفحہ ۳۶)

حضرت مقدام بن معدی کربؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وضو کا پانی لایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تو دونوں پہونچے دھوئے تین بار، پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا تین بار اور منہ تین بار دھویا، پھر دونوں ہاتھ دھوئے تین تین بار پھر مسح کیا سر پر اور کانوں کے باہر اور اندر۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۵، شمار ۱۰۸ (ترتیب شریف صفحہ ۳۷)

حضرت مقدام بن معدی کربؓ سے روایت ہے۔ کہ میں نے حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا وضو کرتے ہوئے

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسح کرنے لگے تو دونوں ہتھیلیوں کو پیشانی پر رکھ کر ان کو لئے چلے گئے گدی تک۔ پھر وہیں لے آئے جہاں سے لے گئے تھے۔

دوسری روایت میں یہ ہے کہ مسح کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کانوں کے باہر اور اندر اور حضرت ہشامؒ کی روایت میں یہ ہے کہ انگلیوں کو کان کے سوراخ میں ڈالا۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۵۰، شمار ۱۰۹، از ترتیب شریف صفحہ ۳۶)

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو ایک چلو پانی لیکر اس کو ٹھوڑی کے نیچے لے جاتے اور خلال کرتے داڑھی کا اور فرماتے ایسا ہی حکم کیا مجھ کو میرے پروردگار نے۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۵۱، شمار ۱۲۷، از ترتیب شریف صفحہ ۳۷)

حضرت رافعؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے وضو فرماتے تو اپنی انگلیوں کی انگوٹھی کو بھی حرکت دیتے۔

(ابی رافعؓ/ دار قطنیؒ/ ابن ماجہؒ ـــــ مشکوٰۃ شریف

جلد اوّل صفحہ ۱۲۰ شمار ۳۹۱ از ترتیب شریف صفحہ ۳۷)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک قوم کو جن کی ایڑیاں وضو میں سوکھی رہتی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرابی ہے ایڑیوں کی جہنم کی آگ سے۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۴۹ شمار ۹۱ از ترتیب شریف صفحہ ۳۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم میں سے وضو کرے تو
اپنے ناک میں پانی ڈال کر ناک چھنکے۔

(ابوہریرہؓ / ابوداؤدؒ ——— ابوداؤد شریف
جلد اول صفحہ ۷۹، شمارہ ۱۴۴ / ترتیب شریف صفحہ ۳۷)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آیا جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وضو کر کے اور ایک ناخون برابر اس نے چھوڑ دیا تھا
اپنے پاؤں میں، حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوٹ جا!
اچھی طرح وضو کر۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۸۹، شمارہ ۱۷۳ / ترتیب شریف صفحہ ۳۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم وضو کرو تو اپنے دونوں
ہاتھ اور دونوں پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرو۔
(یہ حدیث حسن غریب ہے)۔

(ابن عباسؓ / ترمذیؒ / ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۹ شمارہ ۳۵ / ترتیب شریف صفحہ ۳۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں
جس کے ذریعے اللہ سبحانہٗ گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ اور درجات کو بلند کر دیتا
ہے۔ حضرات صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور بتلایئے۔
فرمایا (وہ) ناگواری کے باوجود وضو کو اچھی طرح پورا کرنا ہے۔ (یعنی ایسی حالت
میں وضو کرنا کہ بوجہ شدت سردی یا تکلیف وغیرہ کے وضو کرنا طبیعت پر
شاق گذرتا ہے۔ اس مشقت کے باوجود اچھی طرح مکمل وضو کرنا) اور مسجد

(دور ہونے کے باوجود اس) کی طرف قدموں کی کثرت اور (ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا) انتظار کرنا اور یہی رباط ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو دوسری اسناد کے ذریعہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے مگر اس میں رباط تین مرتبہ آیا ہے۔ (اس کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید کیلئے تین بار فرمایا۔ مطلب یہ کہ تمہیں جس جہاد کی تلاش وجستجو تھی، وہ جہاد یہی ہے یہی ہے یہی ہے۔) اس باب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ۔ حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔ حضرت عبدالرحمن بن عائش رضی اللہ عنہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ مگر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کا ایک راوی علاء بن عبدالرحمن رضی اللہ عنہ حضرت یعقوب جہنی رضی اللہ عنہ کا بیٹا ہے۔ اور اہل حدیث کے نزدیک ثقہ اور معتبر ہے۔

(ابوہریرہ رضی اللہ عنہ / ترمذی رحمتہ اللہ علیہ ـــــ ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۱۱ شمارہ ۵۱ / ترتیب شریف صفحہ ۲۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس وقت وضو شروع کرتا ہے بندہ مومن اور پھر کلی کرتا ہے نکل جاتے ہیں گناہ اس کے منہ سے۔ پھر جس وقت ناک سنکتا ہے۔ نکل جاتے ہیں گناہ اس کے ناک سے پھر جس وقت، منہ دھوتا ہے۔ نکل جاتے ہیں گناہ اس کے منہ سے۔ یہاں تک کہ نکل جاتے ہیں پلکوں کے اگنے کی جگہ۔ یعنی پپوٹوں سے پھر جس وقت ہاتھ دھوتا ہے نکل جاتے ہیں گناہ اس کے دونوں ہاتھوں سے۔ یہاں تک کہ نکل جاتے ہیں دونوں ہاتھوں کے ناخنوں

سے پھر جس وقت مسح کرتا ہے سر کا، نکل جاتے ہیں گناہ اس کے سر سے۔ یہاں تک کہ نکل جاتے ہیں اس کے دونوں کانوں سے، پھر جس وقت پاؤں دھوتا ہے نکل جاتے ہیں گناہ اس کے دونوں پاؤں سے۔ یہاں تک کہ نکل جاتے ہیں اس کے دونوں پاؤں کے ناخنوں سے، پھر چلنا اس کا مسجد کی طرف اور نماز الگ ہے یعنی اس کا ثواب جداگانہ ہے (عبداللہ صنابحیؓ / امام مالکؒ / موطا شریف صفحہ ۴۱ / ۴۰ - ترتیب شریف صفحہ ۳۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص وضو کرے اور اچھی طرح کرے اس کے تمام گناہ اس کے جسم سے نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے کے گناہ بھی۔

(عثمانؓ / بخاریؒ و مسلمؒ ——— مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل، صفحہ ۱۰۵، شمار ۲۷۰ / ترتیب شریف صفحہ ۳۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں ہے کوئی مسلمان شخص کہ جب نماز کا وقت آئے۔ پس وہ اچھی طرح کرے وضو اور کرے خشوع اور رکوع مگر یہ کہ اس کا یہ عمل اس کے پچھلے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔ جب تک کہ وہ گناہ کبیرہ نہ کرے۔ اور ایسا ہمیشہ ہوتا رہتا ہے۔

(عثمانؓ / مسلمؒ ——— مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۰۵ شمار ۲۷۲ / ترتیب شریف صفحہ ۳۹)

حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کپڑے کا ایک ٹکڑا تھا جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کے بعد (اعضاء کو)

خشک کر لیتے تھے۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۱۱ شمارہ ۵۴
ترتیب شریف صفحہ ۳۹)

حضرت عثمان بن عفانؓ نے پانی کا ایک برتن مانگا اور اپنی ہتھیلیوں پر تین بار پانی ڈالا۔ اور کلی کی اور ناک صاف کی پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ اور دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک تین مرتبہ دھویا۔ پھر اپنے سر کا مسح کیا۔ پھر اپنے دونوں پیر ٹخنوں تک تین بار دھوئے۔ پھر کہا حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی میرے اس وضو کی مثل وضو کرے بعد اس کے دو رکعت نماز پڑھے جن میں اپنے دل سے بات نہ کرے تو اس کے اگلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۲۸ شمارہ ۱۵۸ ترتیب شریف صفحہ ۴۰)

حضرت عمرو بن عامر انصاریؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ کو یہ کہتے سنا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے وقت وضو کیا کرتے تھے۔ میں نے پوچھا کہ آپ لوگ کیا کرتے تھے۔ فرمایا جب تک وضو ٹوٹتا تب تک تمام نمازیں ایک وضو سے پڑھتے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ایک حدیث میں حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پاکی پر (وضو کے ہوتے ہوئے) وضو کرتا ہے۔ اللہ سبحانہٗ اس کے بدلے اس کے لئے دس نیکیاں لکھتا ہے۔ اس حدیث کی اسناد ضعیف ہیں۔ حضرت ہشام بن عروہؓ نے کہا اس حدیث کی سند مشرقی ہے۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۱۳، شمار ۵ ۷، ترتیب شریف صفحہ ۴۰)

حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال ہوا۔ اونٹ کا گوشت کھا کر وضو کرنے سے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وضو کرو اس سے اور سوال ہوا بکری کا گوشت کھا کر وضو کرنے سے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ وضو کرو اس سے۔ اور سوال ہوا اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ میں نماز پڑھنے سے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ نماز پڑھو اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ میں وہ شیطانوں کی جگہ ہے۔ اور سوال ہوا، بکریوں کے رہنے کی جگہ میں نماز پڑھنے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز پڑھو وہاں وہ برکت کی جگہ ہے۔ (اونٹ کا گوشت کھا کر وضو کرنے کا حکم استحبابی ہے)۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۹ شمار ۷۰، ترتیب شریف صفحہ ۴۱)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا پھر پانی منگوا کر کلی کی اور فرمایا اس میں چکنائی ہوتی ہے۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۴۷، ترتیب شریف صفحہ ۴۱)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا پھر نہ کلی کی اور نہ وضو کیا اور نماز پڑھی

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۹ شمار ۱۷۳ ترتیب شریف صفحہ ۱۴۰)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوا کر بغیر وضو کئے ہوئے نماز ادا فرمائی (یعنی سابقہ وضو سے ہی نماز ادا کر لی جدید وضو نہ کیا)۔

(انس بن مالک رضؓ دار قطنیؒ ۔۔۔ بلوغ المرام
صفحہ ۱۶، شمار ۸۵ ترتیب شریف صفحہ ۱۴۰)

حضرت خزیمہ بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں کے مسح کی مدت مسافر کو تین دن کی دی اور مقیم کو ایک دن کی دوسری روایت میں یوں ہے کہ اگر ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مدت مانگتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ دیتے

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۸ شمار ۱۵۷ ترتیب شریف صفحہ ۱۴۰)۔

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم مسح کرتے تھے۔ موزوں پر دوسری روایت میں ہے۔ مسح کرتے تھے۔ موزوں کی پشت پر (یعنی ظاہر پر نہ باطن پر۔ ظاہر موزے کا وہ جانب ہے۔ جو پاؤں کی پشت پر ہے۔ اور باطن موزے کا وہ جانب ہے جو تلوے کے نیچے ہے)۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۲۰ شمار ۱۴۳ ترتیب شریف صفحہ ۴۴)

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا۔ اور مسح کیا پیشانی پر اور، اوپر عمامے کے دوسری روایت میں ہے کہ مسح کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم موزوں پر اور پیشانی پر اور عمامے پر (مسح عمامہ پیشانی کے ضمن میں ہے نہ کہ صرف عمامے پر)۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۲۳ شمارہ ۱۳۲ / ترتیب شریف صفحہ ۴۴)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ میرے ہاتھ کا گٹا ٹوٹ گیا۔ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (مسئلہ) دریافت کیا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ پٹیوں پر مسح کر لیا کرو۔

(علیؓ / ابن ماجہؒ —— بلوغ المرام
صفحہ ۲۶ شمارہ ۴۶ / ترتیب شریف صفحہ ۴۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کے لیے ایک شیطان (مقرر) ہے۔ جس کا نام ولہان ہے۔ پس اے لوگو! پانی کے وسوسے بچو۔ اس باب میں حضرت عبداللہ ابن عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن مغفلؓ سے روایت ہے۔ حضرت ابی ابن کعبؓ کی (مذکورہ بالا) حدیث غریب ہے۔ اور اہل علم کے نزدیک اس کی اسناد قوی نہیں۔ کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ

حضرت خارجہ بن مصعب رض کے اور کسی نے اس کو مسند کیا ہو۔ کئی وجوہ سے،
یہ حدیث حسن کے قول کے طور پر نقل کی گئی ہے اور اس باب میں جناب رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی صحیح روایت نہیں۔ اور حضرت خارجہ بن مصعب رض
اس حدیث کا راوی، ہمارے اصحاب کے نزدیک ضعیف ہے۔ حضرت ابن مبارک رض
نے بھی اس کو ضعیف کہا ہے۔

(ابی بن کعب رض / ترمذی رح ___ ترمذی شریف
جلد اول صفحہ ۱۲۸ / شمار ۵۰ / ترتیب شریف صفحہ ۴۲)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رض کا بیان ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب
رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم گزرے حضرت سعد رض پر جب
کہ وہ وضو کر رہے تھے پس فرمایا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ اے
سعد رض! یہ کیا اسراف (زیادتی) ہے۔ حضرت سعد رض نے عرض کیا کہ کیا وضو میں
بھی اسراف ہے۔ فرمایا ہاں اگرچہ نہر جاری کا پر بھی تو وضو کرے۔

(عبداللہ بن عمرو بن العاص رض / احمد۔ ابن ماجہ ۔ مشکوٰۃ شریف
جلد اول، صفحہ ۱۲۰، شمار ۳۸۹ / ترتیب شریف صفحہ ۴۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے کوئی سو
کر اٹھے۔ اور وضو کا ارادہ کرے تو تین بار ناک میں پانی دے کر ناک کو جھاڑے
اس لئے کہ شیطان رات گذارتا ہے اس کی ناک کے بانسے پر۔

(ابوہریرہؓ / بخاریؒ و مسلمؒ ——— مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل صفحہ ۱۱۶ شمارہ ۳۵۷ / ترتیب شریف صفحہ ۴۳)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم میں سے جب کسی کا وضو ٹوٹ جائے تو وہ اپنی ناک کو پکڑے (تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ نکسیر پھوٹی ہے) اور وضو کو چلا جائے۔

(عائشہؓ / ابوداؤدؒ ——— مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل صفحہ ۱۹۶ شمار ۹۳۳ / ترتیب شریف صفحہ ۴۳)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے کوئی شخص سو کر اٹھے تو اپنے ہاتھ کو پانی کے برتن میں نہ ڈالے جب تک کہ اس کو تین مرتبہ نہ دھولے۔ اس لئے کہ اس کو نہیں معلوم رات کو اس کا ہاتھ کہاں رہا۔

(ابوہریرہؓ / بخاریؒ و مسلمؒ ——— مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۱۶ شمار ۳۵۶ / ترتیب شریف صفحہ ۴۳)

—— ٭ ——

تیمّم

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیمّم میں دو ضربیں ہیں ایک کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لئے اور ایک چہرے کے لئے بروایت دارقطنیؒ۔ دوسرے آئمہ (حدیث) نے کہا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ پر موقوف ہے۔

(ابن عمرؓ ——— بلوغ المرام صفحہ ۲۵

شمار ۱۴۱ / ترتیب شریف صفحہ ۴۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فضیلت دیئے گئے ہیں۔ ہم دوسری امتوں کے لوگوں پر تین چیزوں میں ایک تو بنائی گئیں ہماری صفیں (نمازمیں) مثل صفوف ملائکہ کے۔ دوسرے بنائی گئی ساری زمین ہمارے لئے مسجد۔ تیسرے بنائی گئی ساری زمین کی مٹی ہمارے لئے پاک کرنے والی جب کہ ہم کو پانی نہ ملے۔

(حذیفہؓ / مسلمؒ ——— مشکوٰۃ شریف جلد اوّل

صفحہ ۱۳۱ شمار ۴۷۸ / ترتیب شریف صفحہ ۴۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر دس سال تک بھی (کسی

مسلمان کو پانی نہ ملے تو مٹی سے تیمم کرنا اس کے لئے وضو کا کام دے سکتا ہے۔ لیکن جب پانی مل جائے تو اللہ سے خوف کر کے (فوراً) وضو کرلے۔ ابن قطانؒ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ لیکن دارقطنیؒ نے کہا ہے کہ درست یہ ہے کہ حدیث ہذا مرسل ہے۔

(ابوہریرہؓ/بزارؒ — بلوغ المرام
صفحہ ۲۵ شمار ۱۴۳/ازترتیب شریف صفحہ ۴۴)

حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ دو شخص سفر کو چلے راستے میں نماز کا وقت آگیا اور پانی کسی کے پاس موجود نہ تھا۔ اس لئے دونوں نے پاک صاف مٹی سے تیمم کر کے نماز ادا کی۔ اتفاقاً نماز کے وقت ہی میں پانی مل گیا۔ چنانچہ ان دونوں میں سے ایک شخص نے تو وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھ لی۔ اور دوسرے نے نہیں پڑھی (پہلی نماز پر کفایت کی) پھر دونوں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور واقعہ سنایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے جس نے نماز دوبارہ نہیں پڑھی تھی، فرمایا تم نے سنت کے مطابق کیا وہی (پہلی) نماز کافی ہو گئی۔ اور دوسرے سے فرمایا تم کو دوہرا اجر ملے گا۔

(ابوسعید خدریؓ/ابوداؤدؒ/نسائیؒ/ بلوغ المرام
صفحہ ۲۵ شمار ۱۴۴/ازترتیب شریف صفحہ ۴۵)

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ سنت طریقہ یہ ہے کہ انسان ایک تیمم سے صرف ایک وقت کی نماز ادا کرے اور دوسرے وقت کی نماز کیلئے جدید تیمم کرے بسند ضعیف۔

(ابن عباسؓ رواہ دارقطنیؒ ـــــ بلوغ المرام

صفحہ ۲۶ شمارہ ۴۸ / ترتیب شریف صفحہ ۴۵)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کسی ضرورت کے لئے روانہ فرمایا۔ (راستہ میں) مجھے غسل کی ضرورت ہوگئی (غسل کے لئے) پانی میسر نہ آیا۔ اس لئے میں مٹی میں ایسا لوٹ پوٹ ہوا جیسے جانور لوٹتا ہے۔ (واپس آکر) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اس طرح لوٹنے کی کیا ضرورت تھی) تمہارے لئے اتنا کافی تھا۔ کہ اپنے ہاتھوں سے اس طرح کر لیتے۔ یہ فرماکر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ زمین پر مار کر کہنیوں تک ہاتھوں پر اور چہرے پر مسح کر لیا۔ (بروایت بخاریؒ و مسلمؒ اس حدیث کی عبارت مسلم شریف کی ہے)

(بلوغ المرام صفحہ ۲۵، ۲۶ شمار ۱۳۹ / ترتیب شریف صفحہ ۴۵)

— ۓ —

المساجدُ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ سبحانہ' کے نزدیک تمام آبادیوں میں محبوب ترین مقامات مساجد ہیں اور بدترین مقامات بازار ہیں۔

(ابوہریرہؓ/مسلمؒ ـ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل

صفحہ ۱۵۴ / شمار ۶۳۹ / ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

حضرت محمود بن لبیدؓ سے منقول ہے کہ حضرت عثمانؓ نے جب مسجد بنانی چاہی تو لوگوں نے اس بات کو بُرا جانا۔ تو حضرت عثمانؓ نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ جو شخص اللہ سبحانہ' (کی رضامندی) کیلئے مسجد بنادے تو اللہ سبحانہ' اس کے لئے ویسا ہی مکان جنت میں بنادیگا۔

(دارمی شریف صفحہ ۲۲۶ شمار ۱۳۸۳ / ترتیب شریف صفحہ ۴۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ مسجدوں کے بارے میں لوگ فخر کریں۔

(انس بن مالکؓ / دارمیؒ ـ دارمی شریف

صفحہ ۲۲۸ / شمار ۱۳۹۹ ـ ترتیب شریف صفحہ ۴۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھ کو مسجدوں کے بلند کرنے اور آراستہ کرنے کا حکم نہیں دیا گیا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے کہا ہے۔ البتہ،

زینت کرو گے تم مساجد کی جس طرح کہ زینت کرتے ہیں یہود و نصاریٰ اپنے عبادت خانوں کی۔

(ابن عباسؓ / ابوداؤدؒ ــــ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل

صفحہ ۱۵۷، شمار ۶۶۰ / ترتیب شریف صفحہ ۴۶۔)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص میری اس مسجد میں اس غرض سے آئے گا کہ نیکی کرے گا، نیکی کو سیکھے گا یا سکھائے گا۔ تو اس کا مرتبہ اتنا ہو گا کہ جتنا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کا مرتبہ ہوتا ہے۔ اور جو اس غرض سے آئے یعنی کسی بُری غرض سے آئے تو وہ اس شخص کی مانند ہو گا جو دوسرے کے مال کو حسرت سے تکتا ہے۔

(ابوہریرہؓ / ابن ماجہؒ / بیہقیؒ ــ مشکوٰۃ شریف

جلد اوّل صفحہ ۱۶۰، شمار ۶۸۱ / ترتیب شریف صفحہ ۴۷)

حضرت حسنؓ سے بطریق مرسل روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے۔ عنقریب ایسا وقت آنے والا ہے کہ لوگ دنیا کی باتیں مسجدوں کے اندر کریں گے۔ پس اس وقت تم ان لوگوں میں نہ بیٹھنا۔ اللہ کو ایسے لوگوں کی ضرورت نہیں ہے۔

(حسنؓ / بیہقیؒ ــ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل

صفحہ ۱۶۰، شمار ۶۸۲ / ترتیب شریف صفحہ ۴۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ جو شخص مسجد میں آوے۔ جس

کام کے لئے ویسا ہی بدلہ ملے گا۔

(ابوہریرہؓ / ابوداؤدؒ ـــ ابوداؤد شریف جلد اوّل

صفحہ ۱۴۶ شمار ۳۸۵ / ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم کسی کو دیکھو کہ مسجد میں (کچھ) بیچتا ہے یا خریدتا ہے تو کہو اللہ کرے کہ تیری تجارت میں نفع نہ ہو۔ اور جب تم کسی کو دیکھو کہ مسجد میں گم شدہ چیز ڈھونڈتا ہے تو کہو۔ اللہ کرے کہ وہ چیز تجھے نہ ملے۔

(ابوہریرہؓ / دارمیؒ ـــ دارمی شریف

صفحہ ۲۲۰ شمار ۱۳۹۲ / ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و احسن اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ خیبر میں فرمایا کہ جو شخص اس درخت یعنی لہسن میں سے کھائے تو ہماری مسجد کے قریب نہ آئے۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۱۹۶ شمار ۷۹۸ / ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے کہ جو شخص اس درخت یعنی لہسن میں سے کھائے وہ ہماری مسجد میں ہم سے نہ ملے۔ (حضرت عطاءؒ کہتے ہیں) میں نے کہا کس قسم کا لہسن مراد ہے۔ حضرت جابرؓ بولے کہ میں بھی جانتا ہوں کہ کچا لہسن مراد ہے۔

(جابر بن عبداللہؓ / بخاریؒ ـــ بخاری شریف

جلد اوّل شمار ۷۹۷ صفحہ ۱۹۶ / ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص لہسن یا پیاز کھائے وہ
ہم سے علیحدہ رہے یا یہ فرمایا کہ) ہماری مسجد سے علیحدہ رہے اور اپنے گھر میں بیٹھے اور (ایک بار)
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک دیگ لائی گئی جس میں چند سبز ترکاریاں (پکی ہوئی)
تھیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں کچھ بو پائی تو دریافت فرمایا (کہ اس
میں کیا ہے) تو جتنی ترکاریاں اس میں تھیں وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتا
دی گئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے میرے بعض اصحابؓ کی طرف (جو
اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے) قریب کر دو پھر جب آپ صلی اللہ
علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو اس کا کھانا ناپسند کیا۔ اور فرمایا کہ تم کھاؤ (میں تو
کھاؤں گا) کیونکہ میں اس سے مناجات کرتا ہوں جس سے تم مناجات نہیں
کرتے۔

(جابر بن عبداللہ / بخاریؒ، بخاری شریف جلد اول
صفحہ ۱۹۶ شمارہ ۹۹، / ترتیب شریف صفحہ ۴۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ اس بدبودار
درخت میں سے کچھ کھائے۔ یعنی لہسن، پیاز میں سے تو وہ ہماری مسجدوں کے
قریب نہ آئے۔ اس لئے کہ فرشتے بھی ایذا پاتے ہیں اس چیز سے جس سے
اذیت پاتے ہیں انسان۔

(جابرؓ / بخاریؒ و مسلمؒ ــــ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۵۰، شمارہ ۶۵۰ / ترتیب شریف صفحہ ۴۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مسجد میں تھوکنا گناہ ہے۔ اور اس کا کفارہ

اس کا یہ ہے۔ اس کو دبا دیوے۔

(انس ؓ / ابوداؤدؒ — ابو داؤد شریف جلد اوّل

صفحہ ۱۴۶ شمار ۴۸۸ از ترتیب شریف صفحہ ۴۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ کنکری قسم دیتی ہے اس شخص کو جو اس کو نکالتا ہے مسجد سے (کہ اسے نہ نکالو)۔

(ابوہریرہؓ / ابوداؤدؒ — ابوداؤد شریف

جلد اوّل صفحہ ۱۴۴ شمار ۴۶۷ از ترتیب شریف صفحہ ۴۹)

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے سات مقامات پر نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ (۱) جہاں گوبر اور کوڑا کرکٹ وغیرہ پھینکتے ہیں (۲)، جہاں اونٹ گائے وغیرہ جانور ذبح کئے جاتے ہوں (۳) قبرستان میں۔ (۴) راستہ کے درمیان۔ (۵) حمام میں۔ (۶) اونٹ باندھنے کی جگہ میں۔ (۷) کعبہ کی چھت پر۔ (یہ سات جگہیں ہیں۔ جہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے)۔ دوسری روایت میں بھی حضرت عمرؓ سے اسی کی مانند مروی ہے۔ اس باب میں حضرت ابو مرثدؓ، حضرت جابرؓ اور حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کی اسناد چنداں قوی نہیں۔ اس کے ایک راویؒ حضرت زید بن جبیرہؒ کے حافظہ کی نسبت کلام کیا گیا ہے۔ یہ حدیث ایک اور طریقہ سے بھی مروی ہے لیکن اس کی اسناد اس سے بھی کمزور ہیں۔ کیونکہ محدثین نے اس کے

ایک راوی حضرت عبداللہ بن عمر العمریؓ کو حافظہ کی کمی کی وجہ سے ضعیف بیان کیا ہے۔ ان میں سے ایک حضرت یحییٰ بن سعید قطانؒ ہیں۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۷، شمار ۱۰۱/ ترتیب شریف صفحہ ۴۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بکریوں کی جگہ میں تو نماز پڑھو مگر اونٹوں کی جگہ میں نہ پڑھو۔ حضرت ابوہریرہؓ سے دوسری روایت میں بھی موقوفاً یونہی مروی ہے۔ اس باب میں حضرت جابر بن سمرہؓ، حضرت عبداللہ بن مغفلؓ، حضرت ابن عمرؓ، اور حضرت انسؓ وغیرہ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے۔ امام احمدؒ اور امام اسحٰقؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔

(اونٹوں کی جگہ میں نماز پڑھنے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے، نجاست کی وجہ سے منع نہیں کیا۔ بلکہ اس وجہ سے کہ ان کی جگہ نماز پڑھنے سے آدمی بے خوف نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ احتمال ہوتا ہے۔ کہ ان کے، کودنے سے آدمی کو ضرر پہنچتا ہے۔ برخلاف بکریوں کے، کہ ان کے لڑنے بھڑنے سے بسبب ان کے ضعیف و کمزور ہونے کے آدمی امن میں رہتا ہے)۔

(ابوہریرہؓ/ ترمذیؒ — ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۷، شمار ۳۰۲/ ترتیب شریف صفحہ ۵۰)

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں رات کو مسجد میں رہا کرتا تھا اور جوان مجرد تھا۔ اور کتے آتے جاتے مسجد میں

پیشاب کرتے تھے۔ کوئی ان پر پانی نہ بہاتا تھا۔ (یہ واقعہ ابتدائے اسلام کا ہے۔)۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۲۷
شمار ۳۸۲/ترتیب شریف صفحہ ۵۰)

حضرت (عبداللہ) ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ ہم لوگ قبا میں صبح کی نماز میں تھے۔ کہ ہمارے پاس ایک شخص نے آکر کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قرآن کریم کی آیت نازل ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم کیا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کی طرف منہ کریں تو لوگوں نے اسی، طرف منہ کر لیا۔ اور لوگوں کا منہ شام کی طرف تھا۔ تو گھوم کر کعبہ کی طرف منہ کر لیا۔

(دارمی شریف ــــ صفحہ ۲۰۳
شمار ۱۲۷۲/ترتیب شریف صفحہ ۵۰)

ـــ ❁ ـــ

اَلصَّلٰوۃ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کا کوئی امام ہو (یعنی نماز باجماعت پڑھ رہا ہو) تو امام کی قرأت اس کی قرأت ہے۔

(جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ / مسند امام اعظمؒ صفحہ ۱۳۳ / ترتیب شریف صفحہ ۵۱)

حضرت جابرؓ نے کہا۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کسی شخص نے قرأت کی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ختم کی تو فرمایا کہ میرے پیچھے تم میں سے کس نے قرات کی؟ تین مرتبہ یہ سوال فرمایا (تو ایک شخص بولا۔ میں نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو امام کے پیچھے نماز پڑھے۔ تو امام کی قرات اس کی قرأت ہے۔

(مسند امام اعظم صفحہ ۱۳۳ / ترتیب شریف صفحہ ۵۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۂ فاتحہ نہ پڑھے۔

(عبادہ بن صامتؓ / بخاریؒ۔ بخاری شریف جلد اول صفحہ ۱۰۵ شمار ۷۰۷ / ترتیب شریف صفحہ ۵۱)

حضرت سالمؓ سے روایت ہے ہم حضرت ابی مسعودؓ، عقبہ بن عمرو الانصاریؓ کے پاس آئے اور ان سے کہا۔ ہم کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز بتاؤ وہ ہمارے سامنے کھڑے ہوئے مسجد میں۔ اور تکبیر کہی۔ جب رکوع کیا دونوں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں پر رکھا اور انگلیوں کو ان سے نیچے رکھا اور کہنیوں کو جدا رکھا۔ یہاں تک کہ ہر ایک عضو اپنے مقام پر جم گیا۔ پھر سمع اللہ لمن حمدہ کہا اور کھڑے ہوئے۔ یہاں تک کہ ہر عضو تھم گیا۔ پھر اللہ اکبر کہا اور سجدہ کیا اور دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھا اور کہنیاں جدا رکھیں۔ یہاں تک کہ ہر عضو تھم گیا۔ پھر سر اٹھایا اور بیٹھے یہاں تک کہ ہر عضو اپنے مقام پر تھم گیا۔ پھر دوبارہ ایسا ہی کیا۔ پھر چاروں رکعتیں اسی طرح پڑھیں۔ بعد نماز کے کہا۔ ہم نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح نماز پڑھتے دیکھا۔

(ابوداؤد شریف — جلد اوّل

صفحہ ۲۱۲ شمار ۷۴۲ / ترتیب شریف صفحہ ۱۵)

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ میں نے کسی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جو حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مختصر اور پھر پوری نماز پڑھتا ہو۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے کھڑے رہتے۔ یہاں تک کہ ہم سمجھتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھول گئے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے اور سجدہ کرتے اور دونوں سجدوں کے درمیان آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنا بیٹھتے ہم سمجھتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھول گئے۔

(ابوداؤد شریف ــــ جلد اوّل
صفحہ ۲۱۹ شمار ۱۲۷۶/ ترتیب شریف صفحہ ۵۲)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے دو نمازوں سے ممانعت فرمائی ہے۔ فجر کے بعد یہاں تک کہ آفتاب نکل آئے۔ اور عصر کے بعد یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو جائے۔ (یعنی نفل نماز)۔

(بخاری شریف ــــ جلد اول صفحہ ۱۴۲
شمار ۵۵۰/ ترتیب شریف صفحہ ۵۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص آفتاب کے نکلنے سے پہلے صبح کی ایک رکعت پائے تو اس نے صبح کی نماز پائی اور جب کوئی آفتاب کے غروب ہونے سے پہلے عصر کی ایک رکعت پائے تو بیشک اس نے عصر کی نماز پائی۔

(ابوہریرہؓ/ بخاریؒ ــــ بخاری شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۴۲ شمار ۵۴۲/ ترتیب شریف صفحہ ۵۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص نماز کی ایک رکعت پائے تو اس نے (پوری) نماز پائی۔

(ابوہریرہؓ/ بخاریؒ ــــ بخاری شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۴۲/ شمار ۵۴۳/ ترتیب شریف صفحہ ۵۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ کہ تم میں سے کوئی شخص

سورج نکلنے کے وقت اور سورج ڈوبنے کے وقت نماز پڑھنے کا ارادہ نہ کرے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب سورج کا کنارہ نکل آئے تو، نماز کو چھوڑ دو۔ یہاں تک کہ سورج بلند ہو جائے۔ اور اسی طرح جب غائب ہو جائے کنارہ آفتاب کا تو نماز کو چھوڑ دو، جب تک کہ وہ بالکل غروب نہ ہو جائے اور آفتاب کے طلوع ہونے اور غروب ہونے کے وقت نماز کا ارادہ نہ کرو، اسلئے کہ آفتاب شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے۔

(ابن عمرؓ/ بخاریؒ/ مسلمؒ/ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۲۰۱ شمار ۹۶۳/ ترتیب شریف صفحہ ۵۲)

حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے۔ لوگ سو رہے فجر کی نماز کو نہ اٹھے۔ جب آفتاب کی گرمی ہوئی تو جاگے۔ پھر تھوڑی دور چلے۔ یہاں تک کہ آفتاب بلند ہو گیا۔ بعد اس کے آپ نے موذن کو حکم دیا۔ اس نے اذان دی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں سنت پڑھیں۔ پھر اس نے تکبیر کہی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی۔

(ابو داؤد شریف جلد اوّل، صفحہ ۱۴۱
شمارہ ۴۵۸/ ترتیب شریف صفحہ ۵۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص بھول جائے یا اس سے (بے خبر ہو کر) سو جائے۔ تو چاہیے کہ جب اسے یاد آئے (نماز) پڑھ لے۔ (کیونکہ اللہ سبحانہٗ فرماتا ہے اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ یعنی میری یاد کے لئے نماز پڑھو۔)

(انسؓ/ دارمیؒ — دارمی شریف صفحہ ۲۰۲)

شمار ۱۲۱۷/ ترتیب شریف صفحہ ۵۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب کھانا رکھا جائے،
اور نماز کھڑی ہو جائے تو پہلے کھانا کھا لو۔ (عائشہؓ /دارمیؒ — دارمی شریف
صفحہ ۲۱۰ شمار ۱۲۶۸/ ترتیب شریف صفحہ ۵۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب نماز کا وقت
آئے اور آدمی پاخانہ جانا چاہتا ہو تو پہلے پاخانہ جائے۔

(عبداللہ بن ارقمؓ /دارمیؒ، دارمی شریف
صفحہ ۲۳۱، شمار ۱۴۱۸/ ترتیب شریف صفحہ ۵۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے کسی کو
نماز کی حالت میں نیند معلوم ہو تو چاہیئے کہ سو رہے۔ یہاں تک کہ اس کی
نیند جاتی رہے، کیونکہ شاید کہ استغفار کرنا چاہے۔ اور نیند کی وجہ سے اپنے آپ
کو گالی دینے لگے۔

(عائشہؓ/دارمیؒ/ دارمی شریف صفحہ ۲۲۵ شمار ۱۳۷۴/ ترتیب شریف صفحہ ۵۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں کوئی شخص نماز
کے لئے کھڑا ہوتا ہے، تو (اللہ سبحانہ کی) رحمت اسکی طرف متوجہ ہوتی ہے
لہذا وہ کنکری ہٹانے میں نہ مشغول ہو۔ (ابو ذرؓ/ دارمیؒ / دارمی شریف صفحہ ۲۲۶
شمار ۱۳۷۹/ ترتیب شریف صفحہ ۵۵)

حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے انہوں نے پوچھا جناب رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیٹھ کر نماز پڑھنے کو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا کھڑے ہو کر نماز پڑھنا بیٹھ کر نماز پڑھنے سے افضل ہے۔ اور بیٹھ کر پڑھنے میں کھڑے ہونے کا آدھا ثواب ملتا ہے۔ اور لیٹ کر پڑھنے میں بیٹھ کر پڑھنے کا آدھا ثواب ملتا ہے۔ (ابو داؤد شریف جلد اوّل، صفحہ ۳۷۰، شمار ۹۴۸ / ترتیب شریف صفحہ ۵۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرشتے دعا کرتے ہیں اس شخص کے لئے جو تم میں بیٹھا رہتا ہے اپنے مصلّے میں جہاں وہ نماز پڑھتا ہے جب تک کہ حدث ہو اس کو یا اٹھ نہ کھڑا ہو وہاں سے۔ فرشتے یوں کہتے ہیں کہ اے پروردگار! بخشش دے اس کو۔ اے پروردگار! رحم کر اس پر۔ (ابو ہریرہؓ / ابو داؤد شریف جلد اول صفحہ ۱۴۵ شمار ۴۸۲ ترتیب شریف صفحہ ۵۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر میں نماز پڑھنا بہتر ہے، میری مسجد میں نماز پڑھنے سے مگر فرض۔

(زید بن ثابتؓ / ابو داؤدؒ ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۵۲ شمار ۱۰۴۰ / ترتیب شریف صفحہ ۵۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کچھ نمازیں اپنے گھروں میں پڑھا کرو اور انہیں قبریں نہ بنالو۔

(ابن عمرؓ / بخاریؒ، بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۲۶۳، شمار ۱۰۹۹ / ترتیب شریف صفحہ ۵۶)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حکم فرمایا،

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجدیں بنانے کا گھروں میں (یعنی نماز کی جگہ منفرد کرنے کا) اور ان کو پاک اور صاف رکھنے اور معطر کرنے کا۔

(ابو داؤد شریف ـــ جلد اوّل
صفحہ ۱۸۳ شمار ۴۶ ۹ / ترتیب شریف صفحہ ۵۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت نماز پڑھو اس شخص کے پیچھے جو سو رہا ہو یا باتیں کر رہا ہو۔ (عبد اللہ بن عباسؓ / ابو داؤدؒ)

(ابو داؤد شریف ـــ جلد اوّل
صفحہ ۱۰۱، شمار ۶۸۹ / ترتیب شریف صفحہ ۵۶)

حضرت عبد اللہ بن ادفیؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے قرآن یاد نہیں ہو سکتا تھوڑا سا بھی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے سکھلا دیجئے ایسی چیز جو قرآن کا بدل ہو جاوے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

(نسائی شریف جلد اول صفحہ ۲۳۹
ترتیب شریف صفحہ ۵۶)

نماز میں جائزہ و ناجائز امور

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے، کوئی شخص وضو کرے اور اچھا وضو کرے (یعنی اس کے فرائض اور آداب و سنن کو ملحوظ رکھ کر وضو کرے) پھر مسجد کو نکلے تو وہ انگلیوں میں سے انگلیاں نہ ڈالے۔ کیونکہ وہ نماز میں ہے۔ حضرت شریک رح راوی نے اسی طرح کی ایک حدیث حضرت ابوہریرہ رض سے بھی روایت کی ہے۔ مگر وہ غیر محفوظ ہے۔

(کعب بن عجرہ رض / ترمذی رح — ترمذی شریف جلد اوّل
صفحہ ۸۸ شمارہ ۳۷۳ / ترتیب شریف صفحہ ۵۰)

حضرت ابوہریرہ رض فرماتے ہیں کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں دو موذیوں کو مارنے کا حکم دیا۔ یعنی سانپ اور بچھو کے مارنے کا۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رض اور حضرت ابو رافع رض سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابوہریرہ رض کی حدیث حسن و صحیح ہے۔ صحابہ رض اور تابعین کا اسی پر عمل ہے۔ امام احمد رح اور امام اسحاق رح بھی اسی کے قائل ہیں۔ لیکن بعض علماء نے نماز میں سانپ اور بچھو کو مارنا مکروہ رکھا ہے پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ (یعنی نماز میں سانپ بچھو کو مار

دنیا چاہیئے ۔)

(ترمذی شریف ـــــ جلد اوّل صفحہ
۸۱/۸۰ شمار ۳۱۴۱ / ترتیب شریف صفحہ ۵۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم میں سے جب کسی کو نماز کے اندر جمائی آئے تو وہ امکان بھر اس کو رد کرے ۔ اسلیئے کہ جمائی کے وقت شیطان منہ میں گھس جاتا ہے (مسلمؒ) اور بخاریؒ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب کسی کو نماز میں جمائی آئے تو اس کو رد کرے جب تک ممکن ہو۔ اور ہاں نہ کہے ۔ اس لیے کہ یہ شیطان کی طرف سے ہے وہ اس سے ہنستا ہے ۔

ابو سعید خدریؓ / بخاریؒ و مسلمؒ

(مشکوٰۃ شریف ـــــ جلد اوّل صفحہ
۱۹۴ ، شمار ۹۱۳ / ترتیب شریف صفحہ ۵۸)

(جب جمائی آنے لگے دل میں خیال کرو کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی جمائی نہیں آئی تھی " وہیں رک جائے گی ۔ کبھی نہیں ، آئے گی ۔) ماشاء اللہ

(مؤلف)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں کمر پہ ہاتھ رکھنے کی ممانعت فرمائی ۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے

حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے۔ اہل علم کے ایک گروہ نے اس کو مکروہ سمجھا ہے۔ (یعنی اختصار کو مکروہ تبلایا ہے) اور اختصار یہ ہے کہ مرد نماز میں اپنا ہاتھ کولہے پر رکھے اور بعض نے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنے کو بھی مکروہ تبلایا ہے۔ روایت ہے کہ شیطان کمر پر ہاتھ رکھ کر چلتا تھا۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۹۷، شمار ۳۲۵
ترتیب شریف صفحہ ۵۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو نماز میں کوئی بات پیش آئے (یعنی اس کو کوئی بلائے یا کچھ مانگے)۔ پس چاہیے اس کو کہ وہ سُبْحَانَ اللّٰہ کہے اور دستک دینا اور تالی بجانا عورتوں کے لئے مخصوص ہے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ سبحان اللہ کہنا مردوں کیلئے اور تالی بجانا عورتوں کے لئے ہے۔

(سہل بن سعدؓ / بخاریؒ و مسلمؒ — مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل صفحہ ۱۹۴ شمار ۹۱۵ / ترتیب شریف صفحہ ۵۸)

حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہیں کہ میں نے حضور اقدس واکمل، جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ نماز میں ادھر ادھر دیکھنا کیسا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ اچک لینا ہے کہ شیطان بندے کی نماز میں سے اچک لیتا ہے۔ (عائشہ صدیقہؓ / بخاریؒ و مسلمؒ۔ مشکوٰۃ شریف

(جلد اوّل صفحہ ۱۹۴ شمارہ ۹۱۰ / ترتیب شریف صفحہ ۵۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ سبحانہٗ بندہ کی طرف متوجہ رہتا ہے جبتک کہ وہ نماز میں ہوتا ہے جبتک کہ نماز پڑھنے والا ادھر ادھر نہ دیکھے۔ (ابوذرؓ / احمدؒ / ابوداؤدؒ / نسائیؒ / دارمیؒ)

(مشکوٰۃ شریف جلد اصفحہ ۱۹۵ شمارہ ۹۲۱ / ترتیب شریف صفحہ ۵۹)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھ) سے فرمایا اے انسؓ! اپنی نگاہوں کو وہاں رکھ جہاں تو سجدہ کرتا ہے (ساری نماز میں)۔ (انسؓ / بیہقیؒ)

(مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۹۵ شمارہ ۹۲۲ / ترتیب شریف صفحہ ۵۹)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ باز رہیں لوگ نماز میں دعا کے وقت آسمان کی طرف نگاہیں اٹھانے سے، یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اچک لی جائیں گی آنکھیں ان کی جو آسمان کی طرف اٹھاتے ہیں نگاہیں نماز میں (ابوہریرہؓ / مسلمؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۹۴ شمارہ ۹۱۱ - ترتیب شریف صفحہ ۵۹)

ام سلمہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ایک غلام کو دیکھا جسکا نام افلحؓ تھا۔ وہ جب سجدہ میں جاتا تو پھونک مارتا (تاکہ مٹی اسکی پیشانی وغیرہ کو نہ لگے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ دیکھکر) فرمایا اے افلحؓ! خاک آلودہ کر اپنے منہ کو۔ (ام سلمہؓ / ترمذیؒ ـ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۹۶ شمارہ ۹۲۸ / ترتیب شریف صفحہ ۵۹)

اللباس

فرمایا جناب رسول اللہ علیہ وسلم نے کہ حائضہ (یعنی عورت بالغہ) کی نماز بغیر اوڑھنی کے قبول نہیں کی جاتی۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی حدیث حسن ہے اہل علم کے نزدیک اسی پر عمل ہے کہ جب عورت بالغہ ہو جاوے وہ نماز پڑھے اور اس کے بالوں کا کچھ حصہ کھلا رہے تو اس کی نماز جائز نہیں امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر اس کے قدموں کی پیٹھ کھلی رہ جائے تو نماز جائز ہے۔ (یعنی ٹخنے کھلے رہ جائیں)

(عائشہؓ/ترمذیؒ — ترمذی شریف،
جلد اوّل صفحہ ۸۰، شمارہ ۳۴۳/ترتیب شریف صفحہ ۶۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اس وقت تک تم میں سے کوئی شخص ایک کپڑے سے نماز نہ پڑھے جب تک اس کپڑے کا ایک حصہ مونڈھوں پر نہ ہو۔

(ابوہریرہؓ بخاریؒ و مسلمؒ — مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل صفحہ ۱۶۲/۳ شمارہ ۷۴۹/ترتیب شریف صفحہ ۶۰)

حضرت امّ سلمہؓ نے پوچھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

کیا عورت نماز پڑھے ایک سربند اور ایک کرتے میں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں۔ جب کرتہ پورا ہو چھپا ئے اس کے پاؤں کو (تو ازار کی ضرورت نہیں ہے ازار نماز ہو جادے گی ورنہ ازار ضروری ہے)

(ابوداؤد شریف ــــ جلد اوّل
صفحہ ۱۸۲ شمار ۵۳۹ / ترتیب شریف صفحہ ۶۰)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص اپنی ازار کو لٹکائے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے جا اور وضو کر۔ وہ چلا گیا اور پھر حاضر ہو کر عرض کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس لئے مجھ کو وضو کرنے کا حکم دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ازار لٹکا کر نماز پڑھے اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔

(ابوہریرہؓ / ابوداؤدؒ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۶۳ شمار ۷۰۰ / ترتیب شریف صفحہ ۶۰)

ــــ ۞ ــــ

السُترہ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر تم میں سے کسی کو یہ معلوم ہو جائے کہ اپنے کسی مسلمان بھائی کے سامنے سے گذرنا جب وہ نماز پڑھ رہا ہو۔ کس قدر گناہ رکھتا ہے تو وہ اپنا سو برس تک کھڑا رہنا نمازی کے سامنے سے گزرنے سے زیادہ بہتر خیال کرے گا۔

(ابو ہریرہؓ/ابن ماجہؒ۔ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ۱۶۶
شمارہ ۷۰۵ ——— ترتیب شریف صفحہ ۶۱)

حضرت مقداد بن اسودؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل الطیب والطہر صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے لکڑی یا ستون یا درخت کی طرف تو اس کو اپنے داہنے ابرو یا بائیں ابرو کے مقابل کرتے اور اس کو اپنی دونوں آنکھوں کے بیچ میں نہ کرتے۔

(ابو داؤد شریف — جلد اوّل
صفحہ ۱۹۰/شمارہ ۶۸۸/ترتیب شریف صفحہ ۶۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ توڑتا ہے (یعنی باطل کرتا ہے) نماز کو گزرنا نمازی کے سامنے سے عورت

کا گدھے کا اور کتے کا۔ اور رد کرتا ہے اسکو کھڑا کرنا لکڑی کا مانند لکڑی کجاوہ کی

(ابوھریرہ رض / مسلم رح)

(مشکوٰۃ شریف ـــــ جلد اوّل
صفحہ ۱۶۵ شمار ۱۶/ ترتیب شریف صفحہ ۶۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے کوئی اپنے سامنے کجاوہ کی پچھلی لکڑی کی مانند اونچی لکڑی رکھے تو اس کی طرف نماز پڑھ لے۔ اور سامنے سے گذرنے والوں کی پرواہ نہ کرے

(طلحہ بن عبید اللہ رض / مسلم رح)

(مشکوٰۃ شریف ـــ جلد اول صفحہ ۱۶۵
شمار ۱۳ ۷ / ترتیب شریف صفحہ ۶۱)

ـــ ۋ ـــ

الاوقات

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جبرائیل ؑ نے ،
بیت اللہ شریف کے پاس دو مرتبہ میری امامت کی۔ پہلی بار ظہر کی نماز اس
وقت پڑھی جب کہ نعلین کے تسمہ کے برابر سایہ ڈھلا تھا۔ پھر عصر کی نماز اس
وقت پڑھی جب کہ تمام چیزیں اپنے سایہ کے برابر ہو گئیں۔ پھر مغرب کی
نماز اس وقت پڑھی جب آفتاب غروب ہو گیا۔ اور روزہ دار نے روزہ کھولا
پھر عشا کی نماز اس وقت پڑھی جب شفق غائب ہو گئی۔ پھر صبح کی نماز اس
وقت پڑھی جب صبح بجلی کی طرح چمک اٹھی (پو پھٹی) اور روزہ دار پر کھانا
حرام ہو گیا۔ دوسری بار ظہر کی نماز اس وقت پڑھی جب ہر چیز کا سایہ ،
اس کے برابر ہو گیا جس وقت انہوں نے کل عصر کی نماز پڑھی تھی۔ پھر عصر
کی نماز اس وقت پڑھی جب ہر چیز کا سایہ اس سے دوگنا ہو گیا۔ پھر مغرب
کی نماز اس وقت پڑھی جس وقت پہلی بار پڑھی تھی۔ پھر عشا کی نماز اس
وقت پڑھی جب ایک تہائی رات گذر گئی۔ پھر صبح کی نماز اس وقت پڑھی
جب زمین خوب روشن ہو گئی۔ پھر جبرائیل علیہ السلام میری طرف متوجہ
ہوئے۔ اور فرمایا کہ یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے
پیغمبروں (علیہم السلام) کا یہی وقت ہے۔ اور نماز کا وقت انہی دونوں وقتوں

کے درمیان ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، حضرت بریدہؓ، حضرت ابوموسیٰؓ، حضرت ابومسعودؓ، حضرت ابوسعیدؓ، حضرت جابرؓ، حضرت عمرو ابن حزمؓ، حضرت براءؓ اور حضرت انسؓ سے روایت ہے۔

(ترمذی شریف ___ جلد اول
صفحہ ۴۲ شمار ۱۳۲/ ترتیب شریف صفحہ ۹۶)

حضرت رافع بن خدیجؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ صبح کی نماز روشنی ہونے پر پڑھو۔ اس سے اجر زیادہ ملتا ہے۔ اس باب میں حضرت ابوبرزہؓ حضرت جابرؓ، اور حضرت بلالؓ سے، روایت ہے۔ اور حضرت رافعؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے۔ اور کئی ارباب علم صحابہؓ و تابعینؒ کا یہی قول ہے۔ کہ صبح کی نماز کو خوب روشن ہونے پر پڑھنا چاہیئے۔ امام سفیان ثوریؒ اسی کے قائل ہیں۔ امام شافعیؒ۔ امام احمدؒ اور امام اسحاقؒ یہ کہتے ہیں کہ روشنی ہونے کے معنی یہ ہیں کہ صبح واضح ہو جائے اور صبح ہونے میں شک نہ رہے۔ یہ مطلب نہیں کہ نماز میں، تاخیر کی جائے۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۶-۳۵ شمار ۱۳۷
ترتیب شریف صفحہ ۹۳)

حضرت ابوالخلیلؓ حضرت ابوقتادہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم،

دوپہر کے وقت نماز پڑھنے کو مکروہ خیال فرماتے تھے۔ جب تک کہ آفتاب نہ ڈھل جائے مگر جمعہ کے دن۔ اور فرمایا کہ دوزخ جھونکی جاتی ہے۔ روزانہ مگر جمعہ کے دن نہیں جھونکی جاتی۔

(ابوالخلیلؒ/ابوداؤدؒ — مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۲۰۲ شمار ۹۷۱/ترتیب شریف صفحہ ۶۲)

حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں کہ تین وقتوں میں نماز پڑھنے سے حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو منع فرمایا کرتے تھے۔ اور انہیں وقتوں میں مردوں کو دفن کرنے (یعنی نماز جنازہ پڑھنے) سے منع فرماتے تھے۔ ایک تو آفتاب نکلنے کے وقت دوسرے اس وقت کہ دوپہر کا سایہ قائم ہو۔ یہاں تک کہ آفتاب کا سایہ ڈھل جائے۔ اور تیسرے اس وقت جب کہ آفتاب غروب ہونے لگے۔ یہاں تک کہ غروب ہو جائے۔

(عقبہ بن عامرؓ/مسلمؒ — مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل، صفحہ ۲۰۱ شمار ۹۶۴/ترتیب شریف صفحہ ۶۳)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب گرمی زیادہ بڑھ جائے تو نماز کو ٹھنڈ میں پڑھا کرو۔ اس لئے کہ گرمی کی شدت جہنم کے جوش سے (ہوتی) ہے۔ اور آگ نے اپنے پروردگار سے شکایت کی اور کہا اے میرے پروردگار میرے ایک حصے نے دوسرے حصے کو کھالیا تو اللہ سبحانہٗ نے اسے دو مرتبہ سانس لینے کی اجازت دی۔ ایک سانس کی

جاڑوں میں اور ایک سانس کی گرمی میں اور وہی سخت گرمی ہے جسکو تم محسوس کرتے ہو۔ اور سخت سردی ہے جسے تم پاتے ہو۔

ابوہریرہؓ / بخاریؒ

(بخاری شریف ــــــ جلد اوّل

صفحہ ۳۴۴، شمار ۵۰۲ / ترتیب شریف صفحہ ۳۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس نے صبح کی دو رکعتیں (سنتیں) نہیں پڑھیں وہ ان رکعتوں کو سورج نکلنے کے بعد پڑھے اس حدیث کو صرف ہم اسی طریقہ سے جانتے ہیں۔ روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے ایسا ہی کیا۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام سفیان ثوریؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ، امام اسحٰقؒ اور امام ابن مبارکؒ اسی کے قائل ہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ سے ایک اور روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے صبح کی نماز کی ایک رکعت طلوع آفتاب سے پہلے پالی تو اس نے فجر پالی۔

ابوہریرہؓ / ترمذیؒ

(ترمذی شریف ــــــ جلد اوّل

صفحہ ۸۰، شمار ۴۲۳ / ترتیب شریف صفحہ ۴۹۴

حضرت رافع بن خدیجؓ نے بیان کیا کہ ہم حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل الطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عصر کی نماز پڑھتے پھر ذبح کیا جاتا اونٹ اور تقسیم کیا جاتا۔ اس کو دس حصوں میں پھر

پکایا جاتا گوشت۔ اور پھر کھاتے ہم پکا ہوا گوشت آفتاب غروب ہونے سے پہلے
(رافع بن خدیجؓ بخاریؒ و مسلمؒ)

مشکوٰۃ شریف ـــــ جلد اوّل

صفحہ ۱۴۴ شمار ۵۶۱/ ترتیب شریف صفحہ ۶۴

حضرت سلمہ بن اکوعؓ کہتے ہیں کہ جب آفتاب غروب ہو جاتا اور پردے میں چھپ جاتا تھا۔ اس وقت حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز پڑھتے تھے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ حضرت زید بن خالدؓ، حضرت انسؓ، حضرت رافع بن خدیجؓ، حضرت ابو ایوبؓ، حضرت ام حبیبہؓ، حضرت عباس بن عبد المطلبؓ سے روایت ہے۔ حضرت سلمہ بن اکوعؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے اور اکثر اہل علم صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کا یہی قول ہے۔ یہ سب حضرات مغرب کی نماز میں جلدی کرنے کو اختیار کرتے ہیں۔ اور تاخیر کو مکروہ بتاتے ہیں ــــ بعض اربابِ علم نے تو یہاں تک کہا ہے۔ کہ مغرب کی نماز کے لئے ایک وقت کے سوا دوسرا وقت ہی نہیں، اور یہ حضرات جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث پر عامل ہیں، جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نماز پڑھائی،

امام ابن مبارکؒ اور امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۲۷ شمارہ ۱۸۵

ترتیب شریف صفحہ ۶۵-۶۴)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس (عشاء کی) نماز کا وقت اور لوگوں سے زیادہ جانتا ہوں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تیسری رات کے چاند ڈوبنے پر یہ نماز پڑھا کرتے تھے۔ ایک دوسری روایت سے بھی حضرت نعمان بن بشیرؓ سے اسی طرح مروی ہے۔

(یہ حدیث صحیح ہے)

(ترمذی شریف ـــ جلد اوّل

صفحہ ۳۷، شمار ۱۶۴ ـــ ترتیب شریف صفحہ ۶۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر میری امت پر یہ بات شاق نہ ہوتی تو میں اس کو حکم دیتا کہ وہ عشا کی نماز میں تہائی رات یا نصف رات تک تاخیر کریں۔ اس باب میں حضرت جابر بن سمرہؓ حضرت جابر بن عبداللہؓ، حضرت ابو برزہؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت ابو سعید خدریؓ، حضرت زید بن خالدؓ اور حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ مگر حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے۔ اکثر ارباب علم صحابہؓ و تابعینؒ نے اسی کو اختیار کیا ہے کہ عشا کی نماز میں تاخیر کرنی چاہیے۔ امام احمدؒ اور امام اسحاقؒ نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔

(ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ / ترمذی رحمۃ اللہ علیہ

ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۳۷/۳۸ شمار ۱۶۷

ترتیب شریف صفحہ ۶۵)

حضرت ابو برزہؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجل

اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز سے پہلے سونے اور عشا کی نماز کے بعد بات چیت کرنے کو ناپسند فرماتے تھے۔ اس باب میں حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے مگر حضرت ابو برزہؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے۔ (اس حدیث کی بنا پر) اکثر اہل علم نے عشا کی نماز سے پہلے سونے کو مکروہ سمجھا ہے۔ امام ابن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ (اس کے علاوہ) اکثر حدیثیں کراہت ہی پر دلالت کرتی ہیں۔ بعض ارباب علم نے رمضان شریف میں عشا کی نماز سے پہلے سونے کی اجازت و رخصت دی ہے۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۳۸ شمارہ ۱۰۴
ترتیب شریف صفحہ ۶۵)

حضرت عباس ابن عبد المطلبؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تک تاروں کے روشن ہونے سے پہلے پہلے میری امت نماز ادا کرتی رہے گی۔ اس وقت تک اپنے حقیقی طریقہ پر قائم رہے گی۔ حضرت ابو عبداللہ ابن ماجہؒ کہتے ہیں لوگوں کا اس حدیث میں بہت شور و شغب ہوا۔ اس لئے میں اور ابو بکر عوام ابن عبادہ ابن عوامؓ کے پاس گئے وہؓ باہر تشریف لائے اور اپنے والدؓ کی اصل (کتاب) دکھائی۔ اس میں یہ حدیث موجود تھی۔

(ابن ماجہ شریف صفحہ ۸۰
ترتیب شریف صفحہ ۶۶)

حضرت بریدہ اسلمیؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر میں تھے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابر کے روز نماز میں جلدی کیا کرو۔ اسلئے کہ جس شخص کی نماز عصر فوت ہو جاتی ہے اس کے تمام عمل بے کار ہو جاتے ہیں۔

(ابن ماجہ شریف صفحہ ۸۱ - ۸۰

ترتیب شریف صفحہ ——— ۶۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا ابتدائی وقت اللہ سبحانہٗ کی رضامندی ہے اور آخری وقت اللہ سبحانہٗ کی معافی ہے۔ اس باب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ، حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت ابن عمرؓ اور حضرت ابن مسعودؓ سے بھی روایت ہے۔

ابن عمرؓ / ترمذیؒ

ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۸ شمارہ ۱۵۱

ترتیب شریف صفحہ ۶۲)

الجماعت

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی کا جماعت سے نماز پڑھنا اس کے اپنے گھر اور اپنے بازار میں نماز پڑھنے سے پچیس ۲۵ درجہ (ثواب میں) زیادہ ہے۔ کہ جب وضو کرے اور اچھا وضو کرے پھر مسجد کیطرف چلے اور محض نماز ہی کے لیے چلے تو ہر قدم جو رکھے گا اس کے سبب سے اس کا ایک درجہ بلند کیا جائے گا۔ اور ایک گناہ اس کا معاف ہو گا۔ پھر جب وہ نماز پڑھے گا تو برابر فرشتے اس کے لیے دعا کرتے رہیں گے۔ جب تک کہ وہ اپنے مصلے پر رہے گا۔ کہ یا اللہ اس پر رحمت نازل فرما۔ یا اللہ اس پر مہربانی فرما اور تم میں سے ہر ایک نماز میں ہے۔ جب تک کہ نماز کا انتظار کرتا ہے۔

ابو ہریرہ رضؓ / بخاریؒ

(بخاری شریف جلد اول صفحہ ۱۵۴ شمار ۶۰۷

ترتیب شریف صفحہ ۶۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص نے چالیس دن اللہ سبحانہٗ کے لیے جماعت سے نماز پڑھی اس طرح کہ اس کی تکبیر اولیٰ فوت نہیں ہوئی۔ اس کے لیے دو نجاتیں لکھی گئی ہیں۔ ایک

دوزخ سے نجات اور ایک نفاق سے۔ دوسری روایت میں یہ حدیث جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول نہیں بلکہ موقوف ہے۔ اور ایک میں یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے واسطے سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے مگر یہ روایت غیر محفوظ اور مرسل ہے۔

(انس بن مالک رضی اللہ عنہ / ترمذی رحمۃ اللہ علیہ

ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۵۲ شمار ۲۱۴

ترتیب شریف صفحہ ۶۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص اپنے گھر سے وضو کر کے فرض نماز کے لیے نکلے گا تو اس کو اتنا ثواب ملے گا جیسے حج کرنے کو نکلے احرام باندھے ہوئے۔ اور جو شخص چاشت کی نماز کیلئے نکلے۔ اسی کے لیے تکلیف اٹھاوے اس کو عمرہ کرنے والے کا ثواب ملے گا۔ اور جو نماز ایک نماز کے بعد ہو، بیچ میں کوئی برا کام نہ ہو تو وہ لکھی جاویگی علیین میں۔

ابی امامہ رضی اللہ عنہ / ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۱۱ شمار ۵۵۸

ترتیب شریف صفحہ ۶۷)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم میں سے کسی کے دروازہ پر کوئی نہر ہو

کر وہ اس میں ہر روز پانچ مرتبہ نہاتا ہو۔ تو تم کیا کہتے ہو کہ یہ نہانا اس کے میل کو باقی رکھے گا۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یہ اس کے میل کو کچھ بھی نہ باقی رکھے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچوں نمازوں کی یہی مثال ہے اللہ سبحانہٗ ان کے ذریعہ سے گناہوں کو مٹاتا ہے۔

(بخاری شریف جلد اول صفحہ ۱۳۳ شمارہ ۵۱۴
ترتیب شریف صفحہ ۶۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو تاریکیوں میں، مسجد کیطرف بار بار پیدل چلتے ہیں۔ ان کو خوش خبری سنا دو کہ انکو قیامت کے دن مکمل نور مل گیا۔

(یہ حدیث غریب ہے) ——— بریدہ اسلمیؓ / ترمذیؒ
(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۸۴ شمارہ ۱۹۹
ترتیب شریف صفحہ ۶۸)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس نے فجر کی نماز پڑھی وہ اللہ سبحانہٗ کی پناہ میں ہے۔ لہٰذا اللہ سبحانہٗ کے پناہ دیئے ہوئے میں اس سے بد عہدی نہ کرو۔ اور جس نے عصر کی نماز پڑھی وہ (بھی) اللہ سبحانہٗ کی پناہ میں ہے۔ لہٰذا اللہ سبحانہٗ کے پناہ دیئے ہوئے کے بارے میں اس سے بد عہدی نہ کرو۔

امام ابو محمد (دارمیؒ) کہتے ہیں کہ جب اللہ سبحانہٗ نے اس کو پناہ دی اور کسی نے اس کے وعدے کو پورا نہ کیا تو اس نے بیوفائی بد عہدی کی

(ابوہریرہؓ / دارمیؒ ——— دارمی شریف صفحہ ۲۳۲

شمار ۱۴۱۷ / ترتیب شریف صفحہ ۶۸)

فرمایا جناب رسول اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص عشا کی نماز میں شریک جماعت ہو اسے آدھی رات تک عبادت میں کھڑا رہنے کا ثواب ملا۔ اور جس نے عشا اور فجر دونوں نمازیں جماعت کے ساتھ پڑھیں اسے تمام رات قیام کرنے کا ثواب ملا۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، حضرت ابن عمرؓ اور حضرت انسؓ وغیرہ سے روایت ہے۔

عثمان غنی رضی اللہ عنہ / ترمذیؒ

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۸۴ شمار ۱۹۷

ترتیب شریف صفحہ ۶۸)

حضرت سلیمانؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص صبح کی نماز کو جائے وہ گویا ایمان کے جھنڈے کو لے جاتا ہے اور جو شخص بازار جاتا ہے وہ گویا ابلیس کے جھنڈے کو لے جاتا ہے۔

سلیمانؓ / ابن ماجہؒ

(مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۴۷ شمار ۵۸۴

ترتیب شریف صفحہ ۶۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص کی نماز عصر فوت ہو جائے (وہ ایسا ہے) گویا اس کے گھر والے اور مال و اسباب لٹ گیا۔ اس باب

میں حضرت بریدہؓ اور نوفل بن معاویہؓ سے بھی روایت ہے۔ مگر حضرت ابن عمرؓ کی (یہ) حدیث حسن و صحیح ہے۔

ابن عمرؓ / ترمذی رح

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۳۹ شمارہ ۱۵۵

ترتیب شریف صفحہ ۶۹)

حضرت ابن مکتومؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں کیڑے اور درندے بہت ہیں۔ تو مجھے اجازت دیجئے گھر میں نماز پڑھنے کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو "حی علی الصلوٰۃ" اور "حی علی الفلاح" سنتا ہے۔ انہوں نے کہا ہاں سنتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر حاضر ہو اور نہیں اجازت دی ان کو نماز چھوڑنے کی۔

(نسائی شریف ـــ جلد اول صفحہ ۲۲۲

ترتیب شریف صفحہ ۶۹)

حضرت عثمان بن عفانؓ سے روایت ہے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جو شخص نماز کے لئے پورا وضو کرے (موافق سنت کے) پھر فرض نماز کو (مسجد میں جاوے) اور لوگوں کے ساتھ نماز پڑھے جماعت سے نماز پڑھے یا مسجد میں پڑھے (یعنی پہلی بڑی جماعت میں شریک ہو یا دوسری جماعت میں یا اکیلے پڑھے بہر حال) اللہ سبحانہٗ اس کے گناہ بخش دے گا۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۲۳
ترتیب شریف صفحہ ۶۹)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم نماز کو آؤ تو دوڑتے ہوئے مت آؤ۔ بلکہ معمولی چال سے آؤ۔ اور اطمینان رکھو جتنی نماز تم کو جماعت سے ملے اتنی جماعت سے پڑھو اور جس قدر نہ ملے اس کو (سلام کے بعد) پڑھ لو۔

ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ / نسائی رحمۃ اللہ علیہ

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۲۴
ترتیب شریف صفحہ ۷۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص سب سے پہلے (مسجد میں) نماز کو آوے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے ایک اونٹ قربانی کے لئے مکے میں بھیجا پھر جو اس کے بعد آوے وہ ایسا ہے جیسے کسی نے ایک بیل یا گائے کو قربانی کے لئے بھیجا پھر جو اس کے بعد آوے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ایک مینڈھا بھیجا پھر جو اس کے بعد آوے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے مرغی بھیجی پھر جو اس کے بعد آوے وہ ایسا ہے۔ جیسے کسی نے ایک انڈا بھیجا۔

(ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ / نسائی رحمۃ اللہ علیہ / نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۲۵
ترتیب شریف صفحہ ۷۰)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ ایک رات میں حضور اقدس صلی اللہ

علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف آ کر کھڑا ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پیچھے سے میرا سر پکڑ کر اپنی داہنی طرف کر لیا۔ اس باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن و صحیح ہے۔ کئی صحابہؓ و تابعینؒ کا یہی قول ہے کہ اگر ایک مقتدی ہو تو امام کی داہنی طرف کھڑا ہو۔

(ترمذی شریف ــــــ جلد اوّل
صفحہ ۵۰ شمارہ ۴۰/ ترتیب شریف صفحہ ۲۷)

حضرت ابو سعیدؓ سے منقول ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ تنہا نماز پڑھ رہا ہے تو فرمایا کہ کیا کوئی شخص نہیں ہے جو اس کو خیرات دے یعنی اس کے ساتھ نماز پڑھے۔

(دارمی شریف صفحہ ۲۲۴/۲۲۳ شمارہ ۱۳۰۵
ترتیب شریف صفحہ ۷۰)

حضرت وابصہ بن معبدؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے تنہا صف کے پیچھے نماز پڑھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا کہ وہ دوبارہ نماز پڑھے۔ اس باب میں حضرت علی بن شیبانؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ مگر یہ حدیث حسن ہے۔ علماء کی ایک جماعت نے اس بات کو مکروہ سمجھا ہے کہ کوئی شخص تنہا صف کے پیچھے نماز پڑھے۔ اور اگر وہ ایسا کرے تو پھر نماز پڑھے۔ امام احمدؒ اور امام اسحٰقؒ اسی کے قائل ہیں علماء کی دوسری جماعت کہتی ہے کہ اگر صف کے پیچھے اکیلے آدمی

نے نماز پڑھ لی تو اسے دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ امام سفیان ثوریؒ امام ابن مبارکؒ اور امام شافعیؒ اسی کے قائل ہیں۔ کوفہ والوں کی ایک جماعت حضرت وابصہؓ کی اس حدیث کے مطابق دوبارہ پڑھنے کی قائل ہے کیونکہ دوسرے راویوں سے بھی روایت ہے۔ کہ ایک شخص نے صف کے پیچھے نماز پڑھی اور اس کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ پڑھنے کا حکم دیا۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۴۹/۵۰ شمار ۲۰۴
ترتیب شریف صفحہ ۱/۱۰/۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تم میں سے کوئی، اس سے عاجز ہے کہ آگے بڑھ جائے یا پیچھے ہٹ جائے یا دائیں طرف یا بائیں طرف چلا جائے نفل کی نماز پڑھنے کیلئے (یعنی جہاں پر فرض نماز پڑھے وہاں نفل نہ پڑھے۔ آگے یا پیچھے یا دائیں یا بائیں ہٹ کر پڑھے)

(ابو ہریرہؓ/ابو داؤدؒ — ابو داؤد شریف جلد اوّل
صفحہ ۲۴۶ شمار ۳/۱۰۰۷/ ترتیب شریف صفحہ ۱/۷)

حضرت نافعؒ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہا کرتے تھے کہ جس شخص نے نماز پڑھی مغرب کی یا صبح کی اور پھر پایا ان نمازوں کو امام کے ساتھ تو دوبارہ ان کو نہ پڑھے۔

(نافعؒ/مالکؒ — مشکوٰۃ شریف جلد اول
صفحہ ۲۱۸ شمار ۱۰۷۹/ ترتیب شریف صفحہ ۱/۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بندہ (مسلمان)
اور کفر کے درمیان صرف نماز کی دیوار حائل ہے۔ اور ترک نماز اس
فرق کو دور کر دیتا ہے۔

(جابر رضؓ / مسلم رحؒ)

(مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۳۸ شمارہ ۵۱۰

ترتیب شریف صفحہ ۲۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پانچوں نمازیں
اور جمعہ سے جمعہ تک اور رمضان سے رمضان تک مٹا دیتے ہیں ان
گناہوں کو جو ان کے درمیان ہوتے ہیں۔ جب کہ گناہ کبیرا نہ کئے
گئے ہوں

(ابو ہریرہ رضؓ / مسلم رحؒ)

(مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۳۷ شمارہ ۵۱۳

ترتیب شریف صفحہ ۲۷)

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے
سنا حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ
علیہ وسلم فرماتے تھے جو تین آدمی کسی بستی یا جنگل میں ہوں پھر
وہ جماعت سے نماز نہ پڑھیں تو شیطان ان پر مسلط ہو
جاتا ہے۔ لازم سمجھو جماعت کو کیوں کہ بھیڑیا اسی بکری کو کھاتا ہے
جو ریوڑ سے دور ہو۔

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۹۴ شمار ۱۰۵۴

ترتیب شریف صفحہ ۲۷)

حضرت اسودؓ سے منقول ہے کہ حضرت عبداللہ (بن مسعودؓ) نے کہا تم میں سے کوئی شخص یہ خیال کرے کہ اس کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ (نماز سے فارغ ہو کر) دائیں ہی طرف پھرے۔ اپنی نماز میں سے شیطان کے لئے حصہ مقرر کرے۔ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اپنی بائیں طرف بہت پھرا کرتے تھے۔

(دارمی شریف صفحہ ۲۲۰ شمار ۱۳۸۱۳

ترتیب شریف صفحہ ۲۷)

—— ثؔ ——

الامامت

حضرت عثمان بن ابی العاص ؓ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے امام بنا دیجئے اپنی قوم کا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تو ان کا امام ہے۔ لیکن رعایت کر انکی جو سب سے کمزور ہو۔ اور مؤذن ایسا مقرر کر جو اذان پر اجرت نہ لیوے

(ابو داؤد شریف جلد اول صفحہ ۱۶۱ شمارہ ۵۴۲
ترتیب شریف صفحہ ۷۳)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین آدمیوں کی نماز اللہ سبحانہ قبول نہیں کرتا۔ ایک وہ جو امامت کرے اور لوگ اس کی امامت سے ناراض ہوں۔ دوسرے وہ شخص جو نماز کو آوے وقت قضا ہو جانے کے بعد تیسرے وہ شخص جو لونڈی بنالیوے آزاد عورت کو یا غلام بنالیوے آزاد مرد کو۔

عبداللہ بن عمرو ؓ/ ابو داؤد ؒ

(ابو داؤد شریف جلد اول صفحہ ۱۳۷، شمارہ ۵۴۹
ترتیب شریف صفحہ ۷۳)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ امامت کرے قوم کی جو ان میں قرآن کریم کا بڑا قاری ہو۔ اور پرانا قاری ہو۔ سو اگر وہ لوگ

قرأت میں برابر ہوں تو امامت کرے جس نے ان میں سے اوّل ہجرت کی ہو سو اگر ہجرت میں سب برابر ہوں تو ان میں بڑی عمر والا امامت کرے۔ اور نہ امامت کرے ایک مرد دوسرے کے گھر میں نہ اس کی حکومت کی جگہ میں اور نہ بیٹھے اس کی خاص جگہ پر (مسند وغیرہ پر جو اس کی عزت کی جگہ ہو) بغیر اس کے اذن کے۔

ابن مسعود بدری رضؓ / ابو داؤد رحؒ

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۱۱ شمار ۵۸۵

ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین باتیں کسی آدمی کو کرنا درست نہیں۔ ایک تو جب امام ہو تو خاص اپنے واسطے دعا کرنا، دوسروں کے واسطے نہ کرنا۔ اگر ایسا کرے گا تو ان کی خیانت کی، بلکہ چاہیے کہ اپنے واسطے اور مقتدیوں کے واسطے بھی دعا کرے، دوسرے کسی کے گھر میں جھانکنا بغیر اس کی اجازت کے اگر ایسا کیا گیا تو گویا اس کے گھر میں گھس گیا۔ بغیر اجازت کے، تیسرے نماز پڑھنا پاخانہ یا پیشاب روکے ہوئے جب تک ہلکا نہ ہو جاوے پاخانہ یا پیشاب سے فارغ ہو کر۔

ثوبان رضؓ / ابو داؤد رحؒ

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۷۲ شمار ۹۰

ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ سے روایت ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے نماز پڑھی اپنے گھر میں بیٹھ کر لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑے ہو کر نماز پڑھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کیا بیٹھ جاؤ۔ جب نماز سے فارغ ہوئے فرمایا امام اس لیئے ہے کہ اس کی پیروی کی جاوے جب رکوع کرے تم بھی رکوع کرو اور جب سر اٹھاوے تم بھی سر اٹھاؤ اور جب بیٹھ کر نماز پڑھے تم بھی بیٹھ کر پڑھو۔

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۷۶ شمارہ ۵۰۵
ترتیب شریف صفحہ ۴۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں ڈرتا تم میں سے کوئی جب سر اٹھاتا ہے سجدے سے اور امام سجدے میں ہوتا ہے۔ اس بات سے کہ اللہ سبحانہٗ اس کا سر گدھے کا سر کر دیوے یا اس کی صورت گدھے کی صورت ہو جاوے۔ (یعنی قیامت کے روز یا دنیا میں)

(ابو ہریرہؓ ابوداؤدؒ — ابوداؤد شریف جلد اول
صفحہ ۱۷۹ شمار ۵۲۲ / ترتیب شریف صفحہ ۴۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب امام نماز پڑھ چکے اور قعدہ اخیر کرے پھر اس کا وضو ٹوٹ جاوے بات کرنے سے پہلے اس کی نماز تمام ہو گئی اور مقتدیوں کی نماز بھی تمام ہو گئی جو پورا کر چکے ہیں اپنی نماز کو۔

(عبد اللہ بن عمرؓ ابوداؤدؒ — ابوداؤد شریف جلد اوّل
شمار ۵۱۶ صفحہ ۱۷۸ / ترتیب شریف صفحہ ۴۷)

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے سنا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جو شخص امامت کرے لوگوں کی وقت پر تو اس کو بھی ثواب ملے گا اور مقتدیوں کو بھی اور جو وقت میں دیر کرے تو اس کا گناہ امام پر ہوگا نہ کہ مقتدیوں پر۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۱۷۰ شمار ۴۸۲
ترتیب شریف صفحہ ۷۴)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس و اکمل، جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے خلیفہ کیا حضرت عبداللہ بن مکتومؓ کو (مدینے میں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ تبوک میں جانے لگے) وہ لوگوں کی امامت کیا کرتے تھے حالانکہ وہ اندھے تھے۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۱۷۴ شمار ۵۹۶
ترتیب شریف صفحہ ۷۵)

حضرت ہمام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے امامت کی لوگوں کی مدائن میں (ایک شہر تھا کوفہ کے پاس) ایک دکان پر کھڑے ہو کر (اور لوگ نیچے تھے) حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ان کا کرتہ پکڑ کر ان کو گھسیٹ لیا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو کہا تم کو معلوم نہیں کہ لوگ اس امر سے منع کیے جاتے تھے انہوں نے کہا ہاں مجھے بھی یاد آیا جب تم نے مجھے پکڑ کر گھسیٹا تھا۔

ابو داؤد شریف جلد اول صفحہ ۱۷۴، شمارہ ۴۹۸
ترتیب شریف صفحہ ۷۵

حضرت انس ؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو رغبت دلائی جماعت سے نماز پڑھنے کی اور منع کیا ان کو امام سے پہلے جانے سے

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۷۹، شمارہ ۵۲۳
ترتیب شریف صفحہ ۷۵)

حضرت عبد اللہ بن شخیرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابی العاص ؓ نے فرمایا۔ طائف بھیجتے وقت جو آخری عہد مجھ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے لیا تھا۔ وہ یہ تھا ــــ کہ عثمان ؓ! نماز میں تخفیف کرنا۔ اور ضعیف وغیرہ کا خیال کرنا۔ کیونکہ نماز میں ہر قسم کا آدمی ہوتا ہے ضعیف بوڑھا، صاحبِ حاجت اور دور دراز مقام والا۔

(ابن ماجہ شریف صفحہ ۱۱۴، ترتیب شریف صفحہ ۷۵)

ــــ ۞ ــــ

الصّفوف

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تم صفیں نہیں باندھتے جیسے فرشتے صفیں باندھتے ہیں۔ اپنے پروردگار کے پاس۔ ہم لوگوں نے کہا فرشتے کیونکر صفیں باندھتے ہیں اپنے پروردگار کے پاس۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلے پورا کرتے ہیں صف اوّل کو۔ پھر اس کے بعد والی پھر اس کے بعد والی کو اسی طرح اور صف میں ایک دوسرے سے مل کر کھڑے ہوتے ہیں۔

(جابر بن سمرہؓ ابوداؤدؒ۔ ابوداؤد شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۸۶ شمار ۵۵۸ / ترتیب شریف صفحہ ۷۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے اوّل صف کو پورا کرو۔ پھر اگر کچھ نقص رہے تو دوسری صف میں رہے۔

(انسؓ / ابوداؤدؒ۔ ابوداؤد شریف جلد اول
صفحہ ۱۸۷ شمار ۵۶۷ / ترتیب شریف صفحہ ۷۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفوں کو کیونکہ صف کا برابر کرنا نماز کا پورا کرنا ہے۔

انسؓ / ابوداؤدؒ۔ ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۸۷

شمار ۵۶۵/ ترتیب شریف صفحہ ۷۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بے شک اللہ سبحانہٗ اپنی رحمت اتارتا ہے۔ صف کے داہنی جانب میں اور فرشتے بھی دعا کرتے ہیں۔

(عائشہؓ / ابوداودؒ۔ ابوداود شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۸۸، شمار ۶۷۲، ۵/ ترتیب شریف صفحہ ۷۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوب مل کر کھڑے ہو صفوں میں اور ایک صف دوسری صف سے نزدیک رکھو۔ اور گردنوں کو بھی برابر رکھو۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ میں دیکھتا ہوں شیطان کو صف کے اندر جو جگہ خالی ہوتی ہے۔ وہاں سے گھس آتا ہے۔ گویا وہ بکری کا بچہ ہے۔

(انس بن مالکؓ / ابوداودؒ۔ ابوداود شریف جلد اوّل
شمار ۵۶۴، صفحہ ۱۸۷/ ترتیب شریف صفحہ ۷۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم کرو صفوں کو اور برابر کرو مونڈھوں کو اور بند کرو ان جگہوں کو جو خالی رہ جاویں اور نرم ہو جاؤ اپنے بھائیوں کے ہاتھوں میں اور شیطان کے واسطے صفوں کے بیچ میں جگہ نہ چھوڑو۔ اور جو شخص صف ملا دے گا۔ اللہ سبحانہٗ بھی اس کو ملا دے گا۔ اپنی رحمت سے اور جو صف کو کاٹے گا اللہ سبحانہٗ بھی اپنی رحمت سے اس کو کاٹ دے گا۔

(عبداللہ بن عمرؓ/ابوداؤدؒ/ ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۸۱
شمار ۶۶۳ ترتیب شریف صفحہ ۷۷)

حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہوئے لوگوں پر اور فرمایا تین بار برابر کرو اپنی صفوں کو۔ قسم اللہ سبحانہٗ کی تم اپنی صفوں کو برابر کرو ورنہ اللہ سبحانہٗ تمہارے دلوں میں پھوٹ ڈال دے گا۔ حضرت نعمانؓ کہتے ہیں میں نے دیکھا ایک شخص دوسرے شخص کے مونڈھوں سے مونڈھا اور گھٹنے سے گھٹنہ اور ٹخنے سے ٹخنہ ملا کر کھڑا ہوتا تھا۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۸۶ شمار ۶۵۹
ترتیب شریف صفحہ ۷۷)

حضرت ابی سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب رضی اللہ عنہم کو دیکھا صف اوّل سے پیچھے ہٹتے ہوئے۔ فرمایا آگے آؤ اور میری پیروی کرو اور تمہارے پیچھے جو لوگ ہیں وہ تمہاری پیروی کریں۔ اور بعض لوگ ہمیشہ پیچھے رہا کریں گے۔ اللہ سبحانہٗ بھی ان کو پیچھے ڈال دے گا۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۸۸ شمار ۶۷۶
ترتیب شریف صفحہ ۷۷)

حضرت عبدالحمید بن محمودؒ کہتے ہیں کہ ہم نے ایک امیر کے پیچھے نماز پڑھی، لوگ اتنے زیادہ آئے۔ کہ مجبوراً ہمیں دو ستونوں کے درمیان

نماز پڑھنی پڑی۔ جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت انس بن مالکؓ نے فرمایا ہم لوگ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اس سے بچا کرتے تھے۔

(یہ حدیث حسن وصحیح ہے)

علماء کے ایک گروہ نے ستونوں کے درمیان صف قائم کرنے کو مکروہ سمجھا ہے۔ امام احمدؒ اور امام اسحاقؒ اسی کے قائل ہیں۔ مگر علماء کے ایک دوسرے گروہ نے اس کی اجازت دی ہے۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۴۹
شمار ۲۰۲ از ترتیب شریف صفحہ ۷۷)

القرأۃ

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تم لوگ الحمد للہ شروع کیا کرو تو بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لیا کرو، یہ بھی اس کی ایک آیت ہے۔

صحیح یہ ہے کہ یہ روایت موقوف ہے۔

(ابو ہریرہؓ / دار قطنیؒ / بلوغ المرام صفحہ ۵۵ شمار ۳۰۳ / ترتیب شریف صفحہ ۷۸)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں ساٹھ آیتوں سے لے کر سو آیتوں تک پڑھتے تھے۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۴۶ ترتیب شریف صفحہ ۷۸)

حضرت عمرو بن حریثؓ سے روایت ہے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ پڑھتے تھے۔

(نسائی شریف ——— جلد اول

صفحہ ۲۴۴ / ترتیب شریف صفحہ ۸۰)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معوذتین (سورۃ فلق و الناس) کو پوچھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں ان ہی دونوں سورتوں کو پڑھا۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۴۶

ترتیب شریف صفحہ ۷۸)

حضرت براء رضؓ سے روایت ہے ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ کے پیچھے ظہر کی نماز پڑھتے تھے تو کوئی ایک آدھ آیت کئی آیتوں کے بعد سنائی دیتی۔ سورہ "لقمان" اور "والذّٰریٰت" کی۔ (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم آہستہ سے قرأت کرتے ظہر کی نماز میں)

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۴۹

ترتیب شریف صفحہ ۸۰)

حضرت ابوبکر بن النضر رضؓ سے روایت ہے ہم صف میں حضرت انس بن مالکؓ کے پاس تھے انہوں نے ظہر کی نماز پڑھائی۔ جب فارغ ہوئے تو کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دو سورتیں پڑھیں دو، رکعتوں میں "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى" اور "هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ" (یعنی الغاشیہ)

(نسائی شریف ـــــ جلد اوّل

صفحہ ۹۴۴/ ترتیب شریف صفحہ ۷۹)

حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر میں "وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ" اور "وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ" اور ان کے برابر سورتیں پڑھا کرتے تھے۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۵۰

ترتیب شریف صفحہ ۷۹)

حضرت ابو قتادہؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور (کوئی اور) دو سورتیں، پڑھتے تھے۔ پہلی رکعت میں بڑی سورۃ پڑھتے اور نماز صبح کی پہلی رکعت میں (بھی) بڑی سورۃ پڑھتے تھے اور دوسری رکعت میں (اس سے) چھوٹی سورۃ پڑھتے تھے۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۱۰۶، اشمار ۱۰۷

ترتیب شریف صفحہ ۷۹)

حضرت ابو قتادہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور دو سورتیں اور پڑھتے تھے۔ اور پچھلی دو رکعتوں میں (صرف) سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے۔ اور ہم کو کوئی آیۃ (کبھی کبھی) سنا دیتے تھے۔ اور پہلی رکعت میں اس قدر طول دیتے تھے کہ دوسری رکعت میں نہ دیتے تھے اور اسی طرح عصر میں اور اسی طرح صبح میں۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۱۰۸ شمارہ ۲۷،

ترتیب شریف صفحہ ۷۹)

حضرت ابو معمرؓ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت خبابؓ سے کہا کہ کیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر میں قرأت کرتے تھے۔ حضرت خبابؓ نے کہا ہاں۔ ہم نے کہا تم نے کسطرح جانا حضرت خبابؓ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ڈاڑھی کی جنبش سے۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۱۰۸ شمارہ ۲۸،

ترتیب شریف صفحہ ۷۹)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ قرأت شروع کرتے تھے الحمد للہ رب العلمین کے ساتھ۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۰۶ شمارہ ۹۲،

ترتیب شریف صفحہ ۸۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب امام غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کہتا ہے تو تم لوگ آمین کہو۔ کیونکہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں۔ اور امام بھی آمین کہتا ہے تو جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق پڑ جاتی ہے تو اس کے پہلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

(ابو ہریرہؓ / دارمیؒ — دارمی شریف

(صفحہ ۲۰۴/شمارہ ۱۴۲/ترتیب شریف صفحہ ۸۰)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص انصاری ناضحین میں یعنی پانی کھینچنے والوں میں حضرت معاذ بن جبلؓ پر سے گذرا اور وہ مغرب کی نماز پڑھ رہے تھے۔ انہوں نے سورۂ بقرہ شروع کی تو وہ شخص نماز پڑھ کر چلا گیا۔ پھر یہ خبر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے معاذؓ تو فتنہ کرتا ہے۔ کیا تو فتنہ ڈالنا چاہتا ہے۔ (کہ لوگ نماز سے گھبرا کر جماعت میں آنا چھوڑ دیں) کیوں نہیں پڑھتا ہے "سبح اسم ربك الاعلى" اور "والشمس و الضحٰها" اور ان کے برابر سورتیں۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۵۱/۵۲

ترتیب شریف صفحہ ۸۰)

حضرت ام افضل بنت حارثؓ سے روایت ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنے مرض موت میں) گھر میں مغرب کی نماز پڑھی تو سورۃ "المرسلٰت" پڑھی پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی نماز نہیں پڑھائی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۵۲

ترتیب شریف صفحہ ۸۰)

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم کو بیں مرتبہ دیکھا مغرب کی سنتوں اور فجر کی سنتوں میں "قل یا ایها الکفرون" اور "قل هو الله احد" پڑھتے ہوئے۔

(نسائی شریف جلد اول، صفحہ ۲۵۳
ترتیب شریف صفحہ ۸۰)

حضرت عبداللہ بن بریدہؓ اپنے والد سے بیان کرتے ہیں۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عشار کی نماز میں والشمس وضحٰها اور اسی طرح کی سورتیں پڑھا کرتے تھے، اس باب میں حضرت برار بن عازبؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت عبداللہ بن بریدہؓ کی حدیث حسن ہے، اور روایت ہے، کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشار کی نماز میں سورۃ والتین والزیتون پڑھی، اور اس کی مانند دیگر اصحابؓ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تابعینؒ کے متعلق روایت ہے، کہ انہوں نے اس مقدار سے زیادہ بھی پڑھا ہے، اور اس سے کم بھی، ان کے نزدیک اس کا دائرہ وسیع تھا۔ کہ اس میں دونوں طرح کی گنجائش تھی۔ اس بارے میں سب سے اچھی روایت یہ ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ "والشمس وضحٰها" اور سورۃ "والتین والزیتون" پڑھی، اور یہ حدیث حسن و صحیح ہے۔

(ترمذی شریف جلد اول، صفحہ ۶۵ شمار ۲۷۳/ ترتیب شریف صفحہ ۸۱)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم

ایک نماز سے فارغ ہوئے جس میں پکار کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرأت کی تو فرمایا۔ کیا تم میں سے کسی نے میرے ساتھ قرآن پڑھا۔ ایک شخص بولا ہاں میں نے پڑھا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ہی میں کہتا تھا مجھے کیا ہوا ہے، قرآن کوئی چھینے لیتا ہے مجھ سے۔ جب سے لوگوں نے یہ سنا تو جس نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پکار کر قرأت کرتے کوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت نہ کرتا۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۳۸

ترتیب شریف صفحہ ۸۱)

———٭———

السّلام

حضرت واسع بن حبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ اکبر کہتے جب جھکتے اور اللہ اکبر کہتے جب اٹھتے پھر اخیر میں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے داہنی طرف اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے بائیں طرف۔

(نسائی شریف جلد اول صفحہ ۳۲۷

ترتیب شریف صفحہ ۸۲)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیرتے تھے دائیں اور بائیں طرف۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار کی سفیدی نظر آتی تھی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۳۴۴ شمار ۸۶۵

ترتیب شریف صفحہ ۸۲)

حضرت یزید بن اسودؓ سے روایت ہے میں نے نماز پڑھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوئے تو قبلہ کیطرف سے پھر گئے

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۷۸ شمار ۶۱۲
ترتیب شریف صفحہ ۸۲)

حضرت براؓ بن عازبؓ سے روایت ہے کہ جب ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتے تو ہم یہ چاہتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی داہنی طرف ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف منہ کرتے اسلام کے بعد، اور قبلہ کیطرف پیٹھ کرتے

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۷۸
شمار ۶۱۵/ ترتیب شریف صفحہ ۸۲)

— ۲ —

السَّفَرُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا نماز کی دو دو رکعتیں فرض ہوئی تھیں تو سفر کی نماز اپنے حال پر رہی اور حضر کی نماز میں بیشی ہوگئی

(ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۸۰

شمار ۱۰۲، ترتیب شریف صفحہ ۸۲)

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے سال مکہ معظمہ میں پندرہ یوم قیام فرمایا تو نماز کو قصر سے ادا فرمایا۔

(آثار السنن از علامہ محدث نیموی جلد دوم

صفحہ ۶۴ ـــــ ترتیب شریف صفحہ ۸۳)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینے سے مکے تک گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم برابر دو دو رکعت نماز پڑھتے رہے۔ یہاں تک کہ ہم لوگ مدینے واپس آگئے۔ (ابو اسحاق راوی کہتے ہیں): میں نے (حضرت انس رضی اللہ عنہ سے) کہا کہ تم نے مکے میں کچھ قیام کیا تھا۔ انہوں نے کہا ہاں: دس دن وہاں ٹھہرے تھے۔

(بخاری شریف ــــ جلد اوّل

صفحہ ۲۴۴، شمار ۲۰۰ (ترتیب شریف صفحہ ۸۳)

حضرت یعلی بن امیہؓ سے روایت ہے میں نے حضرت عمر بن الخطابؓ سے کہا تم دیکھتے ہو لوگ برابر (ہر سفر میں) مل کر قصر کیا کرتے ہیں۔ حالانکہ اللہ سبحانہٗ قصر کو اس وقت فرماتا ہے۔ جب کافروں کا خوف ہو۔ وہ وقت تو اب گزر گیا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تمہیں جو تعجب ہوا، وہی تعجب مجھ کو ہوا۔ میں نے حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ صدقہ ہے اللہ سبحانہٗ کا جو اس نے تم کو دیا۔ قبول کرو صدقہ اس کا۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۸۰ شمار ۱۰۳

ترتیب شریف صفحہ ۸۳)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم راہ سفر و حضر میں نماز پڑھی ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اور میں نے حضر (دیس) میں ظہر کی چار رکعتیں اور اس کے بعد دو رکعتیں (سنّت) پڑھیں اور سفر میں ظہر کی دو رکعتیں اور اس کے بعد دو رکعتیں (سنّت) پڑھیں اور اس کے بعد کچھ نہیں پڑھا۔ مغرب کی سفر و حضر میں یکساں تین رکعتیں پڑھیں

اس میں نہ سفر میں کمی ہوئی۔ اور نہ حضر میں اور یہی دن کی وتر ہے۔ اور اس کے بعد دو رکعتیں دسنت) پڑھیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ امام بخاری کو میں نے یہ کہتے سنا ہے۔ کہ حضرت ابن ابی لیلیٰؓ کی کوئی روایت میرے لئے اس سے زیادہ اچھی اور دل نشین نہیں ہے

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۱۲ / ۱۱۱
شمار ۴۹۴ / ترتیب شریف صفحہ ۴۴)

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ میں غزوۂ تبوک میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب سورج کے ڈھلنے سے پہلے سفر کرتے تو ظہر میں تاخیر کر دیتے تاکہ اس کو عصر کے ساتھ جمع کریں۔ پس ان دونوں کو اکٹھا پڑھتے۔ اور جب سورج ڈھلنے کے بعد چلتے تو عصر میں ظہر کیطرف جلدی کرتے۔ اور ظہر و عصر ساتھ پڑھتے اس کے بعد روانہ ہوتے اور جب مغرب سے پہلے سفر کرتے تو مغرب میں اتنی دیر کرتے کہ عشا کے ساتھ ملا لیں۔ آخر مغرب اور عشا کو ایک ساتھ پڑھتے۔ اور جب مغرب کے بعد چلتے تو عشا میں جلدی کر کے عشا کو مغرب کے ساتھ پڑھتے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، حضرت ابن عمرؓ، حضرت انسؓ، حضرت عائشہؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت اسامہ بن زیدؓ اور حضرت زبیرؓ اور حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت معاذؓ کی حدیث حسن غریب ہے۔ اہل علم کے نزدیک حضرت معاذؓ کی حدیث اپنی اسناد کے ساتھ اسی طرح مشہور ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے تبوک کی لڑائی میں ظہر اور عصر کو اور مغرب اور عشاء کو جمع کیا۔ امام شافعیؒ۔ امام احمدؒ۔ امام اسحٰقؒ اسی کے قائل ہیں کہ سفر میں دو نمازوں کو ایک ساتھ پڑھنے میں کچھ حرج نہیں۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۱۱۲ شمار ۴۹۵

ترتیب شریف صفحہ ۸۴)

حضرت عبداللہ بن عامرؓ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا میں نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر نماز پڑھ لیتے تھے۔ جس طرف وہ جا رہی ہو۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۲۴۵

شمار ۱۰۱۷/ ترتیب شریف صفحہ ۸۵)

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نفل نماز سوار ہونے کی حالت میں خلاف قبلہ کے پڑھ لیتے تھے۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۲۴۵

شمار ۱۰۱۸/ ترتیب شریف صفحہ ۸۵)

حضرت نافعؒ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ اپنی سواری پر (نفل) نماز پڑھتے تھے اور اسی پر وتر نماز پڑھتے تھے۔ اور کہتے تھے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے۔

(بخاری شریف جلد اوّل

(صفحہ ۴۶۴/ ۴۶۵ شمار ۱۰۱۹/ ترتیب شریف صفحہ ۸۵)

حضرت عبداللہ بن دینارؓ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سفر میں اپنی سواری پر نماز پڑھ لیتے تھے۔ جسطرف وہ جارہی ہو۔ اشارے سے نماز پڑھتے تھے۔ اور حضرت عبداللہ (ابن عمرؓ) نے یہ بیان کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۴۶۴ شمار ۱۰۲۰ ترتیب شریف صفحہ ۸۵)

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر مشرق کیطرف نماز (نفل) پڑھا کرتے تھے۔ پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز پڑھنا چاہتے تو (سواری سے) اتر پڑتے اور قبلہ کیطرف منہ کر لیتے تھے۔

(بخاری شریف جلد اوّل صفحہ ۴۶۴ شمار ۱۰۲۲ ترتیب شریف صفحہ ۸۵)

— ☆ —

السّجدۃ السّھو

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ جب تم میں سے، کوئی کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے تو شیطان آتا اور اس کو شبہ میں ڈالتا ہے یہاں تک کہ اس کو یہ یاد نہیں رہتا کہ کتنی رکعتیں پڑھیں۔ پس جب تم میں سے کسی کو ایسی حالت پیش آئے تو وہ بیٹھ کہ دو سجدے کر لے۔ یعنی سجدہ سہو۔

(ابو ہریرہؓ/ بخاریؒ و مسلمؒ، مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۹۷، شمار ۹۳۹/ ترتیب شریف صفحہ ۸۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے کہ جب کوئی تم میں سے، شک کرے اپنی نماز میں تو شک کو دور کرے اور یقین پہ بنیاد ڈالے جب اس کو یقین ہو جاوے نماز پوری ہو جانے کا۔ تو دو سجدے کرے اب دو صورتیں ہیں۔ یا نماز اس کی در حقیقت پوری ہو چکی تھی تو یہ رکعت نفل ہو جاویگی اور سجدے بھی نفل ہو جاویں گے۔ یا نماز پوری نہیں ہوئی تھی تو اس رکعت سے پوری ہو جاویگی اور دو سجدے شیطان کو ذلیل کریں گے

(ابو سعید خدریؓ/ ابو داؤدؒ/ ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۲۴۲، شمار ۸۸۷/ ترتیب شریف صفحہ ۸۲)

حضرت عطا بن یسار حضرت ابو سعیدؓ سے نقل کرتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جبکہ تم میں سے کسی کو نماز کے اندر یہ شک پیدا ہو کہ کس قدر نماز پڑھی ہے ، تین رکعت یا چار رکعت تو شک کو دور کر دے اور ایک خاص تعداد کا یقین کر لے اور (پھر اس یقین کی بنا پر نماز کو پوری کر کے) سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کر لے۔ اگر اس نے پانچ رکعتیں پڑھی ہونگی تو یہ دو سجدے ان کو چھ بنا دیں گے ۔ اور پوری چار پڑھی ہونگی تو یہ سجدے شیطان کی ذلت کا باعث ہوں گے ۔

(عطا بن یسارؓ ، مسلمؒ ، مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۲۰۰ ، ۱۹ ، شمار ۹۴۰ ، ترتیب شریف صفحہ ۸۶)

حضرت عبد اللہ بن بحینہ الاسدیؓ جو بنو عبد المطلب کے حلیف ہیں بیان کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں بیٹھنے کی بجائے کھڑے ہو گئے ۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پوری کی تو سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے تکبیر کے ساتھ کئے اور لوگوں نے بھی (اسی طرح) سجدہ کیا یہ سجدے اس بیٹھنے کے عوض تھے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھول گئے تھے ۔ اس باب میں حضرت عبد الرحمٰن بن عوفؓ سے بھی روایت ہے ۔ نیز محمد بن ابراہیمؒ سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت سائب فارسیؒ دونوں سہو کے دو سجدے سلام سے پہلے کیا کرتے تھے ۔ حضرت ابن بحینہؓ کی حدیث حسن ہے ۔ اور بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے ۔ امام شافعیؒ کا یہی قول

ہے کہ سجدہ سہو سلام پھیرنے سے قبل کرنا چاہیئے۔ اور وہ کہتے ہیں
کہ یہ حدیث دوسری حدیثوں کو منسوخ کرتی ہے۔ اور کہتے ہیں کہ جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری فعل یہی تھا۔ امام احمدؒ اور امام اسحٰقؒ
کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص دوسری رکعت کے بعد کھڑا ہو جائے۔ تو وہ سہو
کے دو سجدے سلام سے پہلے کرے۔ حضرت ابن بحینہؓ کی حدیث کے مطابق
علماء کے درمیان اس باب میں اختلاف ہے کہ انسان سجدہ سہو کب کرے
سلام سے پہلے یا اس کے بعد؟ بعض کی یہ رائے ہے کہ سلام کے بعد کرے
امام سفیان ثوریؒ اور کوفہ والوں کا یہی قول ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ قبل
از سلام کرے مدینہ کے فقہاء یحییٰ بن سعیدؒ اور ربیعہؒ وغیرہ کا یہی قول ہے۔
امام شافعیؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔ بعض یوں بھی کہتے ہیں کہ جب نماز میں کچھ
زیادتی ہو جائے (اور اس زیادتی کی وجہ سے سجدہ سہو لازم آ گئے) تو سلام
کے بعد کرے۔ اور جب کچھ کمی ہو جائے (مثلاً چار رکعت والی نماز میں پہلا
قعدہ ترک ہو جائے) تو سلام سے قبل سجدہ سہو کرے۔ مالک بن انسؓ
کا یہی قول ہے۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے سجدہ سہو کے بارے میں جو جو روایت ہے اس پر اسی کی جگہ عمل کیا،
جائے۔ (مثلاً) جب دوسری رکعت میں کھڑا ہو جائے اور وہ نماز ظہر
(یا عصر) کی ہو تو حضرت ابن بحینہؓ کی حدیث کے مطابق سلام سے پہلے سجدہ کرے اور جب
ظہر میں پانچ رکعتیں پڑھ لے تو سلام کے بعد سجدہ کرے اور جب ظہر و عصر کی دو رکعتوں کے بعد ہی
غلطی سے سلام پھیرے تو سجدہ سہو سلام کے بعد کرے غرض ہر موقع اپنے محل پر استعمال ہو

(یعنی جیسی صورت ہو ویسا کرے) اور ایسی بھول چوک جس میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ ذکر نہیں کیا۔ تو اس میں سلام سے پہلے سجدہ سہو کرے۔ امام اسحٰقؒ ایک صورت کے سوا تمام باتوں میں امام احمدؒ کے ہم نوا ہیں (جس صورت میں آپ ان سے متفق نہیں وہ یہ ہے کہ ایسی بھول چوک جس میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مروی نہیں اس میں امام اسحٰقؒ نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے۔ کہ نماز میں اگر کچھ پڑھ جائے تو سلام کے بعد ہی سجدہ سہو کرے اور اگر کمی رہ جائے تو سلام سے پہلے کرے۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۱۸۰ شمار ۲۴۴
ترتیب شریعت صفحہ ۸۸/۸۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب امام دو رکعت پڑھ کر کھڑا ہو جائے پھر اس کو یاد آوے سیدھا کھڑا ہونے سے پہلے تو بیٹھ جاوے اگر سیدھا ہو جانے کے بعد یاد آوے تو نہ بیٹھے اور دو سجدہ سہو کر لے۔

(مغیرہ بن شعبہؓ/ابو داودؓ/ابو داود شریف جلد اول
صفحہ ۱۵۷ شمار ۸۹۶/ترتیب شریف صفحہ ۸۸)

حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی پھر بھول گئے تو دو سجدے کئے بعد ان کے تشہد پڑھا پھر سلام پھیرا۔

(ابو داود شریف جلد اول صفحہ ۱۵۷ شمار ۸۹۹
ترتیب شریف صفحہ ۸۸)

الاذانْ

حضرت ابو عمیرؓ بن انسؓ سے روایت ہے انہوں نے سنا اپنے چچا سے

کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اہتمام کیا نماز کا یعنی اسباب کا نماز کے

واسطے کیوں کر لوگوں کو جمع کیا کریں لوگوں نے کہا ایک جھنڈا بلند کر دیا

کیجیے۔ نماز کے وقت اس کو دیکھ کر ایک دوسرے کو خبر کر دے گا۔ لیکن

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ رائے پسند نہ آئی۔ اس واسطے کہ اس میں بڑا

حرج تھا۔ سفر اور حضر میں ہر ایک مسجد کے واسطے ایک جھنڈا ضرور تھا۔ دوسرے

یہ کہ جھنڈا مکانوں کے اندر سے کیسے نظر آتا۔ اور ان لوگوں کو بھی دکھلائی نہ

دیتا جو آڑ میں ہوتے یا بہت پست ہوتے۔ پھر کسی شخص نے کہا یہودیوں کی

طرح ایک نرسنگا بنا لیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ تجویز بھی پسند نہیں آئی۔ اس

وجہ سے کہ اس میں یہود کی مشابہت تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم

عبادات میں اہل کتاب سے مشابہت پسند نہیں فرماتے تھے۔ دوسرے یہ

کہ اس میں بھی ایک حرج تھا۔ ہر ایک مسجد کے واسطے ہر ایک قوم کو ایک

سینگ رکھنا ہوتا سفر میں بھی ساتھ لینا پڑتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا یہ تو یہودیوں کا کام ہے۔ پھر کسی نے ذکر کیا ناقوس کا۔ آپ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو نصاریٰ کا کام ہے۔ پھر حضرت عبداللہ بن زیدؓ وہاں

سے لوٹے لیکن اسی کا خیال تھا چونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا خیال تھا ان کو خواب میں اذان تبلائی گئی۔ جب صبح کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کچھ سوتا تھا۔ کچھ جاگتا تھا۔ اتنے میں ایک شخص آیا اور مجھے اذان سکھائی۔ راوی رضؓ نے کہا حضرت عمرؓ اس سے بیس روز پیشتر، اذان کو خواب میں سیکھ چکے تھے۔ لیکن انہوں نے کسی سے نہیں کہا۔ جب حضرت عبداللہ بن زیدؓ کہہ چکے تو انہوں نے بھی کہا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تم نے پہلے کیوں نہ کہا۔ انہوں نے کہا مجھ سے پہلے حضرت عبداللہ بن زیدؓ نے بیان کر دیا، اس واسطے مجھ کو شرم آئی۔ پھر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ سے فرمایا اٹھ جیسا حضرت عبداللہ بن زیدؓ کہیں اسی طرح کر۔ حضرت بلالؓ نے اذان دی۔ حضرت ابو بشیرؓ نے کہا مجھ سے حضرت ابو عمیرؓ نے بیان کیا۔ انصار یہ سمجھتے تھے کہ اگر حضرت عبداللہ بن زیدؓ بیمار نہ ہوتے اس دن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم انہی کو موذن بناتے۔

(ابوداؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۵۱، ۱۵۲ شمارہ ۴۹۸

ترتیب شریف صفحہ ۹۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موذن کیلئے۔ بخشا جاتا ہے۔ جہاں تک اس کی آواز جاتی ہے۔ اور گواہ ہو جاتی ہیں اس کے لیئے سب چیزیں تر اور خشک اور جو شخص جماعت میں حاضر

ہوتا ہے اس کے واسطے پچیس نمازوں کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ اور ایک نماز سے دوسری نماز تک کے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں

(ابو ہریرہؓ/ابو داؤدؒ/ ابو داود شریف جلد اوّل صفحہ ۱۵، شمار ۴۲۱/ ترتیب شریف صفحہ ۹۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب اذان ہوتی ہے تو شیطان پیٹھ موڑ کر پادتا ہوا چلا جاتا ہے۔ تاکہ اذان نہ سنے۔ جب اذان ہو جاتی ہے پھر آجاتا ہے۔ جب تکبیر ہوتی ہے پیٹھ موڑ کر چلا جاتا ہے۔ جب تکبیر ہو جاتی ہے پھر آتا ہے آدمی کے دل میں اِدھر اُدھر کے خیالات ڈالتا ہے۔ جو اس کو کبھی نہ آتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ بھول جاتا ہے کہ کتنی رکعتیں پڑھیں۔

(ابو ہریرہؓ/ابو داؤدؒ/ ابو داؤد شریف جلد اوّل صفحہ ۱۵، شمار ۴۲۲/ ترتیب شریف صفحہ ۹۰)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔ شیطان جب اذان کو سنتا ہے تو بھاگ جاتا ہے یہاں تک کہ مقام روحاء تک پہنچ جاتا ہے۔ راویؓ کا بیان ہے کہ روحاء مدینے سے چھتیس ۳۶ میل کے فاصلہ پر ہے۔

(جابرؓ/مسلمؒ/ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۵۸ شمار ۶۱/ ترتیب شریف صفحہ ۹۰)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص بارہ ۱۲ برس

تک اذان دے اس کے لئے جنت واجب ہوجاتی ہے۔ اور لکھی جاتی ہیں (اس کے حساب ہیں) اس کی اذان کے معاوضہ میں ، روزانہ ساٹھ نیکیاں اور تکبیر کے بدلہ میں تیس نیکیاں۔

(ابن عمرؓ/ابن ماجہ/مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۵۲
شمار ۶۲۲/ترتیب شریف صفحہ ۹۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ امام ضامن ہے اور موذن امانت رکھنے والا ہے۔

اے اللہ! تو اماموں کو سیدھا رستہ دکھا اور موذنوں کو بخش دے۔ اس باب میں حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت حسین بن سعدؓ اور حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے۔

(ابو ہریرہؓ/ترمذیؒ — ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۴۶
شمار ۱۸۵/ترتیب شریف صفحہ ۹۱)

حضرت معاویہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اذان دینے والے لوگ قیامت کے دن لمبی گردنوں والے (صاحب وقار) ہونگے۔

(معاویہؓ/مسلمؒ/مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۴۹
شمار ۵۹۸/ترتیب شریف صفحہ ۹۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے کہ اذان اور اقامت کے بیچ میں دعا رد نہیں کی جاتی۔ یعنی ضرور قبول ہوتی ہے۔ دنیا میں

یا آخرت میں اس کا ثواب ملتا ہے۔

(انس بن مالکؓ / ابو داؤدؒ / ابو داؤد شریف جلد اول صفحہ ۵۰۸
شمار ۶۲۴ / ترتیب شریف صفحہ ۹۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں سنتے جن اور انسان اور نہ کوئی دوسری شئے۔ موذن کی انتہائی آواز کو مگر یہ کہ شہادت دیں گی وہ قیامت کے دن اس کی

(ابو سعید خدریؓ / بخاریؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اول
صفحہ ۱۴۹، شمار ۶۰۰ / ترتیب شریف صفحہ ۹۱)

— ٭ —

التکبیر

حضرت وائل بن حجرؓ سے روایت ہے انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز شروع کی تو دونوں ہاتھ اٹھائے۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں انگوٹھے کانوں کی لو تک پہنچ گئے۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۲۹
ترتیب شریف صفحہ ۹۲)

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اَللّٰہُ اَکْبَر کہتے تھے تو انگلیاں کھول دیتے تھے۔ یہ روایت کئی طریق سے مروی ہے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھنے کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھ کھول کر اٹھاتے اور یہ روایت زیادہ صحیح ہے۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۵۲، شمار ۲۱۲
ترتیب شریف صفحہ ۹۲)

حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز تکبیر سے شروع کرتے تھے اور قرأت الحمد للہ رب

العالمین سے اور نماز سلام پر ختم کرتے تھے

(دارمی شریف ــــــ صفحہ ۲۰۳ شمار ۱۲۲۴

ترتیب شریف صفحہ ۹۲)

حضرت براءابن عازب رضی سے روایت ہے کہا، دیکھا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اٹھائے جب نماز شروع کی۔ پھر نہیں اٹھائے ہاتھ نماز سے فارغ ہونے تک۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۲۰۱ شمار ۷۴۲

ترتیب شریف صفحہ ۹۲)

حضرت ابن حذیفہ رضی سے روایت ہے۔ حضرت امیرالمومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا سنت ہے رکھنا ہو پنچے کا دوسرے پہونچے پر نماز میں ناف کے نیچے۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۲۰۱ شمار ۷۴۶

ترتیب شریف صفحہ ۹۲)

حضرت وائل بن حجر رضی سے روایت ہے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز میں کھڑے ہوتے تو داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر باندھتے۔

(نسائی شریف جلد اول صفحہ ۲۳۰

ترتیب شریف صفحہ ۹۳)

حضرت سمرۃ بن جندب رضی سے روایت ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم دو سکتے کرتے ایک شروع نماز میں دوسرے جب قرأت سے بالکل فارغ ہوتے ۔ (ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۲۰۵

شمار ۷۶۳، ترتیب شریف صفحہ ۹۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب فرض (نماز) کی تکبیر ہو تو کوئی نماز نہیں ہے سوائے فرض کے (یعنی سنت اور نفل کچھ نہیں پڑھنا چاہیئے بلکہ فرض میں شریک ہونا چاہیئے۔ البتہ اگر تکبیر سے پہلے شروع کر چکا ہو تو اس کو تمام کر دیوے) (ابوہریرہؓ / نسائی شریف

جلد اول صفحہ ۲۲۵ ترتیب شریف ص ۹۲)

حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارثؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تھے تو جس وقت کھڑے ہوتے تکبیر کہتے تھے۔ پھر جس وقت رکوع کرتے تھے تکبیر کہتے تھے پھر رکوع سے اپنی پیٹھ اٹھاتے اور سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تھے۔ پھر کھڑے ہونے کی حالت میں ربنا ولک الحمد کہتے تھے پھر جب (سجدہ کیلئے) جھکنے لگتے تکبیر کہتے تھے۔ پھر جب اپنا سر (سجدہ) اٹھاتے تکبیر کہتے تھے۔ پھر جب سجدہ کرتے تھے تکبیر کہتے تھے۔ پھر جب اپنا سر (سجدہ) اٹھاتے تکبیر کہتے تھے۔ پوری نماز میں یہی کرتے یہاں تک کہ اسکو ختم کر دیتے اور جب دو رکعتوں سے بیٹھ کر اٹھتے تب تکبیر کہتے تھے۔ (بخاری شریف جلد اول صفحہ ۱۸۲

شمار ۷۴۰، ترتیب شریف صفحہ ۹۲)

الرُّکُوعُ وَالسُّجُوْدُ

حضرت براءؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رکوع اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سجدے اور جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر رکوع سے اٹھاتے تھے اور دونوں سجدوں کے درمیان نشست برابری کے قریب ہوتی تھی۔

(بخاری شریف جلد اول صفحہ ۱۰۸ شمار ۷۵۱

ترتیب شریف صفحہ ۹۴)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں تھے) میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بغلوں کی سفیدی کو دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں بازوؤں کو جدا کئے ہوئے تھے۔ پسلیوں سے اور اپنے پیٹ کو اٹھائے ہوئے تھے زمین سے۔

(ابوداؤد شریف جلد اول صفحہ ۳۲۷ شمار ۸۹۷

ترتیب شریف صفحہ ۹۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ سبحانہٗ اس بندہ کی نماز کی طرف نہیں دیکھتا جو اپنی نماز کے رکوع و سجود میں اپنی پشت

کو سیدھا نہیں کرتا۔

(طلق بن علی حنفیؓ / احمدؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اول

صفحہ ۱۸۲ شمارہ ۹۳۶ ترتیب شریف صفحہ ۹۴)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی کی نماز درست نہیں ہوتی جب تک اپنا پیٹ سیدھا نہ کرے۔ رکوع و سجود میں۔

(ابی مسعود بدریؓ - ابوداؤدؒ - ابوداؤد شریف جلد اوّل

صفحہ ۳۱۹، شمار ۸۳۵/ ترتیب شریف صفحہ ۹۴)

حضرت ابوحمید ساعدیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ میں جاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بازو بغلوں سے جدا رکھتے۔ اور انگلیاں پاؤں کی کھڑی رکھتے۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۷۵

ترتیب شریف صفحہ ۹۴)

حضرت مالک بن حویرثؓ سے روایت ہے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب طاق نماز ہوتی (یعنی ایک یا تین رکعت پڑھ چکتے) تو نہ اٹھتے جب تک سیدھے ہو کر نہ بیٹھ جاتے۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۸۰

ترتیب شریف صفحہ ۹۵)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے کہا نماز میں سنت یہ ہے کہ بائیں پیر کو بچھا دے

اور داہنے پیر کو کھڑا کرے قعدہ میں۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۸۹/ ترتیب شریف صفحہ ۹۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اعتدال (ملحوظ) رکھے کتے کی طرح دونوں ہاتھ نہ بچھائے۔ اس باب میں حضرت عبدالرحمٰن بن شبل رضؓ حضرت انس رضؓ حضرت براء رضؓ حضرت ابو حمید رضؓ اور حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ حضرت جابر رضؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے اور اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ کہ وہ سجدہ میں اعتدال کرنے کو پسند کرتے ہیں۔ اور درندوں کی طرح ہاتھ بچھا دینے کو مکروہ سمجھتے ہیں۔

(جابر رضؓ / ترمذی، ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۵۸

شمارہ ۲۸۴/ ترتیب شریف صفحہ ۹۵)

حضرت وائل بن حجر رضؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تو ہاتھوں سے پہلے گھٹنے (زمین پر) رکھتے تھے اور جب اٹھتے تو گھٹنوں سے پہلے ہاتھ اٹھاتے۔ یہ حدیث حسن و غریب ہے۔ کیونکہ ہم سوائے حضرت شریک رضؓ کے اور کسی کو نہیں پہچانتے جس نے اسے روایت کیا ہو۔ اور اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ سجدہ میں ہاتھوں سے پہلے گھٹنے رکھیں اور جب اٹھیں تو پہلے ہاتھ اٹھائیں اسکو حضرت ہمام رضؓ نے حضرت عاصم رضؓ سے مرسلاً روایت کیا ہے لیکن اس میں حضرت وائل بن حجر رضؓ کا ذکر نہیں کیا۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۵۷ شمارہ ۲۶۳/ ترتیب شریف صفحہ ۹۵)

حضرت عباس رضؓ بن عبدالمطلب سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور اقدس

واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے سنا کہ جب بندہ سجدہ کرتا ہے تو اس کے بعد (بدن کے) سات اعضاء بھی سجدہ کرتے ہیں۔ (وہ سات اعضائے بدن یہ ہیں) چہرہ، دونوں ہتھیلیاں، دونوں گھٹنے اور دونوں قدم۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت جابرؓ اور حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے۔ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث حسن و صحیح ہے علماء کا اس پر عمل ہے۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۵، شمارہ ۲۶۲ / ترغیب شریف صفحہ ۹۶)

حضرت ابواسحاق کہتے ہیں کہ میں نے حضرت براءؓ بن عازب سے دریافت کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے تھے تو سر کہاں رکھتے تھے۔ حضرت براءؓ نے جواب دیا کہ دونوں ہتھیلیوں کے درمیان۔ اس باب میں حضرت وائل بن حجرؓ اور حضرت ابوحمیدؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت براءؓ کی حدیث حسن و غریب ہے۔ بعض اہل علم نے اس طریقہ کو اختیار کیا ہے، کہ دونوں ہاتھ کانوں کے قریب ہوں۔

(ترمذی شریف جلد اوّل صفحہ ۵، شمارہ ۲۶۱ / ترغیب شریف صفحہ ۹۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خیال رکھتے ہو تم شراب پینے والے اور زنا کرنے والے اور چوری کرنے والے کے معاملہ میں (یہ واقعہ اس وقت کا ہے جبکہ شرعی حدود نازل نہیں ہوئی تھیں) صحابہؓ نے عرض کیا اللہ (سبحانہٗ) اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) بہتر جانتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ گناہ کبیرہ ہیں۔ اور ان کی سزا ہے اور بدترین

چوری وہ چوری ہے جو انسان اپنی نماز میں کرتا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں سے آدمی کیونکر چراتا ہے۔ فرمایا رکوع اور سجدہ کو پورا نہیں کرتا۔

(النعمان بن مرۃؓ/مالکؒ، احمدؒ/ مشکوٰۃ شریف
جلد اوّل صفحہ ۱۸۱/شمارہ ۸۱۸/ ترتیب شریف صفحہ ۹۶)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بندہ کا اللہ سبحانہ سے قریب ترین ہونا اس وقت متحقق ہوتا ہے جب کہ وہ سجدہ میں ہو۔ اس لئے تم سجدہ میں زیادہ دعا کرو۔

(ابو ھریرہؓ/مسلمؒ۔ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۸۲/شمارہ ۸۲۶/ ترتیب شریف صفحہ ۹۶)

حضرت میمونہؓ کہتی ہیں کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو جدا رکھتے یہاں تک کہ اگر بکری کا بچہ درمیان سے گذرنا چاہتا تو گذر جاتا (ابوداؤدؒ) اور مسلمؒ کے الفاظ یہ ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے اگر چاہتا بکری کا بچہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں کے درمیان سے گذر جاتا۔

(میمونہؓ/ابوداؤدؒ و مسلمؒ۔ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۸۲ شمار ۸۲۲/ ترتیب شریف صفحہ ۹۷)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تو سجدہ کرے تو زمین پر اپنی ہتھیلیاں رکھ اور کہنیوں کو اونچا رکھ

براء بن عازبؓ / مسلمؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۱۸۲ - شمار ۸۲۱
ترتیب شریف صفحہ ۹۷

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، کہ جب آدمؑ کا بیٹا سجدہ کی آیت پڑھتا ہے اور پھر سجدہ کرتا ہے۔ تو شیطان روتا ہوا دور چلا جاتا ہے۔ اور کہتا ہے افسوس ہے۔ کہ آدمؑ کے بیٹے کو سجدہ کا حکم کیا گیا۔ اس نے سجدہ کیا اور اس کے لئے جنت ہے۔ اور مجھ کو سجدہ کا حکم دیا گیا۔ میں نے انکار کیا۔ اور میرے لئے آگ (دوزخ) ہے۔

ابو ہریرۃؓ / مسلمؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۱۸۲ - شمار ۸۲۷
ترتیب شریف صفحہ ۹۷

حضرت عبدالرحمٰن بن شبلیؓ کہتے ہیں۔ کہ حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے کوّے کی طرح ٹھونگیں مارنے سے منع فرمایا ہے (سجدہ میں) اور درندے کی طرح ہاتھوں کو بچھا دینے سے اور اس سے بھی، کہ آدمی مسجدوں میں جگہ مقرر کرے، جیسا کہ مقرر کرتا ہے اونٹ۔

(عبدالرحمٰن بن شبلیؓ / ابو داؤدؒ / نسائیؒ / دارمیؒ / مشکوٰہ شریف جلد اول صفحہ ۱۸۳ - شمار ۸۳۴ - ترتیب شریف صفحہ ۹۷)

التشہد

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں، کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب تشہد کے لئے بیٹھتے، تو بائیں ہاتھ کو اپنے بائیں گھٹنے پر اور دائیں ہاتھ کو دائیں گھٹنے پر رکھتے، اور بند کرتے ہاتھ اپنا مثل عدد ترپن کے اور اشارہ کرتے شہادت کی انگلی سے، اور ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں، کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں بیٹھتے تو دونوں ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں پر رکھتے اور داہنے ہاتھ کی اس انگلی کو جو انگوٹھے کے پاس ہے، اٹھاتے اور دعا مانگتے، یعنی اشارہ کرتے، اور بائیں ہاتھ کو کھلا ہوا بائیں گھٹنے پر رکھتے۔

(ابن عمرؓ مسلم، مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۸۴، شمارہ ۸۴۳، ترتیب شریف صفحہ ۹۸)

عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دو رکعتیں یا چار رکعتیں پڑھ کر بیٹھتے تو دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھتے پھر انگلی سے اشارہ کرتے۔

(نسائی شریف جلد اوّل صفحہ ۲۹۰، ترتیب شریف صفحہ ۹۸)

حضرت نافعؓ کہتے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب نماز میں بیٹھتے تو دونوں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں پر رکھتے اور انگلی سے اشارہ فرماتے اور نظر کو انگلی پر رکھتے پھر کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ انگلی شیطان پر لوہے سے زیادہ سخت ہے

(نافعؓ، احمد، مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۸۵، شمارہ ۸۴۸، ترتیب شریف صفحہ ۹۸)

صلوٰۃ شریف

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اس شخص کی ناک گرد آلود ہو جسکے سامنے میرا ذکر آئے لیکن مجھ پر درود نہ بھیجے اور اس شخص کی ناک گرد آلود ہو جسکی زندگی میں رمضان المبارک آئے پھر اس سے پہلے کہ اسے بخشا جائے رمضان ختم ہو جائے اور اس شخص کی ناک گرد آلود ہو جس کے سامنے اس کے والدین پر بڑھاپا آیا۔ لیکن ان دونوں نے اس کو بہشت میں داخل نہیں کیا۔ حضرت عبد الرحمٰنؒ راوی کہتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ فرمایا ان میں سے ایک کو بڑھاپا آیا۔ اس باب میں حضرت جابرؓ اور حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے۔ (یہ حدیث حسن ہے اور اس طریقہ سے غریب ہے) بعض اہل علم سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ایک مجلس میں جب ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھ لیا تو اس مجلس میں وہ جب تک رہے وہ ایک بار پڑھنا ہی اس کیلئے کافی ہے۔ (یعنی درود پڑھنے کا وجوب صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے ادا ہو جاتا ہے۔)

(ابو ہریرہؓ از ترمذیؒ۔ ترمذی شریف جلد دوم
صفحہ ۳۳۳/شمارہ ۱۳۹۲/ترتیب شریف صفحہ ۹۵)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ شخص بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ (یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے)

(علیؓ از ترمذیؒ۔ ترمذی شریف جلد دوم صفحہ ۳۳۳)

شمار ۱۳۹۰/ ترتیب شریف صفحہ ۹۹

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھ پر جو شخص ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ سبحانہ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل کریگا۔

ابو ہریرہؓ/ مسلمؒ/ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۸۶

شمار ۸۵۱/ ترتیب شریف صفحہ ۹۹۔

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی میرے اوپر ایک بار درود بھیجے گا اللہ سبحانہٗ اس پر دس رحمتیں نازل کرے گا اور دس گناہ معاف ہونگے اور دس درجے اس کے بلند ہونگے۔

(انس بن مالکؓ/ نسائیؒ/ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۴۳/ ترتیب شریف صفحہ ۹۹)

حضرت ابی بن کعبؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپؐ پر کثرت سے درود بھیجتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بتلائیں کہ میں اس کیلئے کتنا وقت مقرر کروں اپنے اعمال و اوراد میں سے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسقدر تو چاہے اگر زیادتی کرے گا تو تیرے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا آدھا وقت مقرر کردوں فرمایا جسقدر تو چاہے اگر زیادہ کرے گا تو تیرے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا دو تہائی وقت مقرر کردوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسقدر تو چاہے اگر زیادہ کرے گا تو تیرے لئے بہتر ہوگا میں نے عرض کیا اپنی دعا کا سارا وقت مقرر کردوں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کفایت کرے گا اور تیرے دین و دنیا کے مقاصد کو پورا کرے گا اور تیرے گناہ دور کئے جائیں گے۔

(ابی بن کعبؓ/ ترمذیؒ/ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل صفحہ ۱۸۶/ شمار ۹۰۹/ ترتیب شریف صفحہ ۱۰۰)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نماز پڑھ رہا تھا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر صدیقؓ، اور حضرت عمر فاروقؓ بھی وہاں رونق افروز تھے۔ جب میں نماز میں بیٹھ گیا تو پہلے میں نے اللہ سبحانہ کی حمد و ثنا کی، پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا۔ پھر اپنے لیے دعا مانگی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مانگ تجھے دیا جائیگا۔ مانگ تجھے دیا جائے گا۔ اس باب میں حضرت فضالہ بن عبیدؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث حسن وصحیح ہے

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۱۱۹ نمبر ۵۴۰/ ترتیب شریف صفحہ ۱۰۰)

حضرت ابو طلحہؓ سے روایت ہے کہ ایک روز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر خوشی تھی۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر خوشی پاتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک میرے پاس فرشتہ (حضرت جبرائیل علیہ السلام) آیا اور بولا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ سبحانہ فرماتا ہے کیا تم خوش نہیں ہوتے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے گا ایک بار میں اس پر دس بار رحمت بھیجوں گا۔ اور جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے گا ایک بار تو میں اس پر دس بار سلام بھیجوں گا۔

(نسائی شریف جلد اول صفحہ ۱۴۶۔ ۳۱۴/ ترتیب شریف صفحہ ۱۰۱)

حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ جب تک تم اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجو گے تب تک تمہاری دعا آسمان اور زمین کے درمیان معلق (لٹکی) رہے گی۔ ذرا بھی اوپر نہیں چڑھے گی۔

(ترمذی شریف جلد اول صفحہ ۹۹ نمبر ۴۴۴/ ترتیب شریف صفحہ ۱۰۱)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ نزدیک وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجتا ہے۔ (یہ حدیث حسن وغریب ہے)۔ روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے۔ اللہ سبحانہ اس پر دس بار درود بھیجتا ہے اور اس کیلئے دس نیکیاں لکھتا ہے۔

عبداللہ بن مسعودؓ / ترمذیؒ ۔ ترمذی شریف جلد اوّل

صفحہ ۹۹ شمار ۲۴۲ / ترتیب شریف صفحہ ۱۰۱

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں کہ جو شخص حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ درود بھیجے اللہ سبحانہٗ اور ملائکہ اس پر ستر مرتبہ درود بھیجتے ہیں۔

عبداللہ بن عمروؓ / احمدؒ / مشکوٰۃ شریف جلد اوّل

صفحہ ۱۸۷ / شمارہ ۸۷۱ / ترتیب شریف صفحہ ۱۰۱

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ سبحانہٗ کے فرشتے زمین پر پھرا کرتے ہیں اور میری امت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔

عبداللہ ابن مسعودؓ / نسائیؒ / نسائی شریف

جلد اوّل صفحہ ۲۱۶ / ترتیب شریف صفحہ ۱۰۲

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے۔ جو کچھ وہ درود میں کہتا ہے وہی فرشتے اس پر بھیجتے ہیں۔ اب یہ انسان کو اختیار ہے کہ مجھ پہ درود کم پڑھے یا زیادہ پڑھے

عبداللہ ابن عامر ابن ربیعہؓ / ابن ماجہؒ

ابن ماجہ شریف صفحہ ۱۰۵/ترتیب شریف صفحہ ۱۰۲

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص مجھ پہ درود پڑھے گا۔ وہ جنت کا راستہ نہ بھولے گا۔

(ابن عباسؓ/ابن ماجہ۔ ابن ماجہ شریف
صفحہ ۱۰۵/ترتیب شریف صفحہ ۱۰۲)

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں ہے جو مجھ پہ سلام بھیجے، مگر یہ کہ اللہ سبحانہٗ میری روح کو مجھ پہ لوٹا دیتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔

ابوہریرہؓ/ابو داؤدؒ/بیہقیؒ/مشکوٰۃ شریف جلد اوّل
صفحہ ۱۸۶ شمارہ ۸۵/ترتیب شریف صفحہ ۱۰۲

حضرت ابوھریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے کہ اپنے گھروں کو قبروں کی مانند نہ بناؤ اور میری قبر پہ عید اور خوشی نہ کرو البتہ مجھ پہ درود بھیجو اس لئے کہ تمہارا درود میرے پاس پہنچتا ہے خواہ تم کہیں ہو۔

(ابوہریرہؓ/نسائیؒ۔ مشکوٰۃ شریف

جلد اوّل/صفحہ ۱۸۶/شمارہ ۸۶/ترتیب شریف صفحہ ۱۰۲)

تحیۃ الوضوء

نفل ۱	۲ رکعتیں
۱۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ	۱ بار
اللہ بہت بڑا ہے	
۲۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ	۳ بار
بخشش مانگتا ہوں میں اللہ سے	
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ	
اے اللہ تو ہی سلامتی دینے والا ہے اور تجھ ہی سے	
السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ	
سلامتی مل سکتی ہے بڑی برکت والا ہے تو اے بزرگی	
وَالْاِكْرَامِ	۱ بار
اور عزت والے	

تحیۃ المسجد

نفل	۲ رکعتیں
اَللّٰهُ اَكْبَرُ	۱ بار
اللہ بہت بڑا ہے	
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ	۳ بار
بخشش مانگتا ہوں میں اللہ سے	
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ	
اے اللہ تو ہی سلامتی دینے والا ہے اور تجھ ہی سے	
السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ	
سلامتی مل سکتی ہے بڑی برکت والا ہے تو اے بزرگی	
وَالْاِكْرَامِ	۱ بار
اور عزت والے	

الدَّعَوٰاتُ فِی الصَّلٰوۃ

اذان کا اس طرح جواب دو

جب مؤذن کہے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا

اَللّٰہُ اَکْبَرُ تو کہو

ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

ہے اللہ سب سے بڑا ہے

جب مؤذن کہے

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

تو کہو

أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

جب مؤذن کہے

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

تو کہو

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

جب مؤذن کہے

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

آؤ طرف نماز کی

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

آؤ طرف نماز کی

تو کہو

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

نہیں قوت نیکی کی اور بدی سے بچنے کی مگر اللہ کی توفیق کیساتھ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

نہیں قوت نیکی کی اور بدی سے بچنے کی مگر اللہ کی توفیق کیساتھ

جب مؤذن کہے

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

نجات کی طرف آؤ

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

نجات کی طرف آؤ

تو کہو

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

نہیں قوت نیکی کی اور بدی سے بچنے کی مگر اللہ کی (توفیق) کیساتھ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

نہیں قوت نیکی کی اور بدی سے بچنے کی مگر اللہ کی (توفیق) کیساتھ

جب مؤذن کہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے

تو کہو

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے

جب مؤذن کہے

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

تو کہو

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

جب مؤذن (فجر کے وقت) کہے

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ

نماز نیند سے بہتر ہے

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ

نماز نیند سے بہتر ہے

تو کہو

صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ

تو نے سچ کہا اور نیک بات کہی اور نیکی کی

صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ

تو نے سچ کہا اور نیک بات کہی اور نیکی کی

جب مؤذن کہے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

تو کہو

وَاَنَا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے بغیر کوئی معبود نہیں

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ

وہ واحد ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

کہ بے شک محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور رسول ہیں

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ

میں راضی ہوا اللہ کے رب ہونے پر اور دین اسلام پر اور

دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا ۱ بار

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نبی ہونے پر

جب مؤذن کہے

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

نجات کی طرف آؤ

تو کہو

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِيْنَ ۱ بار

یا اللہ! کرنا ہمیں نجات پانے والے

جب مؤذن اذان دے، تو کہو

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ

اے اللہ! اس مکمل پکار کے پروردگار (یعنی اذان کے پروردگار)

التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ

اور قائم رہنے والی نماز کے مالک۔ حضرت محمد صلی اللہ

مُحَمَّدَانِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ

علیہ وسلم کو وسیلے اور فضیلت عطا کر

وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِیْ

اور مقام محمود میں بھیج۔ جس کا تو نے

وَعَدْتَّہٗ

وعدہ کیا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ

اے اللہ! اس مکمل پکار کے پروردگار

التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ

اور قائم رہنے والی نماز کے مالک

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّارْضَ عَنَّا

رحمتیں نازل فرما (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور راضی ہو ہم

رَضِيً لَا سَخَطَ بَعْدَهٗ — ۱ بار

سے ایسا راضی ہونا کہ اس کے بعد ناراضگی نہ ہو

وَ اَنَا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ

وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور

اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

بے شک (حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ

اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں میں راضی ہوا

بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّ

اللہ کے رب ہونے پر اور (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے رسول ہونے

بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا — ۱ بار

پر اور اسلام کے دین ہونے پر

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا

اے اللہ کھول دے قفل ہمارے دلوں کے

بِذِكْرِكَ وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعْمَتَكَ

اپنے ذکر سے اور پوری کر ہم پر اپنی نعمت

وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَ

اور کامل کر ہم پر اپنا فضل اور

اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۔ ابار

کر دے ہمیں اپنے نیک بندوں میں سے

حب نماز کے لئے گھر سے نکلو، تو کہو،

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سائلین

السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ

کے حق کے ساتھ اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس

مَمْشَایَ هٰذَا فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ

چلنے کی وجہ سے میں گھر سے کسی شر اور غرور

اَشَرًا وَّلَا بَطَرًا وَّلَا رِيَاءً وَّلَا

اور ریا اور سمعہ کی وجہ سے نہیں نکلا۔ بلکہ میں

سُمْعَةً وَّخَرَجْتُ اتِّقَاءَ سَخَطِكَ

(گھر سے) نکلا ہوں تیرے غصہ سے بچنے اور

وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ فَاَسْئَلُكَ

رضامندی کے حاصل کرنے کے لئے پس میں تجھ سے سوال کرتا

اَنْ تُعِيْذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَاَنْ

ہوں۔ کہ تو مجھے دوزخ سے پناہ دے اور میرے گناہوں

تَغْفِرَ ذُنُوْبِیْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ

کو بخش دے۔ کیونکہ تیرے بغیر کوئی

الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ابار

گناہ بخشنے والا نہیں

جب نماز کے لیے نکلو، تو کہو،

۱ اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ

اے اللہ! عطا کر (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ

وَاجْعَلْ فِی الْعِلِّیِّیْنَ دَرَجَتَہٗ وَ

اور کر علیین میں ان کا بلند درجہ اور

فِی الْمُصْطَفَیْنَ تَحِیَّتَہٗ وَفِی

پسندیدہ لوگوں میں ان کی ثنا اور مقربین

الْمُقَرَّبِیْنَ ذِکْرَہٗ ابار

میں ان کا ذکر

۲ بِسْمِ اللّٰہِ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ

اللہ تعالیٰ ہی کے نام سے شروع کرتا ہوں (نماز کے لیے نکلتا ہوں)

تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا

میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا اللہ تعالیٰ ہی پر میں نے بھروسہ کیا نہ گناہ سے بچ

قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ

سکتے ہیں نہ نیکی کر سکتے ہیں اللہ تعالیٰ کی توفیق کے بغیر اے اللہ! میں تجھ

السَّآئِلِیْنَ عَلَیْکَ وَبِحَقِّ مَخْرَجِیْ

سے مانگتا ہوں تجھ پر مانگنے والوں کے حق کی وجہ سے اور اپنے اس نکلنے کی وجہ

هٰذَا اَفَانِّیْ لَمْ اَخْرُجْهُ اَشَرًا وَّ

سے اس لئے کریں تکبر اور اترانے اور

لَا بَطَرًا وَّلَا رِیَآءً وَّلَا سُمْعَةً

دکھلاوے اور سناوے کے لئے نہیں نکلا ہوں

خَرَجْتُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِكَ وَاتِّقَآءَ

میں تو تیری رضامندی چاہنے اور تیری ناراضگی سے بچنے

سَخَطِكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُعِیْذَنِیْ مِنَ

کے لئے نکلا ہوں میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ مجھے آگ سے

النَّارِ وَتُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ

پناہ دیں اور مجھے جنت میں داخل کریں

تکبیر کا جواب اسی طرح دو جس طرح اذان کے

کلمات کا دیا جاتا ہے ــــــــ لیکن ــــــ

جب مکبر کہے :-

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ

تحقیق نماز کھڑی ہو گئی

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ

تحقیق نماز کھڑی ہو گئی

تو کہو :-

اَقَامَهَا اللّٰهُ وَ اَدَامَهَا

اللہ نماز کو قائم و دائم رکھے

اَقَامَهَا اللّٰهُ وَ اَدَامَهَا

اللہ نماز کو قائم و دائم رکھے

جب نماز کے لئے کھڑے ہو، تو کہو

سُبْحَانَ اللّٰهِ ۱۰ بار

اللہ پاک ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۱۰ بار

کوئی معبود نہیں مگر اللہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۱۰ بار

سب تعریف اللہ کے لئے ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۱۰ بار

اللہ سب سے بڑا ہے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ۱۰ بار

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں

جب صف میں کھڑے ہو، تو کہو،

ؔ اَللّٰھُمَّ اٰتِنِیْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِیْ

اے اللہ! دے مجھے جو سب سے بڑھ کر چیز

عِبَادَکَ الصّٰلِحِیْنَ

اپنے نیک بندوں کو دیتا ہے

فرض نماز شروع کرتے وقت یہ دُعا پڑھو

ؔ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ

میں نے ہر طرف سے منہ موڑ کر اس کی طرف منہ کیا جس نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا

اور زمین کو پیدا کیا موحد بن کر فرمانبردار

مُسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ

ہو کر اور میں ان میں سے نہیں جو اللہ کا شریک بناتے ہیں

اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ

تحقیق میری نماز اور میری قربانی اور میری زندگی اور میرا

وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

مرنا اللہ کے لئے ہے جو تمام دنیا کا پروردگار ہے

لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ

اس کا کوئی شریک نہیں اور یہی حکم مجھ کو ہوا ہے

وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ اَللّٰهُمَّ

اور میں سب سے پہلے فرمانبرداری (اسلام) کا اقرار کرتا ہوں اے اللہ!

أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

تو بادشاہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو میرا

أَنْتَ رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ

رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں میں نے اپنی جان

نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي

پر ظلم کیا اور اپنے گناہ کا اعتراف کیا

فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا إِنَّهُ

تو میرے تمام گناہ بخش دے کہ تیرے سوا

لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ

کوئی گناہ بخشنے والا نہیں

وَاهْدِنِي لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ

الٰہ مجھے بہترین اخلاق کی راہ دکھا

لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ

تیرے سوا کوئی بہترین اخلاق کی راہ نہیں دکھا سکتا

وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ

اور مجھے بدترین اخلاق سے بچالے تیرے سوا کوئی بدترین

عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ لَبَّيْكَ وَ

اخلاق سے بچا نہیں سکتا میں تیرے لئے حاضر ہوں اور

سَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ کُلُّہٗ فِیْ

خدمت کو تیار ہوں اور تمام بھلائی تیرے اختیار

یَدَیْکَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْکَ اَنَا

میں ہے اور برائی تیری طرف منسوب نہیں میں

بِکَ وَاِلَیْکَ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ

تیرے ہی سبب سے موجود ہوں اور تیری ہی طرف لوٹوں گا تو ہی برکت والا

اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ابار

اور برتر ہے میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں

تکبیر اور قرأت کے درمیان یہ پڑھو

[1] اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ

اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان میں ایسا فصل

خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ

کردے جیسا تو نے مشرق اور مغرب کے

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ

درمیان میں فصل کر دیا ہے اے اللہ!

نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی

مجھے گناہوں سے پاک کردے جیسے سفید

الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ

کپڑا میل سے صاف کیا جاتا ہے

[1] حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر اور قرأت کے درمیان کچھ سکوت فرماتے تھے (حضرت ابو زرعہ کہتے ہیں مجھے خیال ہوتا ہے کہ حضرت ابوہریرہ نے کہا تھوڑی دیر) تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر فدا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر اور قرأت کے درمیان جو سکوت کرتے ہیں اس میں کیا پڑھتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللھم باعد بینی الخ

[illegible] بخاری [illegible] ۲۹۵ [illegible]

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَآءِ

اے اللہ! میرے گناہوں کو پانی اور برف

وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ١ بار

اور اولے سے دھو ڈال

٢ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَّالْحَمْدُ

اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لئے

لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ

بہت تعریف ہے اور میں صبح و شام اللہ ہی

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ١ بار

کی پاکی بیان کرتا ہوں

٢ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا

اللہ بہت بڑا ہے اللہ (ہی) کے لئے تعریف ہے

طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ ١ بار

ایسی تعریف جو بہت پاک اور مبارک ہے

٣ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اس

ذُنُبِيْ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ

طرح دوری کر جس طرح تو نے مشرق اور مغرب میں

وَ الْمَغْرِبِ وَ نَقِّنِیْ مِنْ خَطِیْئَتِیْ

دوری کی اور مجھے خطا سے اس طرح پاک کر دے

کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ مِنَ الدَّنَسِ ۱ بار

جس طرح تو نے کپڑے کو میل کچیل سے پاک صاف کر دیا

سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ

اے اللہ تو تمام (عیب سے) پاک ہے۔ اور تیری تعریف (بجا) ہے

وَ تَبَارَکَ اسْمُکَ وَ تَعَالٰی

اور تیرا نام بابرکت ہے اور تیری بزرگی بلند

جَدُّکَ وَ لَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ ۱ بار

مرتبت ہے۔ اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں

نفل نماز میں یہ پڑھو

اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا ۳ بار

اللہ بہت بڑا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا ۳ بار

اللہ ہی کے لئے بہت تعریف ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا ۳ بار

میں صبح و شام اللہ کی تسبیح کرتا ہوں

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

میں شیطان مردود کے ہمز اور نفخ سے

مِنْ نَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ وَهَمْزِهٖ ۱ بار

اور وسوسے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں

یا سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ

میں اسی کی پاکی بیان کرتا ہوں جو بادشاہت غلبہ

وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْعَظَمَةِ ۱ بار

بڑائی اور بزرگی والا ہے

جب رکوع کرو، تو کہو

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ ۳ بار

پاک ہے میرا پروردگار جو سب سے بڑا ہے

یا سُبْحٰنَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ

تو پاک ہے اے ہمارے پروردگار اور ہم تیری تعریف کرتے ہیں اے

اغْفِرْلِیْ ۱ بار

اللہ! مجھے بخش دے

یا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ

اے اللہ! تو پاک ہے اور ہم تیری تعریف کرتے ہیں اے

رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ۱ بار

ہمارے پروردگار ہم تیری تعریف کرتے ہیں اے اللہ مجھے بخش دے

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ

تو نہایت پاک و صاف ہے فرشتوں اور روح الامین

عَلَیَّ هٰذِهٖ یَدَایَ وَمَا جَنَیْتُ	
یہ میرے دونوں ہاتھ ہیں اور جو کچھ میں نے اپنی	
عَلٰی نَفْسِیْ	۱ بار
جان پر ظلم کیا	
جب رکوع سے کھڑے ہو، تو کہو	
سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ	
اللہ نے اس کی سن لی جس نے اس کی تعریف کی	
رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ	۱ بار
اے ہمارے پروردگار اور تیرے ہی لئے سب تعریف ہے	
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ	۱ بار
اے اللہ ہمارے پروردگار تیرے ہی لئے ہے سب تعریف	
رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا کَثِیْرًا	
اے ہمارے پروردگار تیرے ہی لئے بہت پاک اور	
طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْهِ	۱ بار
مبارک تعریف ہے	

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمٰوٰتِ

اے اللہ! تیرے ہی لئے تعریف ہے (ایسی تعریف) جو آسمانوں

وَمِلْءُ الْاَرْضِ وَمِلْءُ مَا شِئْتَ

اور زمین کو بھر دے اور اس کے بعد جسے تو بھرنا چاہے

مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ

(سب کو بھر دے) اے اللہ! مجھے برف اور

بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ

اولے اور ٹھنڈے پانی سے پاک کر دے

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ

اے اللہ! مجھے گناہوں اور خطاؤں سے اس طرح

وَالْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ

پاک کر دے جس طرح سفید کپڑا میل سے

الْاَبْيَضُ مِنَ الْوَسَخِ

صاف ہو جاتا ہے

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ

اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! تیرے ہی واسطے تمام تعریف ہے

السَّمٰوٰتِ وَمِلْءُ الْاَرْضِ وَمِلْءُ

(ایسی تعریف) جو آسمانوں اور زمین کو بھر دے اور اس چیز کو بھر دے جو

مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءُ مَا شِئْتَ مِنْ

ان دونوں کے درمیان میں ہے اور اس کے بعد جسے تو بھرنا چاہے

شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلُ الثَّنَاءِ وَ

سب کو بھر دے اے تعریف اور بزرگی

الْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ

والے (تو ہی) اس کا مستحق ہے جو بندہ کہے

وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ لَا مَانِعَ لِمَا

اور ہم سب تیرے بندے ہیں جو چیز تو عطا کرے اس کا

اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ

منع کرنے والا کوئی نہیں اور جو چیز تو منع کرے اس کا دینے والا

وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ابار

کوئی نہیں اور تیرے آگے دولتمند کو اس کی دولت کچھ نفع نہیں دیتی

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

اے اللہ! اے ہمارے پروردگار تیرے ہی لئے تعریف ہے اور

مِلْءُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءُ

(ایسی تعریف) جو آسمانوں اور زمین کو بھر دے اور اس چیز کو جو ان کے

مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءُ مَا شِئْتَ بَعْدُ

درمیان میں ہے اور اس کے بعد جو تو بھرنا چاہے سب کو بھر

اَهْلُ الثَّنَاءِ وَاَهْلُ الْكِبْرِيَاءِ

دے (تو ہی) تعریف اور بڑائی اور بزرگی کا مستحق

وَالْمَجْدِ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ

ہے جو چیز تو عطا کرے اس کا منع کرنے والا کوئی نہیں

وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ
اور نہیں نفع دیتی دولت مند کو اس کی دولت مندی تجھ سے

الْجَدُّ ۱ بار
نفع نہیں دیتی

جب سجدہ کرو، تو کہو

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى ۳ بار
پاک ہے میرا پروردگار بلندی والا

یا سُبْحٰنَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ
تو پاک ہے اے ہمارے پروردگار اور ہم تیری تعریف کرتے ہیں

اغْفِرْ لِيْ ۱ بار
اے اللہ! مجھے بخش دے

یا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ رَبَّنَا
اے اللہ! تو پاک ہے اور ہم تیری تعریف کرتے ہیں اے ہمارے پروردگار

وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ۱ بار
ہم تیری تعریف کرتے ہیں اے اللہ! مجھے بخش دے

یا سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ
تو نہایت پاک و صاف ہے فرشتوں اور روح الامین

وَالرُّوْحِ۔ ۱ بار
کا پروردگار ہے

یا اللہ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ

اے اللہ! پناہ مانگتا ہوں میں تیرے غضب سے تیری رضا کی

وَاَعُوْذُ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ

اور پناہ مانگتا ہوں تیرے عذاب سے تیری معافی کی

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِىْ

اور تجھ سے تیری پناہ لیتا ہوں میں تیری تعریف

ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ

نہیں کرسکتا تو اسی طرح ہے جس طرح تو نے خود

عَلٰى نَفْسِكَ ۱ بار

اپنی تعریف کی ہے

یا اللہ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَلَكَ

اے اللہ! میں نے تیرے لئے سجدہ کیا اور تیرے آگے

اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ سَجَدَ وَجْهِىَ

گردن تسلیم خم کی اور تجھ پر ایمان لایا میرے چہرہ نے اس کے

لِلَّذِىْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ فَاَحْسَنَ

لئے سجدہ کیا جس نے اس کو پیدا کیا اور صورت بنائی تو اچھی صورت عطا

صُوْرَتَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ

کی اور اس کے کان اور آنکھ بنائے اللہ بڑا ہی

تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۱ بار

بابرکت ہے جو (سب) بنانے والوں میں بہتر بنانے والا ہے

۱؎ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ

اے اللہ! میں نے تیرے لئے سجدہ کیا اور تجھ پر

اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

ایمان لایا اور تیرے سامنے گردن رکھ دی اے اللہ! تو ہی میرا

رَبِّيْ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ

رب ہے سجدہ کیا میرے منہ نے اس کے لئے جس نے اسکو پیدا

وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ

کیا اور صورت بنائی اور اس کے کان اور آنکھ بنائی اللہ بڑا ہی

تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ا بار

بابرکت ہے جو (سب بنانے والوں میں بہتر (بنانے والا) ہے

۲؎ خَشَعَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَدَمِيْ

میرے کان میری آنکھیں میرا خون میرا گوشت

وَلَحْمِيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ وَمَا

میری ہڈیاں میرے پٹھے اور وہ چیز جس کو میرے

اسْتَقَلَّتْ بِهٖ قَدَمِيْ لِلّٰهِ رَبِّ

پاؤں اٹھائے ہوئے ہیں سب پروردگار عالم کے آگے

الْعٰلَمِيْنَ ا بار

جھکے ہوئے ہیں

۳؎ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ

اے اللہ میرے گناہ چھوٹے اور بڑے

دِقَّهٗ وَ جُلَّهٗ وَ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ
اگلے اور پچھلے ظاہر اور

وَعَلَانِيَتَهٗ وَ سِرَّهٗ ابار
پوشیدہ (سب) بخش دے

یا اَللّٰهُمَّ سَجَدَ لَكَ سَوَادِيْ وَ
اے اللہ! میرے ظاہر اور باطن نے تیرے لئے سجدہ کیا

خَيَالِيْ وَ بِكَ اٰمَنَ فُؤَادِيْ اَبُوْءُ
اور میرا دل تجھ پر ایمان لایا میں اپنے اوپر تیری

بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَ هٰذَا مَا جَنَيْتُ
نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور یہ کہ جو کچھ میں نے اپنی جان

عَلٰى نَفْسِيْ يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ
پر ظلم کیا اے بڑی (رحمت کرنے والے) اے بڑی (مغفرت کرنیوالے)

اِغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
میری مغفرت کر کیونکہ بڑے گناہوں کو بجز رودگار عظیم

الْعَظِيْمَةَ اِلَّا الرَّبُّ الْعَظِيْمُ ابار
ہی بخشتا ہے

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ
پاک ہے ملک اور

وَ الْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی
بادشاہت والا پاک ہے عزت

ابن مسعود رضی اللہ عنہ حاکم حصن حصین صفحہ ۲۰۸ ترغیب و ترہیب صفحہ ۱۲۶/۱۲۹

عن ... عائشہ رضی اللہ عنہا حصن حصین صفحہ ۲۰۵/۲۰۶ ترغیب و ترہیب صفحہ ۱۲۶

الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ

اور غلبہ والا پاک ہے (۵۵)

الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

زندہ جو مرتا نہیں

اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ

میں تیری بخشش کی تیرے عذاب سے

وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ

اور تیری رضا کی تیری

سَخَطِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ

ناراضگی سے اور تیری تجھ سے پناہ مانگتا ہوں

جَلَّ وَجْهُكَ ١ بار

تیری ذات بزرگ (و برتر) ہے

يَا رَبِّ اَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَ

اے پروردگار! میرے نفس کو پرہیزگاری عطا کر اور

زَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا

اس کو پاک کر دے تو اس کا سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے

اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا اَللّٰهُمَّ

تو ہی اس کا کارساز اور مالک ہے اے اللہ

اغْفِرْلِيْ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ ١ بار

مجھے بخش دے جو کچھ میں نے پوشیدہ کیا اور جو کچھ اعلانیہ کیا

یاںٔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا

اے اللہ! میرے دل میں نور کر دے

وَّاجْعَلْ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ

اور میری شنوائی میں نور کر دے اور میری بینائی

فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ مِنْ تَحْتِیْ

میں نور کر دے اور میرے نیچے نور کر

نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا

دے اور میرے اوپر نور کر دے

وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّسَارِیْ

اور میرے دائیں نور کر دے اور میرے بائیں نور

نُوْرًا وَّاجْعَلْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّ

کر دے اور میرے آگے نور کر دے اور

اجْعَلْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّ اَعْظِمْ

میرے پیچھے نور کر دے اور مجھے نور عظیم

لِیْ نُوْرًا

ابار دے

(تلاوۃ) قرآن کریم کے سجدہ میں یہ کہو

سَجَدَ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَ

میرے چہرہ نے اس کے لئے سجدہ کیا جس نے اس کو پیدا کیا

صَوَّرَهٗ وَ شَقَّ سَمْعَهٗ وَ بَصَرَهٗ

اور اس کی صورت بنائی اور اسے اپنی طاقت و قوت سے سننے کی اور

بِحَوْلِهٖ وَ قُوَّتِهٖ ۱ بار

بینائی بخشی

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۱ بار

اللہ بڑا ہی بابرکت ہے جو سب بنانے والوں میں بہتر بنانے والا ہے

يَا اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ

اے اللہ! تو اس کے بدلے میرے لئے اپنے پاس اجر و ثواب

اَجْرًا وَّضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا وَّ

لکھ دے اور (اس کے سبب سے) مجھ سے گناہوں کا بوجھ دور کر دے اور

اجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَّ

اس کو اپنے پاس میرے لئے ذخیرہ بنا دے اور

تَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ

اس کو مجھ سے قبول کر لے جس طرح اس کو تو نے اپنے بندے

عَبْدِكَ دَاوٗدَ ۱ بار

(حضرت) داؤد (علیہ السلام) سے قبول کیا تھا

يَا رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ۳ بار

اے پروردگار! میری مغفرت فرما

جب دو سجدوں کے درمیان بیٹھو

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَ

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر اور

اھْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَ

مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت سے رکھ اور مجھ کو رزق عطا فرما اور

اَجْبُرْنِیْ وَارْفَعْنِیْ — ۱ بار

میری بگڑی بنا دے اور مجھے بلند فرما

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ — ۱ بار

پروردگار! مجھے بخش دے

جب تشہد کے لئے بیٹھو، تو کہو

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ

زبانی، مالی اور بدنی عبادتیں اللہ ہی کے

وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

لئے ہیں سلام آپ پر اے (اللہ کے)

أَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اس کی

بَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ

برکتیں سلام ہم پر اور

عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ط اَشْهَدُ

اللہ کے نیک بندوں پر ہیں گواہی دیتا

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ

ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ط

کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

یا اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ

زبانی مبارک عبادتیں

الصَّلَوٰتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ

بدنی مالی عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں اے نبی (صلی اللہ

عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ

علیہ وسلم) آپ پر سلام اللہ کی رحمت

وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى

اور برکتیں نازل ہوں ہم پر اور نیک

عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ

عمل کرنے والے بندوں پر سلامتی ہو میں گواہی دیتا ہوں

لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ

کہ بے شک اللہ ایک ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک حضرت

مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

اَلتَّحِيَّاتُ الطَّيِّبَاتُ الصَّلَوٰتُ

تمام قولی اور فعلی عبادتیں اللہ ہی کے

لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ

لئے ہیں سلام آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ

اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں سلام

عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ

گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور

وَرَسُوْلُہٗ ـ ابار

اس کے رسول ہیں

۲ ـ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ اَلزَّاکِیَاتُ لِلّٰہِ

زبانی عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں مالی اور بدنی

اَلطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ اَلسَّلَامُ

عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں سلام آپ پر

عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ

اے اللہ کے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور

وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی

اس کی برکات سلام ہم پر اور اس کے

عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ اَشْھَدُ

نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں

اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ

کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت)

مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ـ ابار

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں

۳ ـ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَلتَّحِیَّاتُ

اللہ کے نام اور اللہ کے ساتھ تمام زبانی اور

لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ

بدنی اور مالی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں سلام

عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ

آپ پر اے (اللہ کے) نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اللہ کی رحمت

وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی

اور اس کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ

عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ

کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں کہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور (اس بات کی) کہ حضرت محمد

عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَسْأَلُ اللّٰہَ

(صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور رسول ہیں - اور اللہ سے مانگتا ہوں میں

الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّارِ ابار

جنت اور اللہ کی پناہ میں آتا ہوں دوزخ سے

لہ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ خَیْرِ

اللہ کے نام سے اور اللہ (لفظ) کے ساتھ جو تمام ناموں سے

الْاَسْمَاءِ اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ

بہتر ہے تمام زبانی بدنی اور مالی عبادتیں

اَلصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ

اللہ کے لئے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا

اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور

رَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا

رسول ہیں جن کو اس نے دینِ حق دے کر خوشخبری دینے والا اور

وَّنَذِيْرًا وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ

ڈرانے والا (بنا کر) بھیجا ہے اور (اس کی کہ) قیامت ضرور آنے والی ہے

لَا رَيْبَ فِيْهَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

اس میں کسی طرح کا شک نہیں سلام آپ پر اے اللہ کے

اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَ

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اللہ کی رحمت اور اس

بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى

کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ

عِبَادِ اللهِ الصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ

کے نیک بندوں پر اے اللہ!

اغْفِرْ لِيْ وَاهْدِنِيْ ابار

مجھے بخش دے اور میری راہنمائی فرما

تشہد کے بعد صلوٰت شریف یوں پڑھو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ! (حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور (حضرت محمد (صلی اللہ

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی

علیہ وسلم) کی آل پر رحمت نازل فرما۔ جس طرح تو نے حضرت ابراہیم

اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

(علیہ السلام) اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر رحمت نازل فرمائی

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بے شک تو ہی تعریف کا مستحق بڑی بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اے اللہ! حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور حضرت محمد

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

(صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت نازل فرما۔ جس طرح تو نے حضرت

عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ

ابراہیم (علیہ السلام) پر اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر برکت

اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ابار

نازل فرمائی۔ بے شک تو ہی تعریف کا مستحق ہے بڑی بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ [ل]

اے اللہ! حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور حضرت

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر رحمت بھیج جس طرح تو نے حضرت

اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

ابراہیم (علیہ السلام) اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر رحمت بھیجی ہے

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَ بَارِكْ

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگی والا ہے اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

پر اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت نازل فرما

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

جس طرح تو نے حضرت ابراہیم (علیہ السلام) اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی

وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

آل پر برکت نازل فرمائی بے شک تو تعریف کیا گیا

مَّجِيْدٌ ابار

بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ! حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى

وسلم) کی آل پر رحمت بھیج جس طرح تو نے حضرت ابراہیم (علیہ السلام)

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر رحمت بھیجی

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگی والا ہے اے اللہ! برکت نازل کر حضرت

عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جس طرح تو نے حضرت ابراہیم (علیہ السلام)

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

پر اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر برکت نازل فرمائی

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۱ بار

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگی والا ہے

۲ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ! حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور حضرت محمد (صلی اللہ

وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

علیہ وسلم) کی آل پر رحمت بھیج جس طرح تو نے حضرت ابراہیم

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

(علیہ السلام) پر بھیجی بے شک تو تعریف کیا گیا

مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى

بزرگی والا ہے اے اللہ! حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت نازل فرما

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

جس طرح تو نے حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر برکت نازل فرمائی

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۱ بار

